بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿ وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ [سورۃ القمر ۱۷]

"اور یقیناً ہم نے بالکل آسان بنادیا ہے اِس قرآن کو سمجھنے کیلئے تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا؟"

تین رنگوں کی مدد سے پہلی بار گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے

ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

# مصباح القرآن

www.KitaboSunnat.com

پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور - پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## معزز قارئین توجہ فرمائیں!

**کتاب وسنت ڈاٹ کام** پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب..........

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد اَپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹوکاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

## ☆ تنبیہ ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی و شرعی جرم ہے۔

**﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾**

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق بیت القرآن رجسٹرڈ محفوظ ہیں۔


| | |
|---|---|
| نام کتاب | مصباح القرآن ﴿وَقَالَ الَّذِيْنَ﴾ پارہ نمبر 19 |
| مرتب | پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر |
| کمپوزنگ و ڈیزائننگ | محمد اکرم محمدی ، مدثر بن یوسف حجازی<br>حافظ سعید عمران ، قاری مبشر رشید مجاہد |
| اشاعت اول | جولائی 2012 |
| پبلشر | "بیت القرآن" پاکستان |
| ہدیہ | 70 روپے |


## پبلشر نوٹ

1. ہر خاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات پر منافع وصول نہیں کرتا بلکہ اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے جو کہ صرف کتاب کی پرنٹنگ، کاغذ اور بائنڈنگ کی لاگت ہے، البتہ تاجران کتب بیت القرآن کی ریٹ لسٹ کے مطابق ہدیہ وصول کر سکتے ہیں۔
2. "بیت القرآن" کی مطبوعات منظر عام پر آئیں تو بہت سے حضرات و خواتین نے اس منفرد کام کو سراہتے ہوئے اس کار خیر میں مالی تعاون کی پیشکش کی ہے تو اس حوالے سے عرض ہے کہ ادارے سے مالی تعاون کی بجائے اس کار خیر میں شرکت کی بہترین اور واحد صورت یہ ہے کہ آپ "بیت القرآن" کی مطبوعہ کتب خرید کر لوگوں میں تقسیم فرمائیں۔ جزاکم اللہ خیرا۔

## سرٹیفکیٹ تصحیح

الحمد للہ میں نے قرآن مجید کے اس پارے کے تمام متن کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے، میں پورے وثوق سے تصدیق کرتا ہوں کہ اب اس پارے کے متن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہے، تاہم انسان غلطی سے مبرا نہیں ہو سکتا، اس لیے اگر آپ کو اس کلام مجید میں کوئی غلطی نظر آئے تو وہ سہواً ہوئی ہے، آپ ہمیں اطلاع دیں، ہم فوراً اسے درست کریں گے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

محمد رستم خان
رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پاکستان


برائے رابطہ ہیڈ آفس

بیت القرآن

پوسٹ بکس نمبر 150، جی پی او، لاہور، پاکستان۔
فون: 111 737 111-042 ایکسٹینشن 115
فیکس 111 737 111-042 ایکسٹینشن 111
ویب سائٹ www.bait-ul-quran.org
ای میل info@bait-ul-quran.org



سیل پوائنٹ اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے
فسٹ فلور، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔
فون: 042-7320318 فیکس: 042-7239884

فضلی بک سپر مارکیٹ
نزد ریڈیو پاکستان، اُردو بازار، کراچی۔
فون: 021-2629724 فیکس: 021-2633887

# "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیش نظر "مصباح القرآن" میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1 ایک صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم ان الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم وبیش 65 فیصد ہیں۔ ان الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ان کے اردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کردی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور اردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث بار بار سُن کر یاد ہو جاتے ہیں انکے متعلق بہت فکرمندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً 20 فیصد ہیں اور انہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ ان میں سے اکثر الفاظ بنیادی طور پر علامتیں ہیں جو کہ آپ "مفتاح القرآن" میں پڑھ چکے ہیں۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہمارے لئے بالکل نئے ہیں، انہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً 15 فیصد ہیں اور انکو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔ اس صفحہ کے قرآنی الفاظ کا ترجمہ لفظی اور بامحاورہ ملا جلا کیا گیا ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں انہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر صرف سرخ الفاظ یاد کر لئے جائیں، سیاہ الفاظ کے اردو میں استعمال پر غور کرلیا جائے اور نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہونے سے خود بخود یاد ہو جاتے ہیں، تو قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جاتا ہے۔

2 سامنے والے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو دوبارہ الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات "مفتاح القرآن" میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر "مصباح القرآن" کے مطالعہ سے قبل ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔

| | |
|---|---|
| وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا | اور کہا (ان لوگوں نے) جو اُمید نہیں رکھتے ہماری ملاقات کی |
| لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ | کیوں نہیں اُتارے گئے ہم پر فرشتے |
| اَوْ نَرٰى رَبَّنَا ؕ | یا ہم دیکھتے اپنے رب کو |
| لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ | بلاشبہ یقیناً انہوں نے تکبر کیا اپنے دلوں میں |
| وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ﴿21﴾ | اور سرکشی اختیار کی بہت بڑی سرکشی ۔﴿21﴾ |
| يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ | جس دن وہ دیکھیں گے فرشتوں کو |
| لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ | کوئی خوشخبری نہیں ہوگی اس دن مجرموں کے لیے |
| وَيَقُوْلُوْنَ | اور وہ (فرشتے) کہیں گے (اب تم پر) |
| حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿22﴾ | ممنوع ہے (جنت، رحمت، خوشی وراحت) بالکل ممنوع ۔﴿22﴾ |
| وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا | اور ہم آئیں گے اس کی طرف جو |
| عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ | انہوں نے کوئی عمل کیا ہوگا ۔ |
| فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿23﴾ | تو ہم بنادیں گے اسے بکھرا ہوا غبار ۔﴿23﴾ |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت ۔ | اسْتَكْبَرُوْا : کبیر، اکبر، مکبر، تکبر ۔ |
| قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں ۔ | اَنْفُسِهِمْ : نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس ۔ |
| يَرْجُوْنَ : اُمید ورجا، بیم ورجا ۔ | يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت ۔ |
| لِقَآءَنَا : ملاقات، ملاقاتی حضرات ۔ | بُشْرٰى : بشارت، مبشر، بشیر ۔ |
| اُنْزِلَ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ ۔ | لِّلْمُجْرِمِيْنَ : جرم، مجرم، جرائم پیشہ افراد ۔ |
| عَلَيْنَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم ۔ | قَدِمْنَآ : مقدم، مقدمہ، تقدیم، قدم ۔ |
| الْمَلٰٓئِكَةُ : ملک الموت، ملائکہ ۔ | اِلٰى : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر ۔ |
| نَرٰى : رؤیت باری تعالیٰ، رؤیت ہلال ۔ | مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت ۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | لَا | يَرْجُوْنَ | لِقَآءَنَا |
| اور | کہا | جو | نہیں | وہ سب اُمید رکھتے | ہماری ملاقات |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوْلَآ ① | اُنْزِلَ ② | عَلَيْنَا | الْمَلٰٓئِكَةُ ③ | اَوْ | نَرٰى | رَبَّنَا ط |
| کیوں نہیں | نازل کیے گئے | ہم پر | فرشتے | یا | ہم دیکھتے | اپنے رب (کو) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَقَدِ | اسْتَكْبَرُوْا | فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ | وَ | عَتَوْ ④ |
| بلا شبہ یقیناً | ان سب نے تکبر کیا | اپنے دلوں میں | اور | ان سب نے سرکشی اختیار کی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عُتُوًّا | كَبِيْرًا (21) | يَوْمَ | يَرَوْنَ | الْمَلٰٓئِكَةَ ③ |
| سرکشی | بہت بڑی | جس دن | وہ سب دیکھیں گے | فرشتوں (کو) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَا بُشْرٰى | يَوْمَئِذٍ | لِّلْمُجْرِمِيْنَ | وَ | يَقُوْلُوْنَ |
| کوئی خوشخبری نہیں | اس دن | سب مجرموں کے لیے | اور | وہ سب کہیں گے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حِجْرًا ⑤ | مَّحْجُوْرًا (22) | وَ | قَدِمْنَآ | اِلٰى |
| ممنوع | بالکل ممنوع | اور | ہم آئیں گے | (اس کی) طرف |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَا | عَمِلُوْا | مِنْ عَمَلٍ | فَجَعَلْنٰهُ | هَبَآءً | مَّنْثُوْرًا (23) |
| جو | ان سب نے کیا | کسی عمل سے | تو ہم بنا دیں گے اسے | غبار | بکھرا ہوا |

ضروری وضاحت

① لَوْلَا کے بعد فعل ہو تو اس کا ترجمہ کیوں نہیں ہوتا ہے۔ ② فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ یہاں ۃ واحد مؤنث کی نہیں بلکہ جمع کیلئے ہے۔ ④ عَتَوْ قرآنی کتابت میں "ا" نہیں ہے۔ ⑤ حِجْر روک دینے کو کہتے ہیں اور مَحْجُوْرًا تاکید کیلئے آیا ہے یعنی فرشتے مجرموں سے کہیں گے آج تم سے مسرت، کامیابی اور رحمت روک دی گئی ہے یا یہ کلمہ مجرم فرشتوں سے ڈرتے ہوئے خود کہیں گے (اللہ کی پناہ) کیونکہ عرب عموماً کسی سخت آفت کے آنے پر یہ محاورہ استعمال کرتے تھے جیسے ہم کہتے ہیں (اے اللہ بچائیو)۔

| | |
|---|---|
| اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَىٕذٍ | جنت والے اس دن |
| خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا | بہتر ہوں گے ٹھکانے کے اعتبار سے |
| وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا ﴿24﴾ | اور بہت اچھے ہوں گے آرام گاہ کے اعتبار سے۔﴿24﴾ |
| وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ | اور جس دن آسمان پھٹ جائے گا بادلوں کیساتھ |
| وَنُزِّلَ الْمَلٰٓىِٕكَةُ تَنْزِيْلًا ﴿25﴾ | اور اُتارے جائیں گے فرشتے (مسلسل) اُتارنا۔﴿25﴾ |
| اَلْمُلْكُ يَوْمَىٕذِ ِۨالْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ؕ | حقیقی بادشاہی اس دن رحمان کی ہوگی |
| وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ﴿26﴾ | اور ہوگا (وہ) دن کافروں پر بہت سخت۔﴿26﴾ |
| وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ | اور جس دن دانتوں سے کاٹے گا ظالم اپنے ہاتھوں کو |
| يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِى اتَّخَذْتُ | کہے گا اے کاش میں اختیار کرتا |
| مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿27﴾ يٰوَيْلَتٰى | رسول کے ساتھ راستہ۔﴿27﴾ ہائے بربادی |
| لَيْتَنِىْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿28﴾ | کاش میں نہ بناتا فلاں کو دلی دوست۔﴿28﴾ |
| لَقَدْ اَضَلَّنِىْ عَنِ الذِّكْرِ | بلاشبہ یقیناً اس نے مجھے گمراہ کردیا (اس) ذکر (یعنی قرآن) سے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَصْحٰبُ | صاحب، صحابی، صحابہ۔ | نُزِّلَ | نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔ |
| يَوْمَىٕذٍ | یوم، ایام، یوم آخرت۔ | اَلْمُلْكُ | ملک، ملوکیت، مملکت، ملکی حالات۔ |
| خَيْرٌ | خیر، خیریت، خیرخواہی، صبح بخیر۔ | عَلٰى | علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ |
| مُّسْتَقَرًّا | قول وقرار۔ | يَدَيْهِ | ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔ |
| اَحْسَنُ | حسن، محسن، تحسین۔ | يَقُوْلُ | قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| مَقِيْلًا | قیلولہ۔ | اتَّخَذْتُ | اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔ |
| تَشَقَّقُ | شق قمر، واقعہ شق صدر۔ | سَبِيْلًا | فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔ |
| السَّمَآءُ | کتب سماویہ، ارض وسماء۔ | اَضَلَّنِىْ | ضلالت وگمراہی۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ① | يَوْمَئِذٍ | خَيْرٌ | مُّسْتَقَرًّا | وَّ | اَحْسَنُ ② |
| جنت والے | اس دن | بہتر | ٹھکانا | اور | بہت اچھے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَقِيْلًا ﴿24﴾ | وَ | يَوْمَ | تَشَقَّقُ ①③ | السَّمَآءُ | بِالْغَمَامِ | وَ |
| آرام گاہ | اور | (جس) دن | پھٹ جائے گا | آسمان | بادلوں کیساتھ | اور |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نُزِّلَ ④ | الْمَلٰٓئِكَةُ ⑤ | تَنْزِيْلًا ﴿25﴾ | اَلْمُلْكُ | يَوْمَئِذِ | الْحَقُّ |
| نازل کیے جائیں گے | فرشتے | اتارنا | بادشاہی | اس دن | حقیقی |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلرَّحْمٰنِ ⑥ ط | وَ | كَانَ ⑦ | يَوْمًا | عَلَى الْكٰفِرِيْنَ | عَسِيْرًا ⑧ ﴿26﴾ | وَيَوْمَ |
| رحمان کی | اور | ہوگا | دن | سب کافروں پر | بہت سخت | اور (جس) دن |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَعَضُّ | الظَّالِمُ | عَلٰى يَدَيْهِ | يَقُوْلُ | يٰلَيْتَنِي | اتَّخَذْتُ |
| وہ دانتوں سے کاٹے گا | ظالم | اپنے ہاتھوں پر | وہ کہے گا | اے کاش میں | میں اختیار کرتا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَعَ الرَّسُوْلِ | سَبِيْلًا ﴿27﴾ | يٰوَيْلَتٰى | لَيْتَنِي | لَمْ | اَتَّخِذْ |
| رسول کے ساتھ | راستہ | ہائے بربادی | کاش میں | نہ | میں بناتا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فُلَانًا | خَلِيْلًا ﴿28﴾ | لَقَدْ | اَضَلَّنِي | عَنِ الذِّكْرِ |
| فلاں (کو) | دلی دوست | بلاشبہ یقیناً | اس نے گمراہ کر دیا مجھے | ذکر سے |

## ضروری وضاحت

① ۃ اور تْ واحد مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔ ③ تَشَقَّقُ اصل میں تَتَشَقَّقُ تھا ایک تَ تخفیف کے لیے گرادی گئی ہے۔ ④ نُزِّلَ کا اصل ترجمہ نازل کیا گیا ہے یہاں ضرورتاً "کیے جائیں گے" ہوا ہے۔ ⑤ یہاں ۃ واحد مؤنث کی علامت نہیں بلکہ جمع کیلئے ہے۔ ⑥ لِ اسم کے شروع میں ہو تو ترجمہ کیلئے یا کا، کی، کے، کو ہوتا ہے۔ ⑦ كَانَ کا ترجمہ تھا یا ہے ہوتا ہے ضرورتاً یہاں ترجمہ ہوگا کیا گیا ہے۔ ⑧ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| بَعْدَ اِذْ جَآءَنِيْ ؕ | اس کے بعد کہ جب وہ آیا میرے پاس |
| وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ | اور ہے شیطان انسان کو |
| خَذُوْلًا ﴿29﴾ | (عین موقعہ پر) چھوڑ جانے والا (یعنی دغا دینے والا ہے)۔﴿29﴾ |
| وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ | اور رسول عرض کریں گے اے میرے رب بیشک |
| قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ﴿30﴾ | میری قوم نے بنا رکھا تھا اس قرآن کو چھوڑا ہوا۔﴿30﴾ |
| وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ | اور اسی طرح ہم نے بنایا ہر نبی کے لیے |
| عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ | ایک دشمن مجرموں میں سے، اور کافی ہے آپ کا رب |
| هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ﴿31﴾ وَقَالَ | ہدایت دینے والا اور مدد کرنے والا۔﴿31﴾ اور کہا |
| الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ | (ان لوگوں نے) جنہوں نے کفر کیا کیوں نہیں اُتارا گیا اس پر |
| الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۛ كَذٰلِكَ ۛ | قرآن اکٹھا ایک ہی بار، اسی طرح (ہم نے اتارا) |
| لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ | تاکہ ہم مضبوط بنائیں اس کے ذریعے آپ کے دل کو |
| وَرَتَّلْنٰهُ | اور ہم نے ٹھہر ٹھہر کر پڑھا اسے |

معٰ 7

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| قَالَ | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | هَادِيًا | : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔ |
| اتَّخَذُوْا | : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔ | نَصِيْرًا | : نصرت، ناصر، نصیر، انصار۔ |
| هٰذَا | : حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔ | لَا | : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ |
| كَذٰلِكَ | : کماحقہ، کالعدم۔ | نُزِّلَ | : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔ |
| لِكُلِّ | : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔ | عَلَيْهِ | : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ |
| عَدُوًّا | : عدوّ، اعداء، عداوت۔ | جُمْلَةً | : جملہ، جملہ احکام۔ |
| مِّنَ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | لِنُثَبِّتَ | : ثابت قدم، ثبوت، اثبات، مثبت۔ |
| كَفٰى | : کافی، ناکافی، کفایت۔ | رَتَّلْنٰهُ | : تجوید و ترتیل۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْدَ | اِذْ | جَآءَنِیْ ① ط | وَ | كَانَ | الشَّیْطٰنُ | لِلْاِنْسَانِ |
| اس کے بعد | جب | وہ آیا میرے پاس | اور | ہے | شیطان | انسان کو |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خَذُوْلًا ﴿29﴾ | وَ | قَالَ | الرَّسُوْلُ ② | یٰرَبِّ ③ | اِنَّ | قَوْمِی |
| چھوڑ جانے والا | اور | کہا | رسول | اے (میرے) رب | بیشک | میری قوم |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّخَذُوْا | هٰذَا | الْقُرْاٰنَ | مَهْجُوْرًا ④ ﴿30﴾ | وَ | كَذٰلِكَ | جَعَلْنَا |
| انہوں نے بنایا | اس | قرآن (کو) | چھوڑا ہوا | اور | اسی طرح | ہم نے بنایا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لِكُلِّ نَبِیٍّ | عَدُوًّا | مِّنَ الْمُجْرِمِیْنَ ط | وَ | كَفٰی | بِرَبِّكَ ⑤ |
| ہر نبی کے لیے | ایک دشمن | مجرموں میں سے | اور | کافی ہے | آپ کا رب |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| هَادِیًا | وَّ | نَصِیْرًا ⑥ ﴿31﴾ | وَ | قَالَ | الَّذِیْنَ | كَفَرُوْا |
| ہدایت دینے والا | اور | بہت مدد کرنے والا | اور | کہا | جن | سب نے کفر کیا |

مع 7

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوْلَا ⑦ | نُزِّلَ ⑧ | عَلَیْهِ | الْقُرْاٰنُ | جُمْلَةً | وَّاحِدَةً ج | كَذٰلِكَ ج |
| کیوں نہیں | اتارا گیا | اس پر | قرآن | اکٹھا | ایک ہی بار | اسی طرح |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لِنُثَبِّتَ | بِهٖ | فُؤَادَكَ | وَ | رَتَّلْنٰهُ |
| تاکہ ہم مضبوط بنائیں | اس کے ذریعے | آپ کا دل | اور | ہم نے ٹھہر ٹھہر کر پڑھا اسے |

### ضروری وضاحت

① فعل کے ساتھ اگر ی آئے تو درمیان میں نِ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔② فعل کے بعد ایسا اسم جس پر پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔③ یٰرَبِّ اصل میں یا رَبِّیْ تھا تخفیف کے لیے ی گر گئی ہے۔④ مَفْعُوْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کیا گیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ علامت بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑥ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ لَوْلَا کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں کیا جاتا ہے۔⑧ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| تَرْتِيْلًا ﴿32﴾ | خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا۔﴿32﴾ |
| وَلَا يَأْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ | اور نہیں وہ لاتے آپکے پاس کوئی مثال (یعنی کوئی نیا اعتراض) |
| اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ | مگر (یہ کہ) ہم لے آتے ہیں آپ کے پاس حق کو |
| وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ﴿33﴾ | اور بہت اچھی توجیہ (بیان کردیتے ہیں)۔﴿33﴾ |
| اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ | (وہ لوگ) جو اکٹھے کیے جائیں گے |
| عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ | اپنے چہروں کے بل جہنم کی طرف |
| اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا | وہی لوگ بدترین ہیں ٹھکانے کے لحاظ سے |
| وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿34﴾ | اور بہت گمراہ ہیں راستے کے اعتبار سے۔﴿34﴾ |
| وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ | اور بلاشبہ یقیناً ہم نے دی موسیٰؑ کو کتاب |
| وَجَعَلْنَا مَعَهٗٓ اَخَاهُ | اور ہم نے بنایا اس کے ساتھ اس کے بھائی |
| هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ﴿35﴾ | ہارون کو بوجھ بٹانے والا (یعنی مددگار بنایا)۔﴿35﴾ |
| فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ | تو ہم نے کہا تم دونوں جاؤ (اس) قوم کی طرف |

ع 14 1

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| بِمَثَلٍ | مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔ | شَرٌّ | خیر و شر، شریر، شرارت۔ |
| اِلَّا | الّا ماشاء اللہ، الّا قلیل، الّا یہ کہ۔ | مَّكَانًا | کون و مکان، مکانات۔ |
| اَحْسَنَ | بطریقِ اَحسن، حسن، محسن، تحسین۔ | اَضَلُّ | ضلالت و گمراہی۔ |
| تَفْسِيْرًا | تفسیر، مفسر، تفاسیر۔ | مَعَهٗٓ | مع اہل و عیال، معیت۔ |
| يُحْشَرُوْنَ | حشر، روزِ محشر، حشر و نشر۔ | اَخَاهُ | اخوت، مؤاخات۔ |
| عَلٰى | علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | وَزِيْرًا | وزیر، وزارت، وزراء۔ |
| وُجُوْهِهِمْ | وجہ، متوجہ، توجہ، علیٰ وجہ البصیرت۔ | فَقُلْنَا | قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| اِلٰى | مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ | اِلَى | مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ |

| تَرْتِيْلًا ﴿32﴾ | وَ | لَا | يَأْتُوْنَكَ | بِمَثَلٍ ① | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|
| خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا | اور | نہیں | وہ سب لاتے آپکے پاس | کسی مثال کو | مگر |

| جِئْنٰكَ | بِالْحَقِّ | وَ | اَحْسَنَ ② | تَفْسِيْرًا ﴿33﴾ ط |
|---|---|---|---|---|
| ہم لے آتے ہیں آپ کے پاس | حق کو | اور | بہت اچھی | توجیہ |

| اَلَّذِيْنَ | يُحْشَرُوْنَ ③ | عَلٰى وُجُوْهِهِمْ | اِلٰى جَهَنَّمَ لا |
|---|---|---|---|
| (وہ لوگ) جو | وہ سب اکٹھے کیے جائیں گے | اپنے چہروں کے بل | جہنم کی طرف |

ع 3 / 14 / 1

| اُولٰٓئِكَ | شَرٌّ | مَّكَانًا ④ | وَّ | اَضَلُّ ② | سَبِيْلًا ﴿34﴾ ④ ع |
|---|---|---|---|---|---|
| وہی (لوگ) | بدترین | ٹھکانے (کے لحاظ سے) | اور | بہت گمراہ | راستے (کے اعتبار سے) |

| وَ | لَقَدْ ⑤ | اٰتَيْنَا ⑥ | مُوْسَى | الْكِتٰبَ |
|---|---|---|---|---|
| اور | بلاشبہ یقیناً | ہم نے دی | موسیٰ (کو) | کتاب |

| وَ | جَعَلْنَا ⑥ | مَعَهٗٓ | اَخَاهُ | هٰرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| اور | ہم نے بنایا | اس کے ساتھ | اس کے بھائی | ہارون (کو) |

| وَزِيْرًا ﴿35﴾ ج | فَقُلْنَا ⑥ | اذْهَبَآ ⑦ | اِلَى الْقَوْمِ |
|---|---|---|---|
| بوجھ بٹانے والا | تو ہم نے کہا | دونوں جاؤ | (اس) قوم کی طرف |

## ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔② اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔③ اگر یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔④ بعض اوقات ایسے اسم میں جس کے آخر میں دو زبر ہوں "کے لحاظ سے یا کے اعتبار سے" کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔⑥ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑦ فعل کے آخر میں "ا" میں عموماً دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ | جنہوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو |
| فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ﴿36﴾ | تو ہم نے ہلاک کر دیا انہیں بری طرح ہلاک کرنا۔﴿36﴾ |
| وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ | اور نوح کی قوم کو (بھی) جب انہوں نے رسولوں کو جھٹلایا |
| اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ | (تو) ہم نے غرق کر دیا انہیں اور ہم نے بنا دیا انہیں |
| لِلنَّاسِ اٰيَةً ؕ وَاَعْتَدْنَا | لوگوں کیلئے ایک نشانی اور ہم نے تیار کر رکھا ہے |
| لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿37﴾ ۚۖ | ظالموں کے لیے ایک دردناک عذاب۔﴿37﴾ |
| وَّعَادًا وَّثَمُوْدَاۡ | اور (اسی طرح ہم نے ہلاک کر دیا) عاد اور ثمود کو |
| وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ | اور کنویں والوں کو |
| وَقُرُوْنًا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ﴿38﴾ | اور (ہلاک کر دیا) اسکے درمیان بہت سی (دیگر) قوموں کو۔﴿38﴾ |
| وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ۫ | اور ہر ایک (قوم) ہم نے بیان کیں اس کے لیے مثالیں |
| وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ﴿39﴾ | اور ہر ایک کو ہم نے تباہ کیا بری طرح تباہ کرنا۔﴿39﴾ |
| وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ | اور بلاشبہ یقیناً وہ آ (یعنی گزر) چکے ہیں (اس) بستی پر |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| كَذَّبُوْا : کذب بیانی، کذاب، کاذب۔ | ثَمُوْدَاْ : قومِ ثمود۔ |
| بِاٰيٰتِنَا : آیت، آیات قرآنی۔ | اَصْحٰبَ : صاحب، صحابی، صحابہ۔ |
| قَوْمَ : قوم، اقوام، قومیت، من حیث القوم۔ | بَيْنَ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ |
| الرُّسُلَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ | كَثِيْرًا : کثرت، اکثر، کثیر۔ |
| اَغْرَقْنٰهُمْ : غرق، غرقاب، مستغرق۔ | كُلًّا : کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔ |
| لِلنَّاسِ : عوام الناس۔ | وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔ |
| اَلِيْمًا : المناک حادثہ، عذاب الیم، رنج والم۔ | عَلَى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ |
| عَادًا : قومِ عاد۔ | الْقَرْيَةِ : قریہ قریہ بستی بستی، ام القریٰ۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا ؕ① | فَدَمَّرْنٰهُمْ ② | تَدْمِيْرًا ③ ؕ (36) |
| جن | سب نے جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | تو ہم نے ہلاک کردیا انہیں | (بری طرح) ہلاک کرنا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَوْمَ نُوْحٍ | لَّمَّا | كَذَّبُوا | الرُّسُلَ ④ | اَغْرَقْنٰهُمْ ② |
| اور | نوح کی قوم | جب | ان سب نے جھٹلایا | رسولوں (کو) | ہم نے غرق کردیا انہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَعَلْنٰهُمْ ② | لِلنَّاسِ | اٰيَةً ؕ⑤⑥ | وَ | اَعْتَدْنَا ② |
| اور | ہم نے بنادیا انہیں | لوگوں کے لیے | ایک نشانی | اور | ہم نے تیار کررکھا ہے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلظّٰلِمِيْنَ | عَذَابًا ⑥ | اَلِيْمًا ۚ (37) | وَّ | عَادًا | وَّ | ثَمُوْدَاۡ |
| سب ظالموں کے لیے | ایک عذاب | دردناک | اور | عاد (کو) | اور | ثمود (کو) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَصْحٰبَ الرَّسِّ | وَ | قُرُوْنًا | بَيْنَ ذٰلِكَ | كَثِيْرًا (38) |
| اور | کنویں والوں (کو) | اور | قوموں (کو) | اسکے درمیان | بہت سی |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَكُلًّا | ضَرَبْنَا ② | لَهُ | الْاَمْثَالَ ؗ ④ | وَ | كُلًّا | تَبَّرْنَا ② |
| اور ہر ایک | ہم نے بیان کیں | اس کی | مثالیں | اور | ہر ایک (کو) | ہم نے تباہ کیا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| تَتْبِيْرًا ③ (39) | وَ | لَقَدْ ⑦ | اَتَوْا | عَلَى الْقَرْيَةِ |
| (بری طرح) تباہ کرنا | اور | بلاشبہ یقیناً | یہ سب آچکے ہیں | بستی پر |

### ضروری وضاحت

① بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ اور کبھی بسبب، بوجہ کیا جاتا ہے۔② علامت نَا سے پہلے اگر سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔③ یہ گزرے ہوئے فعل کا مصدر ہے جو تاکید کے لیے آیا ہے۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑤ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥ اسم کے آخر پر ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔⑦ لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔

| | |
|---|---|
| الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ؕ | جس پر برسائی گئی بری بارش |
| اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ | تو کیا نہیں تھے وہ دیکھا کرتے اسے |
| بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ﴿40﴾ | بلکہ وہ اُمید نہیں رکھتے تھے دوبارہ (جی) اُٹھنے کی۔ ﴿40﴾ |
| وَاِذَا رَاَوْكَ | اور جب وہ دیکھتے ہیں آپ کو |
| اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا | نہیں بناتے آپ کو مگر مذاق (کہتے ہیں) کیا یہی ہے |
| الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ﴿41﴾ | جسے اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہے۔ ﴿41﴾ |
| اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا | بے شک قریب تھا ضرور وہ گمراہ کر دیتا ہمیں |
| عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ؕ | ہمارے معبودوں سے اگر یہ نہ ہوتا کہ ہم جمے رہے ان پر |
| وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ | اور آگے چل کر جان لیں گے جب وہ دیکھیں گے عذاب کو |
| مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿42﴾ | (کہ) کون زیادہ گمراہ ہے راستے کے اعتبار سے۔ ﴿42﴾ |
| اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ | کیا تو نے دیکھا (اس شخص کو) جس نے بنا لیا اپنا معبود |
| هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ | اپنی خواہش کو، تو کیا آپ ہو سکتے ہیں |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| السَّوْءِ | علماءِ سوء، سوءِ ظن۔ | هٰذَا | حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔ |
| يَرَوْنَهَا | رؤیت باری تعالیٰ، رؤیت ہلال۔ | بَعَثَ | بعثت، مبعوث۔ |
| يَرْجُوْنَ | اُمید و رجا، بیم و رجا۔ | لَيُضِلُّنَا | ضلالت و گمراہی۔ |
| نُشُوْرًا | حشر و نشر۔ | اٰلِهَتِنَا | الٰہ العالمین، الوہیت، رضائے الٰہی۔ |
| وَ | شیر و شکر، رنج و الم، سحر و افطار۔ | لَآ | لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ |
| يَتَّخِذُوْنَكَ | اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔ | يَرَوْنَ | رؤیت باری تعالیٰ، رؤیت ہلال۔ |
| اِلَّا | الّا ماشاءاللہ، الّا قلیل، الّا یہ کہ۔ | اَضَلُّ | ضلالت و گمراہی۔ |
| هُزُوًا | استہزاء کرنا۔ | اتَّخَذَ | اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الَّتِيْٓ | اُمْطِرَتْ ①② | مَطَرَ السَّوْءِ ؕ | اَ | فَلَمْ | يَكُوْنُوْا |
| جو | وہ برسائی گئی | بری بارش | کیا | پس نہیں | وہ سب تھے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَرَوْنَهَا ③ ج | بَلْ | كَانُوْا | لَا يَرْجُوْنَ | نُشُوْرًا (40) | وَ | اِذَا |
| وہ سب دیکھا کرتے اسے | بلکہ | سب تھے | نہیں وہ سب امید رکھتے | دوبارہ (جی) اٹھنا | اور | جب |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رَاَوْكَ | اِنْ ④ | يَّتَّخِذُوْنَكَ | اِلَّا | هُزُوًا ؕ | اَ | هٰذَا |
| وہ سب دیکھیں آپ کو | نہیں | وہ سب بناتے آپ کو | مگر | مذاق | کیا | یہ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْ | بَعَثَ | اللّٰهُ | رَسُوْلًا (41) | اِنْ ⑤ | كَادَ | لَيُضِلُّنَا |
| جسے | بھیجا ہے | اللہ (نے) | رسول (بنا کر) | بیشک | قریب تھا | ضرور وہ گمراہ کر دیتا ہمیں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ اٰلِهَتِنَا | لَوْلَآ ⑥ | اَنْ | صَبَرْنَا | عَلَيْهَا ؕ | وَسَوْفَ | يَعْلَمُوْنَ |
| ہمارے معبودوں سے | اگر نہ | کہ | ہم جمے رہے | ان پر | اور عنقریب | وہ سب جان لیں گے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حِيْنَ | يَرَوْنَ ③ | الْعَذَابَ | مَنْ | اَضَلُّ ⑦ | سَبِيْلًا (42) |
| جب | وہ سب دیکھیں گے | عذاب | کون | زیادہ گمراہ | راستہ (کے لحاظ سے) |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَ | رَءَيْتَ | مَنِ | اتَّخَذَ | اِلٰهَهٗ | هَوٰىهُ ؕ | اَفَاَنْتَ | تَكُوْنُ |
| کیا | تونے دیکھا | جس نے | بنالیا | اپنا معبود | اپنی خواہش (کو) | تو کیا آپ | آپ ہوسکتے ہیں |

### ضروری وضاحت

①فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔② تْ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ یَرَوْنَ اصل میں یَرْءَیُوْنَ تھا پڑھنے میں آسانی کیلئے کچھ حروف گرائے گئے ہیں۔④ یہاں اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔⑤ اِنْ دراصل اِنَّ تھا تخفیف کے لیے یہ اِنْ استعمال ہوا ہے۔⑥ لَوْلَآ کے متصل بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ہوتا ہے ورنہ اگر نہ ترجمہ کیا جاتا ہے۔⑦ اَضَلُّ کے اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

| | |
|---|---|
| عَلَيۡهِ وَكِيۡلًا ۙ﴿43﴾ اَمۡ تَحۡسَبُ | اس پر نگہبان۔﴿43﴾ کیا آپ (یہ) گمان کرتے ہیں |
| اَنَّ اَكۡثَرَهُمۡ يَسۡمَعُوۡنَ اَوۡ يَعۡقِلُوۡنَ ؕ | کہ بے شک ان کے اکثر سنتے ہیں یا سمجھتے ہیں |
| اِنۡ هُمۡ اِلَّا كَالۡاَنۡعَامِ بَلۡ هُمۡ | نہیں ہیں وہ سب مگر چوپاؤں کی طرح بلکہ وہ سب |
| اَضَلُّ سَبِيۡلًا ﴿44﴾ ع | (ان سے بھی) زیادہ گمراہ ہیں راستے کے اعتبار سے۔﴿44﴾ |
| اَلَمۡ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ | کیا نہیں آپ نے دیکھا اپنے رب (کی قدرت) کی طرف |
| كَيۡفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ | (کہ) کیسے اس نے پھیلا دیا سائے کو |
| وَلَوۡ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ | اور اگر وہ چاہتا ضرور کر دیتا اسے ساکن، پھر |
| جَعَلۡنَا الشَّمۡسَ عَلَيۡهِ دَلِيۡلًا ۙ﴿45﴾ | ہم نے بنایا سورج کو اس پر دلالت کرنے والا۔﴿45﴾ |
| ثُمَّ قَبَضۡنٰهُ اِلَيۡنَا | پھر ہم نے سمیٹ لیا اسے اپنی طرف |
| قَبۡضًا يَّسِيۡرًا ﴿46﴾ وَهُوَ الَّذِىۡ جَعَلَ | آہستہ آہستہ سمیٹنا۔﴿46﴾ اور (اللہ) وہی ہے جس نے بنایا |
| لَكُمُ الَّيۡلَ لِبَاسًا وَّالنَّوۡمَ سُبَاتًا | تمہارے لیے رات کو لباس (پردہ) اور نیند کو آرام (بنادیا) |
| وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوۡرًا ﴿47﴾ | اور بنایا دن کو اٹھ کھڑے ہونے کا وقت۔﴿47﴾ |

ع 4/10 2

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَلَيۡهِ | علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | سَبِيۡلًا | فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔ |
| وَكِيۡلًا | وکیل، وکالت، موکّل۔ | مَدَّ | مد، بڑی مد، چھوٹی مد۔ |
| اَكۡثَرَ | کثرت، اکثر، کثیر۔ | الظِّلَّ | ظل سبحانی، ظل ہما۔ |
| يَسۡمَعُوۡنَ | سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔ | شَآءَ | ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔ |
| يَعۡقِلُوۡنَ | عقل، عاقل، معقول۔ | قَبَضۡنٰهُ | قابض، قبضہ، مقبوضہ۔ |
| اِلَّا | الّا ماشاء اللہ، الّا قلیل، الّا یہ کہ۔ | اِلَيۡنَا | مکتوب الیہ، مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔ |
| كَالۡاَنۡعَامِ | عوام کالانعام۔ | يَّسِيۡرًا | میسّر۔ |
| بَلۡ | بلکہ۔ | نُشُوۡرًا | حشر و نشر۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيۡهِ | وَكِيۡلًا ۙ﴿43﴾ | اَمۡ ① | تَحۡسَبُ | اَنَّ | اَكۡثَرَهُمۡ | يَسۡمَعُوۡنَ |
| اس پر | نگہبان | کیا | آپ گمان کرتے ہیں | کہ بیشک | ان کے اکثر | وہ سب سنتے ہیں |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوۡ | يَعۡقِلُوۡنَ ؕ | اِنۡ ② | هُمۡ | اِلَّا | كَالۡاَنۡعَامِ | بَلۡ | هُمۡ | اَضَلُّ ③ |
| یا | وہ سب سمجھتے ہیں | نہیں | وہ | مگر | چوپاؤں کی طرح | بلکہ | وہ | زیادہ گمراہ |

ع 4 10 2

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبِيۡلًا ﴿44﴾ ع ④ | اَ | لَمۡ | تَرَ | اِلٰى رَبِّكَ | كَيۡفَ | مَدَّ | الظِّلَّ ۚ ⑤ |
| راستہ (کے لحاظ سے) | کیا | نہیں | آپ نے دیکھا | اپنے رب کی طرف | کیسے | اس نے پھیلادیا | سایہ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَوۡ | شَآءَ | لَجَعَلَهٗ | سَاكِنًا ۚ | ثُمَّ | جَعَلۡنَا ⑥ | الشَّمۡسَ ⑤ |
| اور اگر | وہ چاہے | ضرور کردے اسے | ساکن | پھر | ہم نے بنایا | سورج |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيۡهِ | دَلِيۡلًا ۙ﴿45﴾ | ثُمَّ | قَبَضۡنٰهُ ⑥ | اِلَيۡنَا | قَبۡضًا ⑦ |
| اس پر | دلالت کرنے والا | پھر | ہم نے سمیٹ لیا اسے | اپنی طرف | سمیٹنا |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّسِيۡرًا ﴿46﴾ ⑧ | وَ | هُوَ | الَّذِىۡ | جَعَلَ | لَكُمُ | الَّيۡلَ ⑤ | لِبَاسًا |
| آہستہ آہستہ | اور | وہ | جس نے | بنایا | تمہارے لیے | رات (کو) | لباس |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَّالنَّوۡمَ | سُبَاتًا | وَّ | جَعَلَ | النَّهَارَ ⑤ | نُشُوۡرًا ﴿47﴾ |
| اور نیند (کو) | آرام | اور | بنایا | دن (کو) | اٹھ کھڑا ہونا |

## ضروری وضاحت

① اَمۡ کا ترجمہ کبھی یا اور کبھی کیا کیا جاتا ہے۔② اِنۡ کے بعد اسی جملے میں اِلَّا آ رہا ہو تو اِنۡ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔③ اَضَلُّ کے أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔④ اسم کے آخر میں دو زبر میں کبھی کے لحاظ سے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑥ نَا اگر فعل کے آخر میں ہو اور اس سے پہلے سکون ہو تو ترجمہ ہم نے کیا جاتا ہے۔⑦ قَبۡضًا گزرے ہوئے فعل کا مصدر ہے جو تاکید کیلئے آیا ہے۔⑧ يَسِيۡرًا کے شروع میں يَا اصل لفظ کا حصہ ہے۔

| | |
|---|---|
| وَهُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ | اور وہی ہے جس نے بھیجا ہواؤں کو |
| بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ | خوشخبری کیلئے اپنی رحمت (بارش) سے پہلے |
| وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ﴿48﴾ | اور ہم نے اتارا آسمان سے پاک پانی۔ ﴿48﴾ |
| لِّنُحْیِۦَ بِهٖ | تا کہ ہم زندہ کریں اس کے ذریعے |
| بَلْدَةً مَّيْتًا | ایک مردہ شہر کو (یعنی بنجر زمین کو تروتازہ کر دیں)، |
| وَّنُسْقِيَهٗ مِمَّا خَلَقْنَآ | اور ہم پلائیں اس (پانی) کو ان میں سے جنہیں ہم نے پیدا کیا |
| اَنْعَامًا وَّ اَنَاسِيَّ كَثِيْرًا ﴿49﴾ | (یعنی) بہت سے جانوروں اور انسانوں کو۔ ﴿49﴾ |
| وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ | اور بلاشبہ یقیناً ہم نے پھیر پھیر کر بیان کیا ہے اس (قرآن) کو |
| بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوْا ۖ فَاَبٰٓى | انکے درمیان تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں پھر (بھی) انکار کیا |
| اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿50﴾ | اکثر لوگوں نے مگر کفر کرنے یا ناشکری سے (انکار نہ کیا)۔ ﴿50﴾ |
| وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ | اور اگر ہم چاہتے ضرور ہم بھیجتے ہر بستی میں |
| نَّذِيْرًا ﴿51﴾ ۖ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ | ایک ڈرانے والا۔ ﴿51﴾ تو آپ کہنا نہ مانیں کافروں کا |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَرْسَلَ | : رسول، مرسل، ارسال، رسالت۔ | خَلَقْنَا | : خالق، مخلوق، تخلیق، خلقِ خدا۔ |
| الرِّيٰحَ | : ریح، ریح المسک، ریح بادی۔ | اَنَاسِيَّ | : جنّ وانس، انسان، انسانیت۔ |
| بُشْرًا | : بشارت، مبشر، بشیر۔ | صَرَّفْنٰهُ | : صرفِ نظر۔ |
| بَيْنَ | : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | لِيَذَّكَّرُوْا | : ذکر، تذکیر۔ |
| يَدَيْ | : ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔ | اِلَّا | : الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔ |
| اَنْزَلْنَا | : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔ | شِئْنَا | : ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔ |
| بَلْدَةً | : بلدیہ، بلدیات، طول بلد۔ | لَبَعَثْنَا | : بعثتِ انبیاء، مبعوث۔ |
| نُسْقِيَهٗ | : ساقی، ساقیٔ کوثر۔ | قَرْيَةٍ | : قریہ قریہ بستی بستی، ام القریٰ۔ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُوَ | الَّذِيْٓ | اَرْسَلَ | الرِّيٰحَ ① | بُشْرًا | بَيْنَ | يَدَيْ ② |
| اور | وہ | جس نے | بھیجا | ہوائیں | خوشخبری (کے لیے) | درمیان | ہاتھوں (کے) یعنی آگے (پہلے) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رَحْمَتِهٖ ③ ج | وَ | اَنْزَلْنَا | مِنَ السَّمَآءِ | مَآءً | طَهُوْرًا (48) لا |
| اپنی رحمت (کے) | اور | ہم نے اتارا | آسمان سے | پانی | پاک |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لِّنُحْیِۦَ | بِهٖ | بَلْدَةً ④ | مَّيْتًا | وَّ | نُسْقِيَهٗ ③ |
| تاکہ ہم زندہ کریں | اس کے ذریعے | ایک شہر | مردہ (کو) | اور | ہم پلائیں اسے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِمَّا ⑤ | خَلَقْنَآ | اَنْعَامًا | وَّ | اَنَاسِيَّ | كَثِيْرًا (49) | وَلَقَدْ ⑥ |
| (ان میں) سے جنہیں | ہم نے پیدا کیا | جانوروں | اور | انسانوں | بہت سے | اور بلاشبہ یقیناً |

| | | | |
|---|---|---|---|
| صَرَّفْنٰهُ ③ | بَيْنَهُمْ | لِيَذَّكَّرُوْا صلے | فَاَبٰٓى ⑦ |
| ہم نے پھیر پھیر کر بیان کیا ہے اسے | انکے درمیان | تاکہ وہ سب نصیحت حاصل کریں | پھر انکار کیا |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَكْثَرُ | النَّاسِ | اِلَّا | كُفُوْرًا (50) | وَ | لَوْ | شِئْنَا | لَبَعَثْنَا |
| اکثر | لوگ | مگر | کفر کرنا | اور | اگر | ہم چاہتے | ضرور ہم بھیجتے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ | نَّذِيْرًا ⑧ (51) صلے | فَلَا | تُطِعِ | الْكٰفِرِيْنَ |
| ہر بستی میں | ایک ڈرانے والا | تو نہ | آپ کہنا مانیں | کافروں کا |

### ضروری وضاحت

① فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔ ② بَيْنَ کا ترجمہ درمیان اور يَدَيْ کا ترجمہ دونوں ہاتھ یعنی
دونوں ہاتھوں کے درمیان اس سے مراد آگے (پہلے) ہے۔ ③ اسم کے ساتھ ہٗ، ہٖ کا ترجمہ اس کا، اسکی، اسکے، یا اپنا، اپنی، اپنے اور فعل
کے ساتھ اسے ہوتا ہے۔ ④ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ⑥ لَ اور قَدْ
دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ⑦ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔ ⑧ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَجَاهِدْهُمْ | اور آپ جہاد کریں ان سے |
| بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ﴿52﴾ | اس (قرآن) کے ذریعے بہت بڑا جہاد۔ ﴿52﴾ |
| وَهُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ | اور (اللہ) وہی ہے جس نے ملا دیا دو سمندروں کو |
| هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ | یہ میٹھا ہے پیاس بجھانے والا |
| وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ | اور یہ نمکین (کھارا) ہے بہت کڑوا |
| وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا | اور اس نے بنا دیا ان دونوں کے درمیان ایک پردہ |
| وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿53﴾ | اور ایک مضبوط آڑ (بندش)۔ ﴿53﴾ |
| وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا | اور وہی ہے جس نے پیدا کیا پانی سے انسان کو |
| فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ۭ | پھر اس نے بنایا اُسے نسب (والا) اور سسرال (والا)، |
| وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيْرًا ﴿54﴾ | اور ہے آپ کا رب بہت قدرت والا۔ ﴿54﴾ |
| وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ | اور وہ عبادت کرتے ہیں اللہ کے علاوہ کی |
| مَا لَا يَنْفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ۭ | جو نہ نفع دیتا ہے انہیں اور نہ نقصان دیتا ہے انہیں |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| كَبِيْرًا | کبریائی، اکبر۔ | بَشَرًا | بشر، بشری تقاضا، نور و بشر، خیر البشر۔ |
| الْبَحْرَيْنِ | بحر قلزم، بحیرۂ عرب، برّ و بحر۔ | نَسَبًا | نسبی رشتہ، حسب و نسب۔ |
| هٰذَا | حاملِ رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔ | قَدِيْرًا | قدرت، قادر، قدیر، مقدر۔ |
| بَيْنَهُمَا | بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | يَعْبُدُوْنَ | عابد، عبادت، معبود۔ |
| بَرْزَخًا | برزخ، برزخی زندگی۔ | مَا | ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔ |
| خَلَقَ | خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔ | لَا | لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ |
| مِنَ | منجانب، من و عن، من حیث القوم۔ | يَنْفَعُهُمْ | نفع، منافع، منفعت، نفع و نقصان۔ |
| الْمَآءِ | ماء الحیات، ماء اللحم۔ | يَضُرُّهُمْ | مضر صحت، ضرر رساں۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَاهِدْهُمْ | بِهٖ ① | جِهَادًا | كَبِيْرًا (52) | وَ هُوَ | الَّذِيْ |
| اور | آپ جہاد کریں ان سے | اس کے ذریعے | جہاد | بہت بڑا | اور وہ | جس نے |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَرَجَ | الْبَحْرَيْنِ ② | هٰذَا | عَذْبٌ | فُرَاتٌ | وَّ | هٰذَا | مِلْحٌ |
| ملا دیا | دو سمندر | یہ | میٹھا | پیاس بجھانے والا | اور | یہ | نمکین |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اُجَاجٌ ج | وَ | جَعَلَ | بَيْنَهُمَا | بَرْزَخًا ③ | وَّ | حِجْرًا ③ |
| بہت کڑوا | اور | اس نے بنا دیا | ان دونوں کے درمیان | ایک پردہ | اور | ایک آڑ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَّحْجُوْرًا (53) | وَ | هُوَ | الَّذِيْ | خَلَقَ | مِنَ الْمَآءِ |
| مضبوط روک | اور | وہ | جس نے | پیدا کیا | پانی سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَشَرًا ③ | فَجَعَلَهٗ | نَسَبًا ④ | وَّ | صِهْرًا ط ⑤ | وَ كَانَ |
| ایک انسان | پھر بنایا اسے | نسب | اور | سسرال | اور ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَبُّكَ | قَدِيْرًا (54) | وَ | يَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ⑥ |
| آپ کا رب | بہت قدرت والا | اور | وہ سب عبادت کرتے ہیں | اللہ کے علاوہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَا ⑦ | لَا | يَنْفَعُهُمْ ⑧ | وَ | لَا | يَضُرُّهُمْ ط ⑧ |
| جو | نہ | وہ نفع دیتا ہے انہیں | اور | نہ | وہ نقصان دیتا ہے انہیں |

### ضروری وضاحت

① بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی بسبب، بوجہ، کے ذریعے کیا جاتا ہے۔② یْنِ میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔④ نَسَبًا سے مراد وہ رشتے جو ماں باپ کی طرف سے ہوں۔⑤ صِهْرًا سے مراد بیوی کی طرف سے سسرالی رشتے ہیں۔⑥ اگر لفظ دُوْنِ سے پہلے مِنْ ہو تو اس کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔⑦ مَا کا ترجمہ کبھی کیا کبھی نہیں اور کبھی جو کیا جاتا ہے۔⑧ هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ انہیں کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَكَانَ الْكَافِرُ | اور ہے کافر (ہمیشہ) |
| عَلٰى رَبِّهٖ ظَهِيْرًا ﴿55﴾ | اپنے رب کے خلاف (شیطان کا) مددگار۔ ﴿55﴾ |
| وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا | اور نہیں ہم نے بھیجا آپ کو مگر |
| مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿56﴾ | خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا (بنا کر)۔ ﴿56﴾ |
| قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ | کہہ دیجئے نہیں میں مانگتا تم سے اس (دعوت وتبلیغ) پر |
| مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ | کوئی صلہ مگر جو چاہے |
| اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿57﴾ | کہ وہ پکڑے اپنے رب کی طرف کوئی راستہ۔ ﴿57﴾ |
| وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ | اور آپ مکمل بھروسا کیجئے (اس) زندہ پر |
| الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ | جو نہیں مرتا |
| وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ؕ وَكَفٰى بِهٖ | اور تسبیح کیجئے اس کی تعریف کے ساتھ اور کافی ہے وہ |
| بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا ﴿58﴾ ۚ | اپنے بندوں کے گناہوں کی خوب خبر رکھنے والا۔ ﴿58﴾ |
| الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ | (وہ) جس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو |

معء 8

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلْكَافِرُ | : کفر، کافر، کفار۔ | تَوَكَّلْ | : توکل، متوکل علی اللہ۔ |
| عَلٰى | : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | الْحَيِّ | : حیات، احیائے سنت، حیات جاوداں۔ |
| اَرْسَلْنٰكَ | : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ | لَا | : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ |
| اِلَّا | : الاماشاءاللہ، الاقلیل، الایہ کہ۔ | يَمُوْتُ | : موت وحیات، میت۔ |
| نَذِيْرًا | : بشارت وانذار، نذیر۔ | سَبِّحْ | : تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔ |
| شَآءَ | : ماشاءاللہ، ان شاءاللہ، مشیت الٰہی۔ | كَفٰى | : کافی، ناکافی، کفایت۔ |
| يَتَّخِذَ | : اخذ، ماخوذ، مواخذہ۔ | خَلَقَ | : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق، خلقت۔ |
| سَبِيْلًا | : فی سبیل اللہ، اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔ | الْاَرْضَ | : ارض وسما، قطعہ ارض، ارض مقدس۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | الْكَافِرُ | عَلٰى رَبِّهٖ | ظَهِيْرًا① (55) | وَ | مَآ |
| اور | ہے | کافر | اپنے رب پر (یعنی اپنے رب کیخلاف) | بہت مددگار | اور | نہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَرْسَلْنٰكَ | اِلَّا | مُبَشِّرًا② | وَّ | نَذِيْرًا① (56) | قُلْ |
| ہم نے بھیجا آپ کو | مگر | خوشخبری دینے والا | اور | بہت ڈرانے والا | کہہ دیجیے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَآ | اَسْئَلُكُمْ | عَلَيْهِ | مِنْ اَجْرٍ③ | اِلَّا | مَنْ |
| نہیں | میں مانگتا تم سے | اس پر | کسی اجر سے | مگر | جو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شَآءَ | اَنْ | يَّتَّخِذَ | اِلٰى رَبِّهٖ | سَبِيْلًا③ (57) | وَ تَوَكَّلْ④ |
| وہ چاہے | کہ | وہ پکڑے | اپنے رب کی طرف | کوئی راستہ | اور آپ مکمل بھروسا کیجیے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَلَى الْحَيِّ | الَّذِيْ | لَا يَمُوْتُ⑤ | وَ | سَبِّحْ | بِحَمْدِهٖ ط |
| زندہ پر | جو | نہیں وہ مرتا | اور | آپ تسبیح بیان کیجیے | اس کی تعریف کے ساتھ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | كَفٰى | بِهٖ⑥ | بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ | خَبِيْرًا① (58) ج |
| اور | کافی ہے | وہ (اللہ) | اپنے بندوں کے گناہوں کی | خوب خبر رکھنے والا |

معٰ 8

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ⑦ | وَ | الْاَرْضَ |
| جس نے | پیدا کیا | آسمانوں | اور | زمین |

**ضروری وضاحت**

① فَعِیْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔② اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔
⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں پیش ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑥ بِهٖ کا اصل ترجمہ اسکے ساتھ ہے لیکن یہاں مراد وہ اللہ ہے اور یہاں بِ کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں۔⑦ ات اسم کیساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

| | |
|---|---|
| وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ | اور جو ان دونوں کے درمیان ہے چھے دنوں میں |
| ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚ اَلرَّحْمٰنُ | پھر وہ جا ٹھہرا عرش پر، (وہی) بہت رحم والا ہے |
| فَسْـَٔلْ بِهٖ خَبِيْرًا ﴿59﴾ | سو پوچھیے اس کے بارے میں کسی پورے باخبر سے۔ ﴿59﴾ |
| وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ | اور جب کہا جائے ان سے (کہ) سجدہ کرو رحمان کو |
| قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ ۗ | (تو) وہ کہتے ہیں اور کیا ہے رحمان |
| اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا | کیا ہم سجدہ کریں (اس) کو جس کا تو حکم دیتا ہے ہمیں |
| وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ۩ ﴿60﴾ | اور (یہ بات) زیادہ کر دیتی ہے انہیں نفرت میں۔ ﴿60﴾ |
| تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ | بہت برکت والی ہے (وہ ذات) جس نے بنائے |
| فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا | آسمان میں برج اور اس نے بنایا اس میں |
| سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ﴿61﴾ | ایک چراغ اور روشنی کرنے والا چاند۔ ﴿61﴾ |
| وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ | اور (اللہ) وہ ہے جس نے بنایا رات اور دن کو |
| خِلْفَةً | (ایک دوسرے کے) پیچھے آنے والا |

ع 16 ‏السجدۃ 7

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَا | ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔ | زَادَهُمْ | زیادہ، مزید، زائد۔ |
| بَيْنَهُمَا | بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | نُفُوْرًا | نفرت، متنفر، منافرت۔ |
| اَيَّامٍ | یوم، ایام، یوم آخرت۔ | تَبٰرَكَ | برکت، برکات، مبارک، تبرک۔ |
| اسْتَوٰى | مستوی ہونا، خطِ استواء۔ | بُرُوْجًا | برج، چوبرجی۔ |
| فَسْـَٔلْ | سوال، سائل، مسئول۔ | سِرٰجًا | سراجِ منیر۔ |
| خَبِيْرًا | خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر۔ | قَمَرًا | شمس وقمر، قمری مہینہ۔ |
| نَسْجُدُ | سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔ | مُّنِيْرًا | بدرِ منیر، نور، منور انوار۔ |
| تَاْمُرُنَا | امر، آمر، مامور، امارت، امور۔ | خِلْفَةً | خلیفہ، خلافت خلف۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | بَيْنَهُمَا | فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ① | ثُمَّ | اسْتَوٰى | عَلَى الْعَرْشِ ۚ |
| اور جو | ان دونوں کے درمیان | چھے دنوں میں | پھر | وہ جا ٹھہرا | عرش پر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَلرَّحْمٰنُ | فَسْئَلْ ② | بِهٖ | خَبِيْرًا ③ (59) | وَاِذَا | قِيْلَ ④ |
| بہت رحم والا | سو پوچھیے | اس کے بارے میں | کسی پورے باخبر (سے) | اور جب | کہا جائے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمُ | اسْجُدُوْا ⑤ | لِلرَّحْمٰنِ | قَالُوْا | وَ | مَا | الرَّحْمٰنُ ۚ |
| ان سے | تم سب سجدہ کرو | رحمان کو | وہ سب کہتے ہیں | اور | کیا | رحمان |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَ | نَسْجُدُ | لِمَا | تَاْمُرُنَا | وَزَادَهُمْ ⑥ |
| کیا | ہم سجدہ کریں | (اس) کو جو | تو حکم دیتا ہے ہمیں | اور زیادہ کر دیتی ہے انہیں |

ع 16 السجدۃ 8

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نُفُوْرًا (60) السجدة | تَبٰرَكَ ⑦ | الَّذِيْ | جَعَلَ | فِي السَّمَآءِ | بُرُوْجًا |
| نفرت (میں) | بہت برکت والا ہے | جس نے | بنائے | آسمان میں | برج |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | جَعَلَ | فِيْهَا | سِرٰجًا ⑧ | وَّ | قَمَرًا ⑧ | مُّنِيْرًا (61) |
| اور | اس نے بنایا | اس میں | ایک چراغ | اور | ایک چاند | روشنی کرنے والا |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُوَ | الَّذِيْ | جَعَلَ | الَّيْلَ | وَالنَّهَارَ | خِلْفَةً ① |
| اور | وہ | جس نے | بنایا | رات | اور دن | پیچھے آنے والا |

### ضروری وضاحت

① ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر، سو کیا جاتا ہے۔ ③ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ قِيْلَ اصل میں قُوِلَ تھا، پڑھنے میں آسانی کے لیے قِيْلَ کیا گیا ہے۔ ⑤ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں وْا ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ⑥ هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔ ⑦ علامت تَ اور اَ میں کبھی مبالغے کا مفہوم ہے۔ ⑧ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| لِّمَنۡ اَرَادَ | (یہ باتیں) اس کے لیے ہیں جو ارادہ کرے |
| اَنۡ يَّذَّكَّرَ اَوۡ اَرَادَ شُكُوۡرًا ﴿62﴾ | کہ وہ نصیحت حاصل کرے یا وہ ارادہ کرے شکر گزاری کا۔ ﴿62﴾ |
| وَعِبَادُ الرَّحۡمٰنِ الَّذِيۡنَ | اور رحمان کے بندے وہ ہیں جو |
| يَمۡشُوۡنَ عَلَى الۡاَرۡضِ هَوۡنًا | چلتے ہیں زمین پر آہستگی سے |
| وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الۡجٰهِلُوۡنَ | اور جب مخاطب ہوتے ہیں ان سے جاہل |
| قَالُوۡا سَلٰمًا ﴿63﴾ | (تو) کہتے ہیں سلام ہے۔ ﴿63﴾ |
| وَالَّذِيۡنَ يَبِيۡتُوۡنَ لِرَبِّهِمۡ | اور وہ لوگ جو رات گزارتے ہیں اپنے رب کیلئے |
| سُجَّدًا وَّقِيَامًا ﴿64﴾ | سجدہ کرتے ہوئے اور قیام کرتے ہوئے۔ ﴿64﴾ |
| وَالَّذِيۡنَ يَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَا اصۡرِفۡ | اور وہ جو کہتے ہیں اے ہمارے رب پھیر دے |
| عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا | ہم سے جہنم کا عذاب، بے شک اس کا عذاب |
| كَانَ غَرَامًا ۖ ﴿65﴾ | چمٹ جانے والی مصیبت ہے۔ ﴿65﴾ |
| اِنَّهَا سَآءَتۡ | بے شک وہ (جہنم) بری ہے |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَرَادَ | : ارادہ، مرید، مراد۔ | وَ | : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔ |
| يَذَّكَّرَ | : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔ | لِرَبِّهِمۡ | : الحمدللہ، لہٰذا، رب، ربوبیت۔ |
| شُكُوۡرًا | : شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔ | سُجَّدًا | : سجدہ، مسجود ملائکہ، ساجد۔ |
| عِبَادُ | : عابد، عبادت، معبود۔ | قِيَامًا | : قیام وطعام۔ |
| عَلَى | : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | اصۡرِفۡ | : صرفِ نظر، صارف۔ |
| خَاطَبَهُمُ | : خطاب، مخاطب۔ | عَذَابَ | : عذاب، عذاب آخرت، تعذیب۔ |
| قَالُوۡا | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | جَهَنَّمَ | : جہنم، جہنمی، اہل جہنم۔ |
| سَلٰمًا | : سلام، سلامتی، سلامت۔ | سَآءَتۡ | : علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوءِ ظن۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لِّمَنْ | اَرَادَ | اَنْ ① | يَذَّكَّرَ ② | اَوْ | اَرَادَ |
| (اس) کے لیے جو | وہ ارادہ کرے | کہ | وہ نصیحت حاصل کرے | اور | ارادہ کرے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شُكُوْرًا ﴿62﴾ | وَ | عِبَادُ الرَّحْمٰنِ | الَّذِيْنَ | يَمْشُوْنَ |
| شکرگزاری | اور | رحمان کے بندے | جو | وہ سب چلتے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَلَى الْاَرْضِ | هَوْنًا | وَّ | اِذَا | خَاطَبَهُمُ | الْجٰهِلُوْنَ |
| زمین پر | آہستگی | اور | جب | مخاطب ہوتے ہیں ان سے | سب جاہل |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | سَلٰمًا ﴿63﴾ | وَ | الَّذِيْنَ | يَبِيْتُوْنَ | لِرَبِّهِمْ |
| سب کہتے ہیں | سلام (ہے) | اور | جو | وہ سب رات گزارتے ہیں | اپنے رب کیلئے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سُجَّدًا | وَّ | قِيَامًا ﴿64﴾ | وَ | الَّذِيْنَ | يَقُوْلُوْنَ |
| سجدہ کرتے ہوئے | اور | قیام کرتے ہوئے | اور | جو | وہ سب کہتے ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَبَّنَا ③ | اصْرِفْ ④ | عَنَّا ⑤ | عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ | اِنَّ ⑥ |
| (اے) ہمارے رب | تو پھیر دے | ہم سے | جہنم کا عذاب | بے شک |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَذَابَهَا | كَانَ ⑦ | غَرَامًا ﴿65﴾ ۖ | اِنَّهَا | سَآءَتْ ⑧ |
| اس کا عذاب | ہے | چمٹ جانے والی مصیبت | بے شک وہ | بری ہے |

### ضروری وضاحت

①اَنْ کا ترجمہ کہ اور اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے۔② يَذَّكَّرَ اصل میں يَتَذَكَّرَ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے ت کو ذ سے بدلا گیا ہے۔③ یہ اصل میں یَا رَبَّنَا تھا تخفیف کے لیے یَا کو گرا دیا گیا ہے۔④ فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑤ عَنَّا دراصل عَنْ + نَا مجموعہ ہے۔⑥ اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑦ كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہو اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔⑧ علامت تْ فعل کے آخر میں واحد مونث کی علامت ہے۔

| | |
|---|---|
| مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿66﴾ | قرار گاہ اور قیام گاہ۔ ﴿66﴾ |
| وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا | اور وہ لوگ جو کہ جب خرچ کرتے ہیں |
| لَمْ يُسْرِفُوْا | (تو) نہ فضول خرچی کرتے ہیں |
| وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَ كَانَ | اور نہ خرچ میں تنگی کرتے ہیں اور ہوتا ہے (انکا خرچ) |
| بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴿67﴾ | اس کے درمیان معتدل۔ ﴿67﴾ |
| وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ | اور وہ لوگ جو نہیں پکارتے اللہ کے ساتھ |
| اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ | کسی دوسرے معبود کو اور نہ وہ قتل کرتے ہیں |
| النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ | اس جان کو جسے اللہ نے حرام کیا ہے مگر حق کے ساتھ |
| وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ | اور نہ وہ زنا کرتے ہیں اور جو یہ (کام) کرے گا |
| يَلْقَ اَثَامًا ﴿68﴾ | وہ ملے گا سخت گناہ (کی سزا) کو۔ ﴿68﴾ |
| يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ | دگنا کیا جائے گا اس کے لیے عذاب قیامت کے دن |
| وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿69﴾ | اور وہ ہمیشہ رہے گا اس میں ذلیل ہو کر۔ ﴿69﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| مُسْتَقَرًّا : قول و قرار۔ | النَّفْسَ : نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔ |
| مُقَامًا : مقام و مرتبہ، مقام محمود، اعلیٰ مقام۔ | اِلَّا : الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔ |
| اَنْفَقُوْا : نان و نفقہ، انفاق فی سبیل اللہ۔ | يَزْنُوْنَ : زنا، زِنا کار، زانی۔ |
| يُسْرِفُوْا : اسراف و تبذیر۔ | يَّفْعَلْ : فعل، فاعل، مفعول، افعال۔ |
| بَيْنَ : بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | يَلْقَ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔ |
| يَدْعُوْنَ : دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔ | يُّضٰعَفْ : ذو اضعاف اقل۔ |
| مَعَ : مع اہل و عیال، معیت۔ | يَخْلُدْ : خالد، خلد بریں۔ |
| يَقْتُلُوْنَ : قتل، قاتل، مقتول، قتال۔ | مُهَانًا : توہین، اہانت۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مُسْتَقَرًّا | وَّ | مُقَامًا ﴿66﴾ | وَالَّذِيْنَ | اِذَآ | اَنْفَقُوْا |
| قرارگاہ | اور | قیام گاہ | اور وہ لوگ جو | جب | سب خرچ کرتے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَمْ | يُسْرِفُوْا | وَ | لَمْ | يَقْتُرُوْا | وَ |
| نہ | وہ سب فضول خرچی کرتے ہیں | اور | نہ | وہ سب خرچ میں تنگی کرتے ہیں | اور |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ ① | بَيْنَ ذٰلِكَ | قَوَامًا ﴿67﴾ | وَ | الَّذِيْنَ | لَا يَدْعُوْنَ ② |
| ہے | اس کے درمیان | معتدل | اور | جو | نہیں وہ سب پکارتے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَعَ اللّٰهِ | اِلٰهًا ③ | اٰخَرَ | وَ | لَا يَقْتُلُوْنَ ② | النَّفْسَ ④ | الَّتِيْ |
| اللہ کے ساتھ | کوئی معبود | دوسرا | اور | نہ وہ سب قتل کرتے ہیں | جان | جسے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حَرَّمَ اللّٰهُ ④ | اِلَّا | بِالْحَقِّ | وَ | لَا يَزْنُوْنَ ② ج | وَمَنْ |
| اللہ نے حرام کیا | مگر | حق کے ساتھ | اور | نہ وہ سب زنا کرتے ہیں | اور جو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَّفْعَلْ | ذٰلِكَ ⑤ | يَلْقَ | اَثَامًا ﴿68﴾ لا | يُّضٰعَفْ ⑥ | لَهُ |
| وہ کرے گا | یہ | وہ ملے گا | سخت گناہ (کی سزا کو) | دُگنا کیا جائے گا | اس کے لیے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْعَذَابُ | يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ⑦ | وَ | يَخْلُدْ | فِيْهٖ | مُهَانًا ﴿69﴾ صلے |
| عذاب | قیامت کے دن | اور | وہ ہمیشہ رہے گا | اس میں | ذلیل ہو کر |

### ضروری وضاحت

① كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہو اور ہے بھی کیا جاتا ہے۔② لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔
③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول اور اگر پیش ہو تو وہ اس کا فاعل ہوتا ہے۔⑤ ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ کر دیا جاتا ہے۔⑥ يُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے اور یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

| | |
|---|---|
| اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ | مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور عمل کیا |
| عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ | نیک عمل تو یہی لوگ ہیں (کہ) بدل دے گا اللہ |
| سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ | ان کے گناہوں کو نیکیوں سے |
| وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿70﴾ | اور اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم والا ہے۔ ﴿70﴾ |
| وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ | اور جو توبہ کرے اور نیک عمل کرے تو بے شک وہ |
| يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ﴿71﴾ | رجوع کرتا ہے اللہ کی طرف رجوع کرنا۔ ﴿71﴾ |
| وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ | اور جو نہیں گواہی دیتے جھوٹی، |
| وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ | اور جب وہ گزریں بے ہودہ کام (کے پاس) سے |
| مَرُّوْا كِرَامًا ﴿72﴾ | (تو) وہ باعزت گزر جاتے ہیں۔ ﴿72﴾ |
| وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا | اور وہ جو (کہ) جب وہ نصیحت کیے جائیں |
| بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا | اپنے رب کی آیات کیساتھ (تو) نہیں گر پڑتے ان پر |
| صُمًّا وَّعُمْيَانًا ﴿73﴾ | بہرے اور اندھے ہو کر (بلکہ غور و فکر کرتے ہیں)۔ ﴿73﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِلَّا | : الّا ماشاءاللہ، الّا قلیل، الّا یہ کہ۔ | غَفُوْرًا | : مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔ |
| تَابَ | : توبہ، تائب، توبۃ النصوح۔ | اِلَى | : مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ |
| اٰمَنَ | : ایمان، مؤمن، امن۔ | يَشْهَدُوْنَ | : شاہد، شہادت، مشاہدہ۔ |
| عَمِلَ | : عمل، اعمال، اعمال صالحہ۔ | بِاللَّغْوِ | : لغویات، لغو کام۔ |
| صَالِحًا | : اصلاح، اعمال صالحہ، صالح اولاد۔ | مَرُّوْا | : مرورِ زمانہ۔ |
| يُبَدِّلُ | : تغیر و تبدل، تبدیلی، متبادل۔ | كِرَامًا | : اکرام، تکریم، مکرم، علماء کرام۔ |
| سَيِّاٰتِهِمْ | : علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوءظن۔ | ذُكِّرُوْا | : ذکر، اذکار، تذکیر۔ |
| حَسَنٰتٍ | : حسنہ، حسنات، قرض حسنہ۔ | عَلَيْهَا | : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا مَنْ | تَابَ | وَاٰمَنَ | وَعَمِلَ | عَمَلًا | صَالِحًا | فَاُولٰٓئِكَ ① |
| مگر جس نے | توبہ کی | اور ایمان لایا | اور عمل کیا | عمل | نیک | تو یہی لوگ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يُبَدِّلُ | اللّٰهُ ② | سَيِّاٰتِهِمْ ③ | حَسَنٰتٍ ③ ط | وَ | كَانَ اللّٰهُ | غَفُوْرًا |
| وہ بدل دے گا | اللہ | انکے گناہوں (کو) | نیکیوں (سے) | اور | ہے اللہ | بہت بخشنے والا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رَّحِيْمًا ④ (70) | وَمَنْ | تَابَ | وَعَمِلَ | صَالِحًا | فَاِنَّهٗ |
| بہت رحم والا | اور جو | توبہ کرے | اور عمل کرے | نیک | تو بے شک وہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَتُوْبُ | اِلَى اللّٰهِ | مَتَابًا (71) | وَ | الَّذِيْنَ | لَا يَشْهَدُوْنَ ⑤ |
| وہ رجوع کرتا ہے | اللہ کی طرف | رجوع کرنا | اور | جو | نہیں وہ سب گواہی دیتے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الزُّوْرَ ⑥ لا | وَاِذَا | مَرُّوْا | بِاللَّغْوِ | مَرُّوْا |
| جھوٹ | اور جب | وہ سب گزریں | بے ہودہ کام (کے پاس) سے | سب گزر جاتے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كِرَامًا (72) | وَالَّذِيْنَ | اِذَا | ذُكِّرُوْا ⑦ | بِاٰيٰتِ ③ | رَبِّهِمْ |
| باعزت | اور جو | جب | وہ سب نصیحت کیے جائیں | آیات کیساتھ | اپنے رب کی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَمْ | يَخِرُّوْا | عَلَيْهَا | صُمًّا | وَّ | عُمْيَانًا (73) |
| نہیں | وہ سب گر پڑتے | ان پر | بہرے | اور | اندھے |

**ضروری وضاحت**

① اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہی لوگ بھی کر دیا جاتا ہے۔② فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔③ ات اسم کے ساتھ جمع مؤنث کی علامت ہے الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑥ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑦ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا | اور وہ جو کہتے ہیں اے ہمارے رب عطا کر ہمیں |
| مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا | ہماری بیویوں اور ہماری اولاد کی طرف سے |
| قُرَّةَ اَعْيُنٍ | آنکھوں کی ٹھنڈک، |
| وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿74﴾ | اور بنا ہمیں پرہیز گاروں کا امام۔﴿74﴾ |
| اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ | یہی لوگ بدلے میں دیئے جائیں گے (جنت میں) اونچا محل |
| بِمَا صَبَرُوْا | اس وجہ سے کہ انہوں نے صبر کیا |
| وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا | اور وہ استقبال کیے جائیں گے اس میں |
| تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ﴿75﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ | دعا و سلام کے ساتھ۔﴿75﴾ ہمیشہ رہنے والے ہیں اس میں |
| حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿76﴾ | اچھی ہے وہ قرارگاہ اور قیام گاہ۔﴿76﴾ |
| قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا | آپ کہہ دیجیے نہیں پرواہ کرتا تمہاری میرا رب اگر نہ ہو |
| دُعَاۗؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ | تمہارا پکارنا (اس کو)، سو بے شک تم نے جھٹلایا ہے |
| فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿77﴾ ع (ع 6 17 4) | تو جلد ہی (اس کی سزا) لازمی ہوگی۔﴿77﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

يَقُوْلُوْنَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
هَبْ : ہبہ کرنا، وہبی علم۔
مِنْ : منجانب، من و عن، من حیث القوم۔
اَزْوَاجِنَا : زوجہ، زوجیت، ازدواجی زندگی۔
ذُرِّيّٰتِنَا : ذریت آدم، ذریت ابلیس۔
اَعْيُنٍ : عینی شاہد، معاینہ، عین اس وقت۔
يُجْزَوْنَ : جزاوسزا، جزاک اللہ، جزائے خیر۔
بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔
يُلَقَّوْنَ : ملاقات، ملاقاتی حضرات۔
فِيْهَا : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
خٰلِدِيْنَ : خالد، خلد بریں۔
حَسُنَتْ : حسنہ، حسنات، قرض حسنہ۔
مُسْتَقَرًّا : قول و قرار۔
قُلْ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
كَذَّبْتُمْ : کذب بیانی، کذاب، کاذب۔
لِزَامًا : لازم و ملزوم، التزام۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | يَقُوْلُوْنَ | رَبَّنَا ① | هَبْ ② | لَنَا | مِنْ اَزْوَاجِنَا |
| اور | جو | وہ سب کہتے ہیں | (اے) ہمارے رب | عطا کر | ہم کو | ہماری بیویوں سے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | ذُرِّيّٰتِنَا ③ | قُرَّةَ اَعْيُنٍ ④ | وَّ | اجْعَلْنَا | لِلْمُتَّقِيْنَ | اِمَامًا ﴿74﴾ |
| اور | ہماری اولاد | آنکھوں کی ٹھنڈک | اور | بنا ہمیں | پرہیزگاروں کا | امام |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ ⑤ | يُجْزَوْنَ ⑥ | الْغُرْفَةَ ③ | بِمَا | صَبَرُوْا |
| یہی لوگ | وہ سب بدلہ دیئے جائیں گے | اُونچا محل | اس وجہ سے جو | ان سب نے صبر کیا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يُلَقَّوْنَ ⑥ | فِيْهَا | تَحِيَّةً ③ | وَّ | سَلٰمًا ﴿75﴾ لا |
| اور | وہ سب استقبال کیے جائیں گے | اس میں | دعا | اور | سلام (کے ساتھ) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا ط | حَسُنَتْ ④ | مُسْتَقَرًّا | وَّ | مُقَامًا ﴿76﴾ |
| سب ہمیشہ رہنے والے | اس میں | اچھی ہے وہ | قرار گاہ | اور | قیام گاہ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | مَا | يَعْبَؤُا | بِكُمْ | رَبِّيْ | لَوْلَا ⑦ | دُعَآؤُكُمْ ج |
| کہہ دیجیے | نہیں | وہ پرواہ کرتا | تمہاری | میرا رب | اگر نہ (ہو) | تمہارا پکارنا (اس کو) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَقَدْ | كَذَّبْتُمْ | فَسَوْفَ | يَكُوْنُ | لِزَامًا ﴿77﴾ ع |
| سو بے شک | تم نے جھٹلایا ہے | تو جلد ہی | وہ ہوگی | لازمی (اس کی سزا) |

ع 6 17 4 الربع

## ضروری وضاحت

① رَبَّنَا کے شروع میں یا تخفیف کے لیے گرا ہوا ہے۔ ② هَبْ وَهَبَ سے بنا ہے قواعد کی رو سے شروع سے و کو گرایا گیا ہے۔
③ اسم کے ساتھ نَا کا ترجمہ ہمارا یا اپنا کیا جاتا ہے۔ ④ ة اسم کے ساتھ اور تْ فعل کے آخر میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑤ اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ لوگ ہے کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ لوگ بھی کر دیا جاتا ہے۔ ⑥ اگر یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ لَوْلَا کے بعد اگر فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| طٰسٓمّٓ ۝1 | طٰسٓمّٓ ۝1 |
| تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝2 | یہ واضح کتاب کی آیتیں ہیں۔ ۝2 |
| لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ | شاید آپ ہلاک کرنے والے ہیں اپنے آپ کو |
| اَلَّا يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝3 | (اس پر) کہ نہیں ہوتے وہ ایمان والے۔ ۝3 |
| اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ | اگر ہم چاہیں (تو) ہم نازل کر دیں ان پر |
| مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ | آسمان سے کوئی نشانی پھر ہو جائیں |
| اَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ ۝4 | ان کی گردنیں اس کے سامنے جھکنے والی۔ ۝4 |
| وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ | اور نہیں آتی ان کے پاس کوئی نصیحت |
| مِّنَ الرَّحْمٰنِ مُحْدَثٍ | رحمان کی طرف سے (جو) نئی (ہو) |
| اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ مُعْرِضِيْنَ ۝5 | مگر وہ ہوتے ہیں اس سے منہ موڑنے والے۔ ۝5 |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اٰيٰتُ : آیت، آیات قرآنی۔
الْكِتٰبِ : کتاب، کتب، کاتب، کتابت، مکتوب۔
الْمُبِيْنِ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
نَّفْسَكَ : نفس، نفسانفسی، نظام تنفس۔
مُؤْمِنِيْنَ : ایمان، مومن، امن۔
نَّشَاْ : ماشاء اللہ، ان شاء اللہ، مشیت الٰہی۔
نُنَزِّلْ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
عَلَيْهِمْ : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔

مِّنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
السَّمَآءِ : کتب سماویہ، ارض وسماء۔
خٰضِعِيْنَ : خشوع وخضوع۔
وَ : شان وشوکت، سحر وافطار۔
ذِكْرٍ : ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔
الرَّحْمٰنِ : رحم، رحیم، رحمٰن، رحمت۔
اِلَّا : الا ماشاء اللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔
مُعْرِضِيْنَ : اعراض کرنا۔

اٰيَاتُهَا 227 | 26 سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ مَكِّيَّةٌ 47 | رُكُوْعَاتُهَا 11



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| طٰسٓمّٓ ⟨1⟩ | تِلْكَ ① | اٰيٰتُ ② | الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ⟨2⟩ | لَعَلَّكَ |
| طسم | یہ | آیتیں | واضح کتاب | شاید آپ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بَاخِعٌ | نَّفْسَكَ | اَلَّا ③ | يَكُوْنُوْا |
| ہلاک کرنے والے | اپنے آپ کو | کہ نہیں | ہوتے وہ سب |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مُؤْمِنِيْنَ ④ ⟨3⟩ | اِنْ | نَّشَاْ | نُنَزِّلْ | عَلَيْهِمْ | مِّنَ السَّمَآءِ |
| سب ایمان والے | اگر | ہم چاہیں | (تو) ہم نازل کر دیں | ان پر | آسمان سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اٰيَةً ②⑤ | فَظَلَّتْ ② | اَعْنَاقُهُمْ | لَهَا | خٰضِعِيْنَ ⟨4⟩ |
| کوئی نشانی | پھر ہو جائیں | ان کی گردنیں | اس کے لیے | سب جھکنے والے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | يَاْتِيْهِمْ ⑥ | مِّنْ ذِكْرٍ ⑤⑦ | مِّنَ الرَّحْمٰنِ |
| اور | نہیں | آتی ان کے پاس | کوئی نصیحت | رحمان (کی طرف) سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مُحْدَثٍ | اِلَّا | كَانُوْا | عَنْهُ | مُعْرِضِيْنَ ④ ⟨5⟩ |
| نئی | مگر | وہ سب ہوتے ہیں | اس سے | سب منہ موڑنے والے |

ضروری وضاحت

①تِلْكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔② ۃ، ات اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، ان کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ اَلَّا دراصل اَنْ + لَا کا مجموعہ ہے۔④ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑥ علامت یـ کے ترجمے کی ضرورت نہیں یہ فعل مذکر ہے کیونکہ لفظ نصیحت اردو میں مؤنث ہے اس لیے فعل کا ترجمہ وہ آتی کیا گیا ہے۔⑦ یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

| | |
|---|---|
| فَقَدْ كَذَّبُوْا | پس یقیناً وہ جھٹلا چکے |
| فَسَيَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا | تو جلد ہی آجائیں گی انکے پاس خبریں |
| مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝6 | (اسکی) جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ ۝6 |
| اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ | اور کیا نہیں دیکھا انہوں نے زمین کی طرف |
| كَمْ اَنْۢبَتْنَا | کتنے ہم نے اگائے ہیں |
| فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۝7 | اس میں ہر عمدہ قسم سے۔ ۝7 |
| اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ | بلا شبہ اس میں یقیناً نشانی ہے اور نہیں ہیں |
| اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝8 | ان کے اکثر ایمان لانے والے۔ ۝8 |
| وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ | اور بے شک آپ کا رب یقیناً وہی |
| الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝9 ع | نہایت غالب اور بہت رحم والا ہے۔ ۝9 ع |
| وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰٓى | اور جب آواز دی آپ کے رب نے موسیٰؑ کو |
| اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝10 | کہ جاؤ ظالم قوم کے پاس۔ ۝10 |

ع 1/9/5

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| كَذَّبُوْا | کذب بیانی، کذاب، کاذب۔ | كَرِيْمٍ | کرم، اکرام، تکریم، محترم و مکرم۔ |
| اَنْۢبٰٓؤُا | نبی، نبوت، انبیاء۔ | فِيْ | فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ |
| يَسْتَهْزِءُوْنَ | استہزاء کرنا۔ | لَاٰيَةً | آیت، آیات قرآنی۔ |
| يَرَوْا | رؤیت باری تعالیٰ، رؤیت ہلال۔ | وَ | لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔ |
| اِلَى | الداعی الی الخیر، مرسل الیہ، مکتوب الیہ۔ | اَكْثَرُهُمْ | کثرت، اکثر، کثیر۔ |
| الْاَرْضِ | ارض و سماء، قطعہ اراضی، ارض مقدس۔ | مُّؤْمِنِيْنَ | ایمان، مؤمن، امن۔ |
| اَنْۢبَتْنَا | نباتات و جمادات۔ | الرَّحِيْمُ | رحیم و کریم، رحم و کرم۔ |
| كُلِّ | کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔ | نَادٰى | ندا، منادی، ندائے ملت۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَقَدْ | كَذَّبُوْا | فَسَيَأْتِيْهِمْ ① | اَنْۢبٰٓؤُا | مَا |
| پس بیشک | وہ سب جھٹلا چکے | تو جلد ہی وہ آئے گا انکے پاس | خبریں | جو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | بِهٖ | يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿6﴾ | اَوَ | لَمْ | يَرَوْا ② |
| وہ سب تھے | اس کا | وہ سب مذاق اڑاتے | اور کیا | نہیں | دیکھا ان سب نے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِلَى الْاَرْضِ | كَمْ | اَنْۢبَتْنَا | فِيْهَا | مِنْ كُلِّ زَوْجٍ ③ | كَرِيْمٍ ﴿7﴾ |
| زمین کی طرف | کتنی | ہم نے اگائے | اس میں | ہر قسم سے | عمدہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيَةً ④ ط | وَ | مَا | كَانَ |
| بلاشبہ | اس میں | یقیناً نشانی | اور | نہیں | ہیں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَكْثَرُهُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ ﴿8﴾ | وَ | اِنَّ | رَبَّكَ |
| ان کے اکثر | سب ایمان لانے والے | اور | بیشک | آپ کا رب |

ع 1 9 5

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَهُوَ الْعَزِيْزُ ⑤⑥ | الرَّحِيْمُ ⑥ ﴿9﴾ ع | وَ | اِذْ | نَادٰى |
| یقیناً وہی نہایت غالب | بہت رحم والا | اور | جب | آواز دی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَبُّكَ | مُوْسٰٓى | اَنِ ⑦ | ائْتِ ⑧ | الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿10﴾ لا |
| آپ کے رب (نے) | موسیٰؑ (کو) | کہ | تم آؤ | ظالم لوگوں کے پاس |

## ضروری وضاحت

① فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔② لَمْ کے بعد علامت یہ کا ترجمہ وہ کی بجائے عموماً اس یا ان کیا جاتا ہے۔
③ زَوْج کا اصل ترجمہ جوڑا ہے مراد قسم ہے۔④ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے۔⑤ هُوَ کے بعد اَلْ میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔
⑥ اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ نہایت یا بہت کیا گیا ہے۔⑦ یہ دراصل اَنْ تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔⑧ یہاں مراد تم جاؤ ہے۔

| | |
|---|---|
| قَوْمَ فِرْعَوْنَ ؕ اَلَا يَتَّقُوْنَ ﴿11﴾ | فرعون کی قوم کے پاس، کیا وہ ڈرتے نہیں۔ ﴿11﴾ |
| قَالَ رَبِّ اِنِّیْۤ اَخَافُ | اس نے کہا اے میرے رب بیشک میں ڈرتا ہوں |
| اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ؕ ﴿12﴾ | کہ وہ جھٹلائیں گے مجھے۔ ﴿12﴾ |
| وَ يَضِيْقُ صَدْرِیْ | اور تنگ ہوتا ہے میرا سینہ |
| وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِیْ | اور نہیں چلتی میری زبان |
| فَاَرْسِلْ اِلٰى هٰرُوْنَ ﴿13﴾ | سو تو (حکم) بھیج ہارون کی طرف (کہ وہ میرے ساتھ چلے)۔ ﴿13﴾ |
| وَ لَهُمْ عَلَیَّ ذَنْۢبٌ | اور ان کا میرے ذمے ایک گناہ ہے |
| فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿14﴾ ج | پس میں ڈرتا ہوں کہ وہ قتل کر دیں گے مجھے۔ ﴿14﴾ |
| قَالَ كَلَّا ۚ | فرمایا ہرگز نہیں (یعنی ایسا ہرگز نہ ہوگا) |
| فَاذْهَبَا بِاٰيٰتِنَاۤ | پس تم دونوں جاؤ ہماری نشانیوں کے ساتھ۔ |
| اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ﴿15﴾ | بے شک ہم تمہارے ساتھ سننے والے ہیں۔ ﴿15﴾ |
| فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَاۤ | تو تم دونوں جاؤ فرعون کے پاس پس تم دونوں کہو |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| قَوْمَ | قوم، اقوام، قومیت، اقوام متحدہ۔ | لِسَانِیْ | لسان، لسانی تعصب، لسانیات۔ |
| لَا | لاعلاج، لاجواب، لاتعداد۔ | فَاَرْسِلْ | رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ |
| يَتَّقُوْنَ | تقویٰ، متقی۔ | اِلٰى | الداعی الی الخیر، مرسل الیہ، مکتوب الیہ۔ |
| قَالَ | قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | يَّقْتُلُوْنِ | قتل، قاتل، مقتول، قتال۔ |
| اَخَافُ | خوف، خائف، خوف وہراس۔ | قَالَ | قول، قائل، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| يُّكَذِّبُوْنِ | کذب بیانی، کذاب، کاذب۔ | بِاٰيٰتِنَاۤ | آیت، آیات قرآنی۔ |
| يَضِيْقُ | ضیق الصدر، ضیق النفس، مضائقہ۔ | مَعَكُمْ | مع اہل وعیال، معیت۔ |
| صَدْرِیْ | صدر مقام، صدر بازار، شق صدر۔ | مُّسْتَمِعُوْنَ | سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قَوْمَ فِرْعَوْنَ ؕ | اَ | لَا | يَتَّقُوْنَ ﴿11﴾ | قَالَ |
| فرعون کی قوم | کیا | نہیں | وہ سب ڈرتے | اس نے کہا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَبِّ ① | اِنِّیْٓ | اَخَافُ | اَنْ | يُّكَذِّبُوْنِ ② ؕ ﴿12﴾ |
| (اے میرے) رب | بیشک میں | میں ڈرتا ہوں | کہ | وہ سب جھٹلائیں گے مجھے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَضِيْقُ | صَدْرِیْ | وَ | لَا | يَنْطَلِقُ ③ |
| اور | وہ تنگ ہوتا ہے | میرا سینہ | اور | نہیں | وہ چلتی ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لِسَانِیْ | فَاَرْسِلْ | اِلٰی هٰرُوْنَ ﴿13﴾ | وَ | لَهُمْ |
| میری زبان | سو تو بھیج | ہارون کی طرف | اور | ان کا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عَلَیَّ ④ | ذَنْبٌ ⑤ | فَاَخَافُ | اَنْ | يَّقْتُلُوْنِ ② ج ﴿14﴾ |
| مجھ پر | ایک گناہ | پس میں ڈرتا ہوں | کہ | وہ سب قتل کر دیں گے مجھے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قَالَ | كَلَّا ج | فَاذْهَبَا | بِاٰيٰتِنَآ | اِنَّا |
| فرمایا | ہرگز نہیں | پس تم دونوں جاؤ | ہماری نشانیوں کے ساتھ | بے شک ہم |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَعَكُمْ | مُّسْتَمِعُوْنَ ⑥ ﴿15﴾ | فَاْتِيَا ⑦ | فِرْعَوْنَ | فَقُوْلَآ |
| تمہارے ساتھ | سننے والے | تو تم دونوں آؤ | فرعون | پس تم دونوں کہو |

## ضروری وضاحت

① رَبِّ اصل میں یَارَبِّیْ تھا یا اور یْ تخفیف کے لیے گر گئے ہیں۔② اصل میں يُكَذِّبُوْنِیْ اور يَقْتُلُوْنِیْ تھا تخفیف کے لیے آخر سے یْ کو گرایا گیا ہے۔③ يَنْطَلِقُ مذکر ہے کیونکہ اسکا تعلق لِسَانِیْ سے ہے جو کہ اُردو میں مؤنث ہے اس لیے اسکا ترجمہ وہ چلتی ہے کیا گیا ہے۔④ عَلَیَّ دراصل عَلٰی + یْ کا مجموعہ ہے۔⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ یہاں علامت وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ فَاْتِيَا سے مراد یہاں تم دونوں جاؤ ہے۔

إِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿16﴾ — بیشک ہم سب جہانوں کے رب کے رسول ہیں۔﴿16﴾

أَنْ أَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ إِسْرَآءِيْلَ ﴿17﴾ — یہ کہ تو بھیج دے ہمارے ساتھ بنی اسرائیل کو۔﴿17﴾

قَالَ أَلَمْ نُرَبِّكَ — اس نے کہا کیا نہیں ہم نے پالا تجھے

فِيْنَا وَلِيْدًا — اپنے اندر اس حال میں کہ (تو) بچہ تھا

وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ﴿18﴾ — اور تو ٹھہرا رہا ہم میں اپنی عمر کے کئی سال۔﴿18﴾

وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ فَعَلْتَ — اور تو نے کیا اپنا وہ کام جو تو نے کیا

وَأَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿19﴾ — اور تو ناشکروں میں سے ہے۔﴿19﴾

قَالَ فَعَلْتُهَآ إِذًا — کہا (موسیٰ نے) میں نے کیا اس (کام) کو اس وقت

وَّأَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿20﴾ — جبکہ میں گمراہوں (خطاکاروں) میں سے تھا۔﴿20﴾

فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ — پھر میں بھاگ گیا تم سے جب میں ڈرا تم سے

فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا — پھر عطا کیا مجھے میرے رب نے حکم (نبوت وعلم)

وَّجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿21﴾ — اور اس نے بنایا مجھے رسولوں میں سے۔﴿21﴾

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَسُوْلُ | رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ | سِنِيْنَ | سن پیدائش، سن بلوغت، سن 2001۔ |
| الْعٰلَمِيْنَ | عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔ | فَعَلْتَ | فعل، فاعل، مفعول۔ |
| بَنِيْٓ | ابنائے جامعہ، ابن الوقت، ابن عمر۔ | الْكٰفِرِيْنَ | کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔ |
| فِيْنَا | فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ | الضَّآلِّيْنَ | ضلالت وگمراہی۔ |
| وَلِيْدًا | ولد، ولدیت، اولاد۔ | فَفَرَرْتُ | فرار، مفرور، مفرّ، راہ فرار اختیار کرنا۔ |
| وَ | لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔ | خِفْتُكُمْ | خوف، خائف، خوف وہراس۔ |
| مِنْ | منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | فَوَهَبَ | ہبہ کرنا، کسبی اور وہبی۔ |
| عُمُرِكَ | عمر، عمرِ دراز، عمریں بیت گئیں۔ | حُكْمًا | حکم، حاکم، محکوم، تحکم۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّا ① | رَسُوْلُ | رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿16﴾ لا | اَنْ | اَرْسِلْ ② | مَعَنَا |
| بیشک ہم | رسول | سب جہانوں کے رب | یہ کہ | تو بھیج دے | ہمارے ساتھ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿17﴾ ط | قَالَ | اَ | لَمْ | نُرَبِّكَ | فِيْنَا |
| بنی اسرائیل | اس نے کہا | کیا | نہیں | ہم نے پالا تجھے | اپنے میں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَلِيْدًا | وَّ | لَبِثْتَ | فِيْنَا | مِنْ عُمُرِكَ ③④ | سِنِيْنَ ⑤ ﴿18﴾ لا |
| بچہ | اور | تو ٹھہرا رہا | ہم میں | اپنی عمر کے | کئی سال |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | فَعَلْتَ | فَعْلَتَكَ | الَّتِيْ | فَعَلْتَ | وَ | اَنْتَ |
| اور | تونے کیا | اپنا وہ کام | جو | تونے کیا | اور | تو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿19﴾ | قَالَ | فَعَلْتُهَآ | اِذًا | وَّ ⑥ | اَنَا |
| ناشکروں میں سے | کہا | میں نے کیا اُسے | اس وقت | جبکہ | میں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿20﴾ ط | فَفَرَرْتُ | مِنْكُمْ | لَمَّا ⑦ | خِفْتُكُمْ | فَوَهَبَ |
| گمراہوں میں سے | پھر میں بھاگ گیا | تم سے | جب | میں ڈرا تم سے | پھر عطا کیا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لِيْ | رَبِّيْ | حُكْمًا | وَّ | جَعَلَنِيْ ⑧ | مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿21﴾ |
| مجھ کو | میرے رب (نے) | حکم | اور | اس نے بنایا مجھے | رسولوں میں سے |

ضروری وضاحت

① اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ② فعل کے شروع میں اَ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔ ③ مِنْ کا اصل ترجمہ سے ہے ضرورتاً کے کیا گیا ہے۔ ④ كَ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تیرا، تیری، تیرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔ ⑤ يْنَ جمع کی علامت ہے اسی لیے ترجمہ کئی کیا گیا ہے۔ ⑥ وَ کا ترجمہ کبھی جبکہ بھی کیا جاتا ہے۔ ⑦ لَمَّا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی ابھی تک نہیں کیا جاتا ہے۔ ⑧ فعل کے آخر میں يْ لگانی ہو تو درمیان میں نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَتِلْكَ نِعۡمَةٌ | اور (کیا) یہ احسان ہے |
| تَمُنُّهَا عَلَیَّ اَنۡ | (کہ) تو جتلا رہا ہے اسے مجھ پر (اور یہ بھول گیا) کہ |
| عَبَّدۡتَّ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ ﴿22﴾ | تو نے غلام بنا رکھا ہے (میری قوم) بنی اسرائیل کو۔ ﴿22﴾ |
| قَالَ فِرۡعَوۡنُ وَمَا رَبُّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿23﴾ | فرعون نے کہا اور کیا (چیز) ہے رب العالمین۔ ﴿23﴾ |
| قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ | (موسیٰ ؑ نے) کہا آسمانوں اور زمین کا رب اور |
| وَمَا بَیۡنَهُمَا ؕ | جو ان دونوں کے درمیان ہے |
| اِنۡ کُنۡتُمۡ مُّوۡقِنِیۡنَ ﴿24﴾ | اگر ہو تم یقین کرنے والے۔ ﴿24﴾ |
| قَالَ لِمَنۡ حَوۡلَهٗۤ | (فرعون نے) کہا (ان) سے جو اس کے اردگرد تھے |
| اَلَا تَسۡتَمِعُوۡنَ ﴿25﴾ قَالَ رَبُّكُمۡ | کیا تم سنتے نہیں۔ ﴿25﴾ (موسیٰ ؑ نے) کہا تمہارا رب ہے |
| وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿26﴾ | اور تمہارے پہلے آباؤ اجداد کا رب ہے۔ ﴿26﴾ |
| قَالَ اِنَّ رَسُوۡلَكُمُ الَّذِیۡۤ | کہا (فرعون نے) بے شک تمہارا (یہ) رسول جو |
| اُرۡسِلَ اِلَیۡكُمۡ لَمَجۡنُوۡنٌ ﴿27﴾ | بھیجا گیا ہے تمہاری طرف یقیناً دیوانہ ہے۔ ﴿27﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔ | تَسۡتَمِعُوۡنَ | سمع وبصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔ |
| عَلَیَّ | علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | قَالَ | قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| عَبَّدۡتَّ | عابد، عبادت، معبود۔ | الۡاَوَّلِیۡنَ | اوّل وآخر، اوّلین فرصت، اوّل پوزیشن۔ |
| بَنِیۡۤ | ابنائے جامعہ، ابن الوقت، ابن عمر۔ | وَ | لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔ |
| الۡعٰلَمِیۡنَ | عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔ | اٰبَآئِكُمۡ | آباؤ اجداد، آبائی علاقہ۔ |
| بَیۡنَهُمَا | بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | اِلَیۡكُمۡ | مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ |
| مُّوۡقِنِیۡنَ | یقین، یقین محکم، یقین کامل۔ | رَسُوۡلَكُمۡ | رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ |
| حَوۡلَهٗۤ | ماحول، ماحولیات۔ | لَمَجۡنُوۡنٌ | مجنون، جنون۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تِلْكَ ① | نِعْمَةٌ ② | تَمُنُّهَا | عَلَيَّ ③ | اَنْ | عَبَّدْتَّ |
| اور | یہ | احسان | تو جتلا رہا ہے اسے | مجھ پر | کہ | تو نے غلام بنا رکھا ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿22﴾ | قَالَ | فِرْعَوْنُ | وَ | مَا ④ | رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿23﴾ |
| بنی اسرائیل | کہا | فرعون نے | اور | کیا (ہے) | جہانوں کا رب |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | رَبُّ السَّمٰوٰتِ ② | وَالْاَرْضِ | وَ | مَا | بَيْنَهُمَا |
| کہا | آسمانوں کا رب | اور زمین (کا) | اور | جو | ان دونوں کے درمیان |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | كُنْتُمْ | مُّوْقِنِيْنَ ⑤ ﴿24﴾ | قَالَ | لِمَنْ | حَوْلَهٗٓ |
| اگر | ہو تم | سب یقین کرنیوالے | کہا | (ان) سے جو | اس کے ارد گرد |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَ | لَا ⑥ | تَسْتَمِعُوْنَ ﴿25﴾ | قَالَ | رَبُّكُمْ |
| کیا | نہیں | تم سب سنتے | کہا | تمہارا رب |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | رَبُّ | اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿26﴾ | قَالَ | اِنَّ ⑦ |
| اور | رب | تمہارے پہلے سب آباؤ اجداد کا | کہا | بے شک |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَسُوْلَكُمُ | الَّذِيْٓ | اُرْسِلَ ⑧ | اِلَيْكُمْ | لَمَجْنُوْنٌ ﴿27﴾ |
| تمہارا رسول | جو | بھیجا گیا ہے | تمہاری طرف | یقیناً دیوانہ |

### ضروری وضاحت

① تِلْكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔② ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔
③ عَلَيَّ دراصل عَلٰی + یْ کا مجموعہ ہے۔ ④ مَا کا ترجمہ کبھی کیا کبھی نہیں اور کبھی جو کیا جاتا ہے۔⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر
سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔⑥ لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑦ اِنَّ
اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے۔⑧ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو اس میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ | (موسیٰؑ نے) کہا (جو) مشرق اور مغرب کا رب ہے۔ |
| وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ | اور (اس کا) جو ان دونوں کے درمیان ہے |
| اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿28﴾ | اگر ہو تم عقل رکھتے۔ ﴿28﴾ |
| قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ | کہا (فرعون نے) یقیناً اگر تو نے بنایا |
| اِلٰهًا غَيْرِیْ لَاَجْعَلَنَّكَ | کوئی معبود میرے علاوہ بلاشبہ ضرور میں کردوں گا تجھے |
| مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴿29﴾ | قیدیوں میں سے۔ ﴿29﴾ |
| قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ | (موسیٰؑ نے) کہا اور کیا اگر میں لے آؤں تیرے پاس |
| بِشَیْءٍ مُّبِيْنٍ ﴿30﴾ قَالَ فَاْتِ بِهٖۤ | کوئی واضح چیز۔ ﴿30﴾ (فرعون نے) کہا پس لے آ تو اس کو |
| اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿31﴾ | اگر تو ہے سچوں میں سے۔ ﴿31﴾ |
| فَاَلْقٰی عَصَاهُ | تو پھینکی (موسیٰؑ نے) اپنی لاٹھی |
| فَاِذَا هِیَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۚۖ ﴿32﴾ | تو اچانک وہ واضح اژدھا تھی۔ ﴿32﴾ |
| وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِیَ | اور نکالا اپنا ہاتھ تو اچانک وہ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| قَالَ | قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | بِشَیْءٍ | شے، اشیاء، اشیائے خوردونوش۔ |
| اَلْمَشْرِقِ | مشرق ومغرب، شرق وغرب۔ | مُّبِيْنٍ | بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔ |
| وَ | مال ودولت، عفوودرگزر، لازم وملزوم۔ | الصّٰدِقِيْنَ | صداقت، صدق وصفا، صادق وامین۔ |
| بَيْنَهُمَا | بین بین، بین السطور، بین الاقوامی۔ | فَاَلْقٰی | القاء۔ |
| تَعْقِلُوْنَ | عقل، عاقل، معقول۔ | عَصَاهُ | عصا، عصائے موسیٰ۔ |
| اتَّخَذْتَ | اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔ | مُّبِيْنٌ | بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔ |
| غَيْرِیْ | دیارِ غیر، غیراللہ، اغیار۔ | نَزَعَ | حالت نزع، نزعی بیان۔ |
| مِنَ | منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | يَدَهٗ | ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قَالَ | رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ | وَ | مَا | بَيْنَهُمَا ؕ |
| کہا | مشرق اور مغرب کا رب | اور | جو | ان دونوں کے درمیان |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنْ | كُنْتُمْ | تَعْقِلُوْنَ (28) | قَالَ | لَئِنِ |
| اگر | ہو تم | تم سب عقل رکھتے | کہا | یقیناً اگر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اتَّخَذْتَ | اِلٰهًا ① | غَيْرِىْ | لَاَجْعَلَنَّكَ ② |
| تو نے بنایا | کوئی معبود | میرے علاوہ | بلاشبہ ضرور میں بنادوں گا تجھے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ (29) | قَالَ | اَوَ ③ | لَوْ | جِئْتُكَ |
| قیدیوں میں سے | کہا | اور کیا | اگر | میں لے آؤں تیرے پاس |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِشَیْءٍ ①④ | مُّبِيْنٍ (30) ج | قَالَ | فَاْتِ ⑤ | بِهٖ ④ | اِنْ |
| کسی چیز کو | واضح | کہا | پس تو لے آ | اس کو | اگر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتَ | مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (31) | فَاَلْقٰى ⑤ | عَصَاهُ | فَاِذَا ⑤⑥ | هِىَ ⑦ |
| تو ہے | سچوں میں سے | تو اس نے پھینکی | اپنی لاٹھی | تو اچانک | وہ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُعْبَانٌ | مُّبِيْنٌ (32) ج | وَّ | نَزَعَ | يَدَهٗ | فَاِذَا ⑤⑥ | هِىَ ⑦ |
| اژدھا | واضح | اور | نکالا | اپنا ہاتھ | تو اچانک | وہ |

### ضروری وضاحت

① ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی یا کسی کیا گیا ہے۔② فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔③ اَوَ یا اَفَ میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔④ بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو بھی کیا جاتا ہے۔⑤ فَ کا ترجمہ کبھی پس، تو اور کبھی پھر کیا جاتا ہے۔⑥ اِذَا کا ترجمہ عموماً جب ہوتا ہے کبھی اس کا ترجمہ اچانک بھی کیا جاتا ہے۔⑦ هِیَ واحد مؤنث کیلئے اور هُوَ واحد مذکر کے لیے استعمال ہوتا ہے دونوں کا ترجمہ وہ کیا جاتا ہے۔

ع 24 6

| | |
|---|---|
| بَيۡضَآءُ لِلنّٰظِرِيۡنَ ﴿33﴾ ع | سفید (چمکدار) تھا دیکھنے والوں کے لیے۔ ﴿33﴾ ع |
| قَالَ لِلۡمَلَاِ حَوۡلَهٗۤ | کہا (فرعون نے) سرداروں سے (جو) اسکے اردگرد تھے |
| اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيۡمٌ ﴿34﴾ لا | بلاشبہ یہ یقیناً علم رکھنے والا جادوگر ہے۔ ﴿34﴾ |
| يُّرِيۡدُ اَنۡ يُّخۡرِجَكُمۡ | وہ چاہتا ہے کہ وہ نکال دے تمہیں |
| مِّنۡ اَرۡضِكُمۡ بِسِحۡرِهٖ ۖ | تمہاری سرزمین سے اپنے جادو سے |
| فَمَاذَا تَاۡمُرُوۡنَ ﴿35﴾ | تو تم کیا حکم دیتے ہو۔ ﴿35﴾ |
| قَالُوۡۤا اَرۡجِهۡ | انہوں نے کہا مہلت دے (انتظار میں رکھ) اسے |
| وَاَخَاهُ وَابۡعَثۡ فِى الۡمَدَآئِنِ | اور اسکے بھائی کو اور تو بھیج شہروں میں |
| حٰشِرِيۡنَ ﴿36﴾ لا يَاۡتُوۡكَ | اکٹھا کرنے والے۔ ﴿36﴾ (کہ) وہ لے آئیں تیرے پاس |
| بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيۡمٍ ﴿37﴾ | ہر بڑے جادوگر کو (جو) خوب علم رکھنے والا (ماہر) ہو۔ ﴿37﴾ |
| فَجُمِعَ السَّحَرَةُ | تو جمع کیے گئے جادوگر |
| لِمِيۡقَاتِ يَوۡمٍ مَّعۡلُوۡمٍ ﴿38﴾ لا | معین دن کے طے شدہ وقت پر۔ ﴿38﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| بَيۡضَآءُ : ید بیضاء۔ | اَرۡضِكُمۡ : ارض وسما، قطعۂ اراضی، ارض مقدس۔ |
| لِلنّٰظِرِيۡنَ : نظر، نظارہ، منظر، منظورنظر۔ | تَاۡمُرُوۡنَ : امر، آمر، مامور، امارت اسلامی۔ |
| لِلۡمَلَاِ : الحمدللہ، للہذا۔ | اَخَاهُ : اخوت، مواخات۔ |
| حَوۡلَهٗ : ماحول، ماحولیات۔ | ابۡعَثۡ : بعثت، مبعوث۔ |
| لَسٰحِرٌ : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحورکن آواز۔ | الۡمَدَآئِنِ : مدینۃ الاولیاء، مدنیت، تمدن۔ |
| عَلِيۡمٌ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ | حٰشِرِيۡنَ : حشر، محشر، حشر نشر۔ |
| يُّرِيۡدُ : ارادہ، مرید، مراد۔ | فَجُمِعَ : جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔ |
| يُّخۡرِجَكُمۡ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔ | لِمِيۡقَاتِ : میقاتِ حج، وقت، اوقات۔ |

ع 2 24 6

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بَيْضَآءُ ① | لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿33﴾ ع | قَالَ | لِلْمَلَاِ ② | حَوْلَهٗٓ |
| سفید | سب دیکھنے والوں کے لیے | اس نے کہا | سرداروں سے | اپنے اردگرد |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | هٰذَا | لَسٰحِرٌ | عَلِيْمٌ ③ ﴿34﴾ لا | يُّرِيْدُ |
| بلاشبہ | یہ | یقیناً جادوگر | خوب علم رکھنے والا | وہ چاہتا ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَنْ | يُّخْرِجَكُمْ ④ | مِّنْ اَرْضِكُمْ ④ | بِسِحْرِهٖ ۖ |
| کہ | وہ نکال دے تمہیں | تمہاری سرزمین سے | اپنے جادو سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَمَاذَا | تَاْمُرُوْنَ ﴿35﴾ | قَالُوْٓا | اَرْجِهْ ⑤ | وَ |
| تو کیا | تم سب حکم دیتے ہو | ان سب نے کہا | مہلت دے اسے | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَخَاهُ | وَ | ابْعَثْ | فِي الْمَدَآئِنِ | حٰشِرِيْنَ ﴿36﴾ لا |
| اسکے بھائی (کو) | اور | تو بھیج | شہروں میں | سب اکٹھا کرنے والے |

| | | |
|---|---|---|
| يَاْتُوْكَ | بِكُلِّ سَحَّارٍ ③ | عَلِيْمٍ ③ ﴿37﴾ |
| وہ سب لے آئیں تیرے پاس | ہر بڑا جادوگر کو | خوب علم رکھنے والا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَجُمِعَ ⑥ | السَّحَرَةُ ⑦ | لِمِيْقَاتِ | يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿38﴾ لا |
| تو جمع کیے گئے | جادوگر | طے شدہ وقت پر | معین دن |

## ضروری وضاحت

①اسم کے آخر میں آء واحد مؤنث کی علامت ہوتی ہے۔② قَالَ وغیرہ کے بعد لِ کا ترجمہ عموماً سے کیا جاتا ہے۔③اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔④ كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں اور اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمھارا، تمھاری، تمھارے کیا جاتا ہے۔⑤ اَرْجِهْ دراصل اَرْجِ + هٗ تھا قرآنی کتابت میں هٗ کو ساکن لکھا گیا ہے۔⑥فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ السَّحَرَةُ کے آخر میں ةُ جمع کے لیے آئی ہے۔

| | |
|---|---|
| وَّقِيۡلَ لِلنَّاسِ هَلۡ اَنۡتُمۡ مُّجۡتَمِعُوۡنَ ۙ﴿۳۹﴾ | اور کہا گیا لوگوں سے کیا تم جمع ہونے والے ہو۔ ﴿۳۹﴾ |
| لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ | تاکہ ہم (ان) ان جادوگروں کے پیروکار بن جائیں |
| اِنۡ كَانُوۡا هُمُ الۡغٰلِبِيۡنَ ﴿۴۰﴾ | اگر ہوں وہی غلبہ پانے والے۔ ﴿۴۰﴾ |
| فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ | پھر جب آ گئے جادوگر |
| قَالُوۡا لِفِرۡعَوۡنَ | (تو) انہوں نے کہا فرعون سے |
| اَئِنَّ لَنَا لَاَجۡرًا | کیا واقعی ہمارے لیے ضرور کوئی صلہ ہوگا |
| اِنۡ كُنَّا نَحۡنُ الۡغٰلِبِيۡنَ ﴿۴۱﴾ | اگر ہم ہی غالب ہوئے۔ ﴿۴۱﴾ |
| قَالَ نَعَمۡ وَاِنَّكُمۡ اِذًا | اس نے کہا ہاں اور بے شک تم اس وقت |
| لَّمِنَ الۡمُقَرَّبِيۡنَ ﴿۴۲﴾ | ضرور (میرے) مقرب لوگوں میں سے ہو گے۔ ﴿۴۲﴾ |
| قَالَ لَهُمۡ مُّوۡسٰى | موسیٰؑ نے ان سے کہا |
| اَلۡقُوۡا مَاۤ اَنۡتُمۡ مُّلۡقُوۡنَ ﴿۴۳﴾ | تم ڈالو جو کچھ تم ڈالنے والے ہو۔ ﴿۴۳﴾ |
| فَاَلۡقَوۡا حِبَالَهُمۡ وَعِصِيَّهُمۡ | تو انہوں نے ڈالیں اپنی رسیاں اور اپنی لاٹھیاں |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَّ | : لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔ | لِفِرۡعَوۡنَ | : الحمدللہ، للہذا/ فرعون، فرعونیت۔ |
| قِيۡلَ | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | لَاَجۡرًا | : اجر و ثواب، اجر عظیم، اجرت۔ |
| لِلنَّاسِ | : عوام الناس، عامۃ الناس۔ | لَّمِنَ | : منجانب، من و عن، من حیث القوم۔ |
| مُّجۡتَمِعُوۡنَ | : جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔ | الۡمُقَرَّبِيۡنَ | : قرب، قریب، مقرب، تقرب۔ |
| نَتَّبِعُ | : اتباع، تابع، متبع سنت۔ | اَلۡقُوۡا | : القاء۔ |
| السَّحَرَةَ | : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔ | مَاۤ | : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔ |
| الۡغٰلِبِيۡنَ | : غالب، غلبہ، مغلوب، ظن غالب۔ | عِصِيَّهُمۡ | : عصا، عصائے موسیٰ۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قِيۡلَ ① | لِلنَّاسِ | هَلۡ | اَنۡتُمۡ | مُّجۡتَمِعُوۡنَ ۙ (39) |
| اور | کہا گیا | لوگوں سے | کیا | تم | سب جمع ہونے والے ہو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَعَلَّنَا | نَتَّبِعُ | السَّحَرَةَ ② | اِنۡ | كَانُوۡا |
| تاکہ ہم | ہم پیروکار بن جائیں | جادوگروں | اگر | ہوں وہ سب |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هُمُ الۡغٰلِبِيۡنَ ③ (40) | فَلَمَّا | جَآءَ | السَّحَرَةُ ② | قَالُوۡا | لِفِرۡعَوۡنَ ④ |
| وہی سب غلبہ پانے والے | پھر جب | آ گئے | جادوگر | ان سب نے کہا | فرعون سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَئِنَّ | لَنَا ⑤ | لَاَجۡرًا | اِنۡ | كُنَّا | نَحۡنُ الۡغٰلِبِيۡنَ ③ (41) |
| کیا واقعی | ہمارے لیے | ضرور کوئی صلہ | اگر | ہوئے ہم | ہم سب ہی غلبہ پانے والے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | نَعَمۡ | وَ | اِنَّكُمۡ | اِذًا ⑥ | لَّمِنَ الۡمُقَرَّبِيۡنَ (42) |
| کہا | ہاں | اور | بے شک تم | اس وقت | ضرور مقرب لوگوں میں سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | لَهُمۡ ④⑤ | مُّوۡسٰۤى | اَلۡقُوۡا | مَاۤ | اَنۡتُمۡ |
| کہا | ان سے | موسیٰؑ نے | تم سب ڈالو | جو | تم |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مُّلۡقُوۡنَ ⑦ (43) | فَاَلۡقَوۡا | حِبَالَهُمۡ ⑧ | وَ | عِصِيَّهُمۡ ⑧ |
| سب ڈالنے والے | تو ان سب نے ڈالیں | اپنی رسیاں | اور | اپنی لاٹھیاں |

## ضروری وضاحت

① قِيۡلَ اصل میں قُوِلَ تھا، پڑھنے میں آسانی کے لیے و کو ی کیا گیا ہے۔ ② السَّحَرَةُ کے آخر میں ةُ جمع کے لیے آئی ہے۔ ③ هُمۡ اور نَحۡنُ کے بعد اَلۡ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ قَالَ، قَالُوۡا وغیرہ کے بعد لِ یا لَ کا ترجمہ عموماً سے کیا جاتا ہے۔ ⑤ لِ جب نَا اور هُمۡ وغیرہ کیساتھ آئے تو وہ لَ ہو جاتا ہے۔ ⑥ اِذًا کا ترجمہ کبھی تب یا اس وقت ہوتا ہے اور اِذَا کا ترجمہ جب ہوتا ہے۔ ⑦ مُلۡقُوۡنَ اصل میں مُلۡقِيُوۡنَ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے یا کو گرایا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ | اور انہوں نے کہا فرعون کی عزت کی قسم |
| اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿44﴾ | بلاشبہ یقیناً ہم ہی غالب ہونے والے ہیں۔ ﴿44﴾ |
| فَاَلْقٰى مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ | پھر پھینکی موسیٰؑ نے اپنی لاٹھی تو اچانک وہ |
| تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿45﴾ | نگل رہی تھی (انکو) جو وہ جھوٹ موٹ بنا رہے تھے۔ ﴿45﴾ |
| فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿46﴾ | تو گرا دیے گئے جادوگر سجدہ کرتے ہوئے۔ ﴿46﴾ |
| قَالُوْٓا اٰمَنَّا | انہوں نے کہا ہم ایمان لائے |
| بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿47﴾ | سب جہانوں کے رب پر۔ ﴿47﴾ |
| رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿48﴾ | موسیٰؑ اور ہارونؑ کے رب پر۔ ﴿48﴾ |
| قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ | (فرعون نے) کہا (کیا) تم ایمان لائے اس پر |
| قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ | اس سے پہلے کہ میں اجازت دیتا تم کو |
| اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ | بلاشبہ وہ یقیناً تمہارا بڑا ہے جس نے |
| عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ | تمہیں سکھایا ہے جادو سو یقیناً جلد ہی تم جان لو گے |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | : مال و دولت، عفو و درگزر، لازم و ملزوم۔ | سٰجِدِيْنَ | : سجدہ، مسجودِ ملائکہ، ساجد۔ |
| قَالُوْا | : قول، اقوال، مقولہ، اقوالِ زریں۔ | اٰمَنَّا | : ایمان، مؤمن، امن۔ |
| بِعِزَّةِ | : عزت، باعزت، معزز۔ | بِرَبِّ | : رب، ربوبیت، رب العلمین۔ |
| الْغٰلِبُوْنَ | : غالب، غلبہ، مغلوب، ظنِ غالب۔ | الْعٰلَمِيْنَ | : عالمِ اسلام، عالمِ عقبیٰ، عالمِ برزخ۔ |
| فَاَلْقٰى | : القا۔ | قَبْلَ | : قبل از وقت، قبل الکلام، قبل از غذا۔ |
| عَصَاهُ | : عصا، عصائے موسیٰ۔ | اٰذَنَ | : اذنِ عام، باذن اللہ، اذنِ الٰہی۔ |
| مَا | : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔ | لَكَبِيْرُكُمْ | : کبریائی، اکبر۔ |
| السَّحَرَةُ | : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔ | عَلَّمَكُمْ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَ | قَالُوْا | بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ ①② | اِنَّا ③ |
| اور | ان سب نے کہا | فرعون کی عزت کی قسم | بلاشبہ ہم |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ④ ﴿44﴾ | فَاَلْقٰی | مُوْسٰی | عَصَاهُ | فَاِذَا ⑤ |
| یقیناً ہم سب ہی غالب ہونے والے | پھر پھینکی | موسیٰؑ (نے) | اپنی لاٹھی | تو اچانک |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| هِیَ | تَلْقَفُ ② | مَا | یَاْفِكُوْنَ ﴿45﴾ | فَاُلْقِیَ ⑥ |
| وہ | نگل رہی تھی | جو | وہ سب جھوٹ موٹ بنا رہے تھے | تو گرا دیے گئے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| السَّحَرَةُ ⑦ | سٰجِدِیْنَ ﴿46﴾ | قَالُوْۤا | اٰمَنَّا |
| جادوگر | سب سجدہ کرنے والے | ان سب نے کہا | ہم ایمان لائے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿47﴾ | رَبِّ مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ ﴿48﴾ | قَالَ | اٰمَنْتُمْ |
| سب جہانوں کے رب پر | موسیٰؑ اور ہارونؑ کے رب | اس نے کہا | تم نے بات مانی |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهٗ | قَبْلَ | اَنْ | اٰذَنَ ⑧ | لَكُمْ | اِنَّهٗ | لَكَبِیْرُكُمُ |
| اس کی | پہلے | کہ | میں اجازت دیتا | تم کو | بلاشبہ وہ | یقیناً تمہارا بڑا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الَّذِیْ | عَلَّمَكُمُ | السِّحْرَ | فَلَسَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ |
| جس نے | تمہیں سکھایا ہے | جادو | سو یقیناً جلد ہی | تم سب جان لوگے |

### ضروری وضاحت

① بِعِزَّةِ میں بِ قسم کے لیے استعمال ہوا ہے۔ ② ة اسم کے آخر میں اور تَ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامتیں ہیں۔ ③ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ④ نَحْنُ کے بعد اَلْ میں تاکید کا مفہوم ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔ ⑤ اِذَا کا ترجمہ کبھی جب اور کبھی اچانک ہوتا ہے۔ ⑥ فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ السَّحَرَةُ کے آخر میں ةُ جمع کے لیے آئی ہے۔ ⑧ اٰذَنَ اصل میں اَاْذَنَ تھا دوسرے ہمزے کو آسانی کے لیے الف سے بدلا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ | بلاشبہ ضرور میں کاٹوں گا تمہارے ہاتھ |
| وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ | اور تمہارے پاؤں مخالف سمت سے |
| وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿49﴾ | اور ضرور بالضرور میں سولی دوں گا تمہیں سب کو۔ ﴿49﴾ |
| قَالُوْا لَا ضَيْرَ | انہوں نے کہا کوئی نقصان (کی بات) نہیں |
| اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿50﴾ | بلاشبہ ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ ﴿50﴾ |
| اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا | بے شک ہم اُمید رکھتے ہیں کہ بخش دے گا ہم کو |
| رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ | ہمارا رب ہمارے گناہ (اس لیے) کہ ہم ہوئے ہیں |
| اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿51﴾ وَاَوْحَيْنَآ | پہلے ایمان لانے والے۔ ﴿51﴾ اور ہم نے وحی کی |
| اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ | موسیٰؑ کی طرف یہ کہ تو نکال لے جا رات کو میرے بندوں کو |
| اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿52﴾ | بے شک تم پیچھا کیے جانے والے ہو۔ ﴿52﴾ |
| فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ | تو بھیج دیئے فرعون نے |
| فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿53﴾ | شہروں میں اکٹھا کرنے والے (ہرکارے)۔ ﴿53﴾ |

ع 18 / 7

**قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت**

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَاُقَطِّعَنَّ | قطع تعلقی، قطع رحمی، قاطع، مقطوع۔ | خَطٰيٰنَآ | خطا، خطا کار۔ |
| اَيْدِيَكُمْ | ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔ | اَوْحَيْنَآ | وحی، وحی متلو، وحی الٰہی۔ |
| خِلَافٍ | خلاف، مخالف، اختلاف، مختلف۔ | بِعِبَادِيْٓ | عابد، عبادت، معبود۔ |
| لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ | صلیب، مصلوب۔ | مُّتَّبَعُوْنَ | اتباع، تابع، متبع سنت۔ |
| ضَيْرَ | مضر صحت، ضرر رساں۔ | فَاَرْسَلَ | رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔ |
| مُنْقَلِبُوْنَ | انقلاب، انقلابی اقدام۔ | فِى | فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ |
| نَطْمَعُ | مطمعِ نظر، لالچ و طمع۔ | الْمَدَآئِنِ | مدینہ منورہ، مدینۃ الاولیاء، تمدن۔ |
| يَّغْفِرَ | مغفرت، استغفار، استغفر اللہ۔ | حٰشِرِيْنَ | حشر، محشر، حشر نشر۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَاُقَطِّعَنَّ ① | اَيْدِيَكُمْ | وَ | اَرْجُلَكُمْ | مِّنْ خِلَافٍ |
| بلاشبہ ضرور میں کاٹوں گا | تمہارے ہاتھ | اور | تمہارے پاؤں | مخالف (سمت) سے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ ①② | اَجْمَعِيْنَ ③ (49) | قَالُوْا | لَا ضَيْرَ ④ |
| اور | ضرور بالضرور میں سولی دوں گا تمہیں | سب کے سب | ان سب نے کہا | نہیں کوئی نقصان |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّآ ⑤ | اِلٰى رَبِّنَا | مُنْقَلِبُوْنَ ⑥ (50) | اِنَّا ⑤ | نَطْمَعُ |
| بلاشبہ ہم | اپنے رب کی طرف | سب لوٹنے والے | بے شک ہم | ہم اُمید رکھتے ہیں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | يَّغْفِرَ | لَنَا ⑦ | رَبُّنَا | خَطٰيٰنَآ | اَنْ | كُنَّآ |
| کہ | وہ بخش دے گا | ہم کو | ہمارا رب | ہمارے گناہ | کہ | ہم ہوئے ہیں |

ع 3 18 7

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَوَّلَ | الْمُؤْمِنِيْنَ ⑥ (51) | وَ | اَوْحَيْنَآ | اِلٰى مُوْسٰٓى |
| پہلے | سب ایمان لانے والے | اور | ہم نے وحی کی | موسیٰؑ کی طرف |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَنْ | اَسْرِ | بِعِبَادِيْٓ | اِنَّكُمْ | مُّتَّبَعُوْنَ ⑥ (52) |
| (یہ) کہ | تو نکال لے جا رات کو | میرے بندوں کو | بے شک تم | سب پیچھا کیے جانے والے ہو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَاَرْسَلَ | فِرْعَوْنُ ⑧ | فِي الْمَدَآئِنِ | حٰشِرِيْنَ (53) |
| تو بھیجا | فرعون (نے) | شہروں میں | سب اکٹھا کرنے والے |

## ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ میں وقرآنی کتابت میں زائد ہے۔ ③ يْنَ کے الگ ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ ضَيْرَ اور ضرر دونوں کا ترجمہ نقصان ہوتا ہے۔ ⑤ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے، تخفیف کے لیے ایک نون گرا ہوا ہے۔ ⑥ مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے اور زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ لِ علامت نَا کیساتھ لَ ہو جاتا ہے۔ ⑧ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ | (اور کہا کہ) بیشک یہ لوگ |
| لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿54﴾ | یقیناً ایک تھوڑی سی جماعت ہیں۔ ﴿54﴾ |
| وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿55﴾ | اور بیشک وہ ہمیں یقیناً غصہ دلانے والے ہیں۔ ﴿55﴾ |
| وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿56﴾ | اور بیشک ہم یقیناً سب چوکنّے رہنے والے ہیں۔ ﴿56﴾ |
| فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿57﴾ | تو ہم نے نکال دیا انہیں باغات اور چشموں سے۔ ﴿57﴾ |
| وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿58﴾ | اور خزانوں اور عمدہ جگہوں (سے)۔ ﴿58﴾ |
| كَذٰلِكَ | اسی طرح (ہوا)، |
| وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿59﴾ | اور ہم نے وارث بنایا ان (چیزوں) کا بنی اسرائیل کو۔ ﴿59﴾ |
| فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿60﴾ | تو انہوں نے پیچھا کیا انکا سورج نکلتے (یعنی صبح کرتے) ہی۔ ﴿60﴾ |
| فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ | پھر جب ایک دوسرے کو دیکھا دونوں جماعتوں نے |
| قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى | کہا موسیٰؑ کے ساتھیوں نے |
| اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿61﴾ | بے شک ہم یقیناً پکڑے جانے والے ہیں۔ ﴿61﴾ |

**قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت**

| | |
|---|---|
| قَلِيْلُوْنَ : قلیل، قلت، قلیل مدت، الاقلیل۔ | كَذٰلِكَ : کماحقہ، کالعدم۔ |
| لَغَآئِظُوْنَ : غیظ وغضب۔ | اَوْرَثْنٰهَا : وارث، وراثت، ورثا۔ |
| لَجَمِيْعٌ : جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔ | فَاَتْبَعُوْهُمْ : اتباع، تابع، متبع سنت۔ |
| فَاَخْرَجْنٰهُمْ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔ | مُّشْرِقِيْنَ : شرق وغرب، نماز اشراق۔ |
| مِّنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | تَرَآءَ : رؤیت باری تعالیٰ، رؤیت ہلال۔ |
| جَنّٰتٍ : جنت الفردوس، جنات۔ | قَالَ : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| مَقَامٍ : مقام ومرتبہ، مقام محمود، اعلیٰ مقام۔ | اَصْحٰبُ : صاحب، صحابی، صحابہ۔ |
| كَرِيْمٍ : کرم، اکرام، تکریم، محترم ومکرم۔ | لَمُدْرَكُوْنَ : فہم وادراک، درک۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | هٰٓؤُلَآءِ | لَشِرْذِمَةٌ ①② | قَلِيْلُوْنَ ③ ﴿54﴾ لا | وَ |
| بے شک | یہ لوگ | یقیناً ایک جماعت | بہت تھوڑے | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنَّهُمْ | لَنَا ④ | لَغَآئِظُوْنَ ﴿55﴾ لا | وَ | اِنَّا ⑤ |
| بیشک وہ | ہم کو | ضرور سب غصہ دلانے والے | اور | بیشک ہم |

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَجَمِيْعٌ | حٰذِرُوْنَ ﴿56﴾ ط | فَاَخْرَجْنٰهُمْ | مِّنْ جَنّٰتٍ ① |
| یقیناً سب | سب چوکنے رہنے والے | تو ہم نے نکال دیا انہیں | باغات سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | عُيُوْنٍ ﴿57﴾ لا | وَّ | كُنُوْزٍ | وَّ | مَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿58﴾ لا |
| اور | چشموں | اور | خزانوں | اور | عمدہ جگہوں (سے) |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كَذٰلِكَ ط | وَ | اَوْرَثْنٰهَا | بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿59﴾ ط | فَاَتْبَعُوْهُمْ |
| اسی طرح | اور | ہم نے وارث بنایا انکا | بنی اسرائیل (کو) | تو ان سب نے پیچھا کیا انکا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مُّشْرِقِيْنَ ⑥ ﴿60﴾ | فَلَمَّا | تَرَآءَ ⑦ | الْجَمْعٰنِ |
| صبح کرتے ہی | پھر جب | ایک دوسرے کو دیکھا | دونوں جماعتوں (نے) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| قَالَ | اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى | اِنَّا ⑤ | لَمُدْرَكُوْنَ ⑧ ﴿61﴾ ج |
| کہا | موسیٰؑ کے ساتھی | بیشک ہم | یقیناً سب پکڑ لیے جانے والے |

## ضروری وضاحت

① ةٌ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ② اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ علامت وْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ④ لِ علامت نَا کے ساتھ لَ ہوجاتا ہے۔ ⑤ اِنَّا دراصل اِنَّ + نَا کا مجموعہ ہے۔ ⑥ مُشْرِقِيْنَ کا اصل ترجمہ صبح کرنے والے ہے اور یہاں يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑦ علامت تَ اور ا میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑧ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جانے والا کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ | کہا (موسیٰ نے) ہرگز نہیں، بے شک میرے ساتھ |
| رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿62﴾ | میرا رب ہے وہ ضرور میری رہنمائی کرے گا۔ ﴿62﴾ |
| فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ | تو ہم نے وحی کی موسیٰؑ کی طرف کہ تم مارو |
| بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ۭ فَانْفَلَقَ فَكَانَ | اپنی لاٹھی کو سمندر پر تو وہ (سمندر) پھٹ گیا پس ہو گیا |
| كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿63﴾ ۚ | ہر ٹکڑا بڑے پہاڑ کی طرح۔ ﴿63﴾ |
| وَاَزْلَفْنَا | اور ہم نزدیک لے آئے |
| ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ﴿64﴾ ۚ | وہاں دوسروں (فرعون اور اس کی قوم) کو۔ ﴿64﴾ |
| وَاَنْجَيْنَا مُوْسٰى | اور ہم نے نجات دی موسیٰؑ کو |
| وَمَنْ مَّعَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿65﴾ ۚ | اور (انہیں) جو اس کیساتھ تھے سب کے سب۔ ﴿65﴾ |
| ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿66﴾ ۭ | پھر ہم نے غرق کر دیا دوسروں کو۔ ﴿66﴾ |
| اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ | بلاشبہ اس میں یقیناً نشانی ہے |
| وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿67﴾ | اور نہیں تھے ان کے اکثر ایمان لانے والے۔ ﴿67﴾ |

### قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| مَعِيَ | مع اہل وعیال، معیت۔ | كَالطَّوْدِ | کما حقہ، کالعدم، عوام کالانعام۔ |
| سَيَهْدِيْنِ | ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔ | الْعَظِيْمِ | اجرِ عظیم، معظم، تعظیم۔ |
| فَاَوْحَيْنَآ | وحی، وحیِ متلو، وحیِ الٰہی۔ | الْاٰخَرِيْنَ | اخروی زندگی، اوّل و آخر۔ |
| اِلٰى | مرسل الیہ، مکتوب الیہ، الداعی الی الخیر۔ | اَنْجَيْنَا | نجات، فرقہ ناجیہ، نجات دہندہ۔ |
| اضْرِبْ | ضربِ کاری، مضروب۔ | اَجْمَعِيْنَ | جمع، جامع، مجمع، جماعت، اجتماع۔ |
| بِّعَصَاكَ | عصائے موسیٰ، عصا۔ | اَغْرَقْنَا | غرق، غرقاب، مستغرق۔ |
| الْبَحْرَ | بحرِ قلزم، بحیرۂ عرب۔ | فِيْ | فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ |
| فِرْقٍ | فریق، فرقہ پرستی، تفرقہ بازی۔ | اَكْثَرُهُمْ | کثرت، اکثر، کثیر۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | كَلَّا ج ① | اِنَّ | مَعِيَ | رَبِّيْ | سَيَهْدِيْنِ ② ﴿62﴾ |
| کہا | ہرگز نہیں | بے شک | میرے ساتھ | میرا رب | ضرور وہ رہنمائی کرے گا میری |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَاَوْحَيْنَآ | اِلٰى مُوْسٰٓى | اَنِ ③ | اضْرِبْ | بِّعَصَاكَ |
| تو ہم نے وحی کی | موسیٰؑ کی طرف | کہ | تم مارو | اپنی لاٹھی کو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْبَحْرَ ط | فَانْفَلَقَ | فَكَانَ | كُلُّ | فِرْقٍ |
| سمندر | تو وہ پھٹ گیا | پس ہوگیا | ہر | ٹکڑا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ج ﴿63﴾ | وَ | اَزْلَفْنَا | ثَمَّ ④ | الْاٰخَرِيْنَ ج ﴿64﴾ | وَ |
| بڑے پہاڑ کی طرح | اور | ہم نے نزدیک کر دیا | وہاں | دوسروں (کو) | اور |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَنْجَيْنَا | مُوْسٰى | وَ | مَنْ ⑤ | مَّعَهٗٓ | اَجْمَعِيْنَ ⑥ ج ﴿65﴾ |
| ہم نے نجات دی | موسیٰؑ (کو) | اور | جو | اس کے ساتھ | سب کے سب |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | اَغْرَقْنَا | الْاٰخَرِيْنَ ط ﴿66﴾ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيَةً ط ⑦ |
| پھر | ہم نے غرق کر دیا | دوسروں (کو) | بلاشبہ | اس میں | یقیناً نشانی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | كَانَ | اَكْثَرُهُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ ﴿67﴾ |
| اور | نہیں | تھے | ان کے اکثر | سب ایمان لانے والے |

ضروری وضاحت

① كَلَّا تنبیہ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔② فعل کے شروع میں سَ میں عموماً عنقریب اور کبھی تاکید کا مفہوم بھی ہوتا ہے اور فعل کے ساتھ اگر یْ آئے تو درمیان میں نِ کا اضافہ ہوتا ہے یہاں وہی نِ موجود ہے اور یْ یہاں سے گری ہوئی ہے۔③ یہ دراصل اَنْ تھا اگلے لفظ سے ملاتے ہوئے زیر دی گئی ہے۔④ ثَمَّ کا ترجمہ وہاں اور ثُمَّ کا ترجمہ پھر کیا جاتا ہے۔⑤ مَنْ کا ترجمہ کبھی جو کبھی کون کیا جاتا ہے۔⑥ اَجْمَعِيْنَ میں يْنَ کے الگ ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ ة واحد مؤنث کی علامت ہے۔

| | |
|---|---|
| وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ | اور بلاشبہ آپ کا رب یقیناً وہی نہایت غالب |
| الرَّحِيْمُ ﴿68﴾ وَاتْلُ | (اور) بہت رحم کرنے والا ہے۔﴿68﴾ اور پڑھ کر سنایئے |
| عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ﴿69﴾ | ان (کفارِ مکہ) پر ابراہیمؑ کی خبر۔﴿69﴾ |
| اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ | جب کہا (ابراہیم نے) اپنے باپ اور اپنی قوم سے |
| مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿70﴾ قَالُوْا | کس کی تم عبادت کرتے ہو۔﴿70﴾ انہوں نے کہا |
| مِّنَ الْقَالِيْنَ ۭ﴿168﴾ | رَبِّ ① | نَجِّنِيْ ② | وَ | اَهْلِيْ |
| دشمنی رکھنے والوں میں سے | (اے میرے) رب | نجات دے مجھے | اور | میرے گھر والوں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِمَّا ③ | يَعْمَلُوْنَ ﴿169﴾ | فَنَجَّيْنٰهُ | وَ | اَهْلَهٗٓ |
| (اس) سے جو | وہ سب عمل کرتے ہیں | تو ہم نے نجات دی اسے | اور | اس کے گھر والوں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَجْمَعِيْنَ ﴿170﴾ ④ لا | اِلَّا | عَجُوْزًا ⑤ | فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿171﴾ ج | ثُمَّ | دَمَّرْنَا |
| سب کے سب | سوائے | ایک بڑھیا | پیچھے رہنے والوں میں تھی | پھر | ہم نے ہلاک کر دیا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخَرِيْنَ ﴿172﴾ ج | وَ | اَمْطَرْنَا | عَلَيْهِمْ | مَّطَرًا ج | فَسَآءَ |
| دوسروں کو | اور | ہم نے بارش برسا دی | ان پر | بارش | پس بری تھی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَطَرُ | الْمُنْذَرِيْنَ ⑥ ﴿173﴾ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيَةً ⑤ ط |
| بارش | ڈرائے گئے ہوئے لوگوں کی | بے شک | اس میں | یقیناً ایک نشانی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | كَانَ | اَكْثَرُهُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ ⑥ ﴿174﴾ |
| اور | نہیں | تھے | ان کے اکثر | سب ایمان لانے والے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنَّ | رَبَّكَ | لَهُوَ الْعَزِيْزُ ⑦ | الرَّحِيْمُ ﴿175﴾ ع |
| اور | بیشک | آپ کا رب | یقیناً وہی ہے نہایت غالب | بہت رحم والا |

ع 9 16 13

## ضروری وضاحت

① رَبِّ اصل میں یَا رَبِّیْ تھا آخر سے تخفیف کے لیے یا اور یْ کو گرایا گیا ہے۔ ② اگر فعل کے آخر میں یْ آئے تو فعل اور اس یْ کے درمیان نِ کا لانا ضروری ہوتا ہے۔ ③ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ④ یہاں یْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔ ⑤ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ⑥ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ هُوَ کے بعد اَلْ ہو تو ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| كَذَّبَ اَصۡحٰبُ لۡئَيۡكَةِ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿176﴾ | جھٹلایا ایکہ (بستی) والوں نے رسولوں کو۔ ﴿176﴾ |
| اِذۡ قَالَ لَهُمۡ شُعَيۡبٌ اَلَا تَتَّقُوۡنَ ﴿177﴾ | جب کہا ان سے شعیب نے کیا تم ڈرتے نہیں ہو۔ ﴿177﴾ |
| اِنِّىۡ لَـكُمۡ رَسُوۡلٌ اَمِيۡنٌ ﴿178﴾ | بیشک میں تمہارے لیے امانتدار رسول ہوں۔ ﴿178﴾ |
| فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوۡنِ ﴿179﴾ | پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ ﴿179﴾ |
| وَمَاۤ اَسۡـئَلُكُمۡ عَلَيۡهِ | اور نہیں میں مانگتا تم سے اس (تبلیغ) پر |
| مِنۡ اَجۡرٍ‌ۚ اِنۡ اَجۡرِىَ | کوئی اجرت، نہیں ہے میری اجرت |
| اِلَّا عَلٰى رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿180﴾ | مگر سب جہانوں کے رب کے ذمے۔ ﴿180﴾ |
| اَوۡفُوا الۡكَيۡلَ وَلَا تَكُوۡنُوۡا | پورا دو ماپ اور نہ بنو |
| مِنَ الۡمُخۡسِرِيۡنَ ﴿181﴾ | کم دینے والوں میں سے۔ ﴿181﴾ |
| وَزِنُوۡا بِالۡقِسۡطَاسِ الۡمُسۡتَقِيۡمِ ﴿182﴾ | اور تم وزن کرو سیدھے ترازو کے ساتھ۔ ﴿182﴾ |
| وَلَا تَبۡخَسُوا النَّاسَ اَشۡيَآءَهُمۡ | اور نہ کم دو لوگوں کو ان کی چیزیں |
| وَلَا تَعۡثَوۡا فِى الۡاَرۡضِ مُفۡسِدِيۡنَ ﴿183﴾ | اور مت پھرو زمین میں فسادی بن کر۔ ﴿183﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| كَذَّبَ | : کذب بیانی، کذاب، کاذب۔ | اَوۡفُوا | : وفا، ایفائے عہد، وفادار۔ |
| اَصۡحٰبُ | : صاحب، صحابی، صحابہ۔ | الۡمُخۡسِرِيۡنَ | : خسارہ، خائب وخاسر۔ |
| لَا | : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ | وَزِنُوۡا | : وزن، میزان، وزنی۔ |
| تَتَّقُوۡنَ | : تقویٰ، متقی۔ | الۡمُسۡتَقِيۡمِ | : صراط مستقیم، خط مستقیم، استقامت۔ |
| اَسۡـئَلُكُمۡ | : سوال، سائل، مسئول۔ | النَّاسَ | : عوام الناس۔ |
| مِنۡ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | اَشۡيَآءَ | : شے، اشیاء، اشیائے خوردونوش۔ |
| اِلَّا | : الاماشاءاللہ، الاقلیل، الایہ کہ۔ | فِى | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ |
| الۡعٰلَمِيۡنَ | : عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔ | مُفۡسِدِيۡنَ | : فساد، فسادی، مفسد، فاسد مادہ۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذَّبَ | اَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ ① | الْمُرْسَلِيْنَ ﴿176﴾ ② ۚ | اِذْ | قَالَ | لَهُمْ | شُعَيْبٌ |
| جھٹلایا | ایکہ والے | سب بھیجے گئے ہوئے (رسولوں کو) | جب | کہا | ان سے | شعیب (نے) |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَ | لَا | تَتَّقُوْنَ ﴿177﴾ ۚ | اِنِّيْ | لَكُمْ | رَسُوْلٌ ③ | اَمِيْنٌ ﴿178﴾ ۙ |
| کیا | نہیں | تم سب ڈرتے ہو | بے شک میں | تمہارے لیے | ایک رسول | امانتدار |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاتَّقُوا | اللّٰهَ ④ | وَ | اَطِيْعُوْنِ ﴿179﴾ ⑤ ۚ | وَ | مَآ | اَسْـَٔلُكُمْ |
| پس تم سب ڈرو | اللہ (سے) | اور | تم سب میری اطاعت کرو | اور | نہیں | میں سوال کرتا تم سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِ | مِنْ اَجْرٍ ۚ | اِنْ ⑥ | اَجْرِيَ | اِلَّا | عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿180﴾ ؕ |
| اس پر | کسی اجرت سے | نہیں | میری اجرت | مگر | سب جہانوں کے رب کے ذمے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَوْفُوا | الْكَيْلَ ④ | وَلَا | تَكُوْنُوْا | مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ ﴿181﴾ ② ۚ |
| تم سب پورا دو | ماپ | اور نہ | تم سب بنو | کم دینے والوں میں سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | زِنُوْا | بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ﴿182﴾ ۚ | وَلَا | تَبْخَسُوا | النَّاسَ ④ |
| اور | تم سب وزن کرو | سیدھے ترازو کے ساتھ | اور نہ | تم سب کم دو | لوگوں (کو) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَشْيَآءَهُمْ | وَ | لَا | تَعْثَوْا | فِي الْاَرْضِ | مُفْسِدِيْنَ ﴿183﴾ ② ۚ |
| ان کی چیزیں | اور | مت | تم سب پھرو | زمین میں | سب فساد کرنے والے |

### ضروری وضاحت

① اَیْکَۃ ایک درخت کا نام ہے جسکی مدین والے پوجا کرتے تھے اسی لیے انہیں اصحاب الایکہ کہا گیا ہے قرآنی کتابت میں اَلْاَیْکَۃ کے شروع میں اَ نہیں ہے۔② مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔③ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔④ فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑤ اصل میں اَطِیْعُوْنِیْ تھا فعل اور یْ کے درمیان نِ کالانا ضروری ہے۔⑥ اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا آرہا ہو تو اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَاتَّقُوا الَّذِیْ خَلَقَکُمْ | اور تم ڈرو (اس سے) جس نے پیدا کیا تمہیں |
| وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِیْنَ ﴿184﴾ | اور پہلی مخلوق کو۔ ﴿184﴾ |
| قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِیْنَ ﴿185﴾ | انہوں نے کہا بیشک تو سحر زدہ لوگوں میں سے ہے۔ ﴿185﴾ |
| وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ | اور نہیں ہے تو مگر ایک انسان ہمارے جیسا اور بیشک |
| نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِیْنَ ﴿186﴾ | ہم سمجھتے ہیں تجھے یقیناً جھوٹوں میں سے۔ ﴿186﴾ |
| فَاَسْقِطْ عَلَیْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ | سو گرا دے تو ہم پر ایک ٹکڑا آسمان سے |
| اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿187﴾ | اگر ہے تو سچوں میں سے۔ ﴿187﴾ |
| قَالَ رَبِّیْٓ اَعْلَمُ | کہا (شعیبؑ نے) میرا رب خوب جاننے والا ہے |
| بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿188﴾ فَكَذَّبُوْهُ | (اس) کو جو تم عمل کرتے ہو ﴿188﴾ چنانچہ انہوں نے جھٹلایا اسے |
| فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ یَوْمِ الظُّلَّةِ ؕ | تو آپکڑا انہیں سائبان کے دن والے عذاب نے |
| اِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿189﴾ | یقیناً وہ بڑے دن کا عذاب تھا۔ ﴿189﴾ |
| اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً ؕ | بے شک اس میں یقیناً نشانی ہے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| اتَّقُوا : تقویٰ، متقی۔ | فَاَسْقِطْ : ساقط، سقوط ڈھاکہ، اسقاط حمل۔ |
| خَلَقَکُمْ : خالق، مخلوق، تخلیق، خلقِ خدا۔ | عَلَیْنَا : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ |
| اَلْمُسَحَّرِیْنَ : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔ | السَّمَآءِ : کتب سماویہ، ارض وسماء۔ |
| اِلَّا : الا ماشاءاللہ، الا قلیل، الا یہ کہ۔ | اَعْلَمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |
| بَشَرٌ : بشر، بشری تقاضا، نور وبشر۔ | بِمَا : ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔ |
| نَّظُنُّكَ : سوءِ ظن، بدظن، ظن غالب۔ | تَعْمَلُوْنَ : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔ |
| لَمِنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | فَاَخَذَهُمْ : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔ |
| الْكٰذِبِیْنَ : کذب بیانی، کذاب، کاذب۔ | الظُّلَّةِ : ظل سبحانی، ظل ہما، ظل عرش۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | اتَّقُوا | الَّذِيْ | خَلَقَكُمْ | وَ | الْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ ①②③ ﴿184﴾ ط |
| اور | تم سب ڈرو | جس نے | پیدا کیا تمہیں | اور | پہلی مخلوق |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | اِنَّمَآ ④ | اَنْتَ | مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ⑤ ﴿185﴾ لا | وَ | مَآ | اَنْتَ |
| ان سب نے کہا | بے شک | تو | جادو کیے گئے لوگوں میں سے | اور | نہیں | تو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | بَشَرٌ ⑥ | مِّثْلُنَا | وَاِنْ | نَّظُنُّكَ | لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿186﴾ ج |
| مگر | ایک انسان | ہمارے جیسا | اور بیشک | ہم سمجھتے ہیں تجھے | یقیناً جھوٹوں میں سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَاَسْقِطْ | عَلَيْنَا | كِسَفًا ⑥ | مِّنَ السَّمَآءِ | اِنْ | كُنْتَ |
| سو تو گرادے | ہم پر | ایک ٹکڑا | آسمان سے | اگر | ہے تو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿187﴾ ط | قَالَ | رَبِّيْٓ | اَعْلَمُ ⑦ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ ﴿188﴾ |
| سچوں میں سے | کہا | میرا رب | خوب جاننے والا | (اس) کو جو | تم سب عمل کرتے ہو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَكَذَّبُوْهُ ⑧ | فَاَخَذَهُمْ | عَذَابُ | يَوْمِ الظُّلَّةِ ① ط | اِنَّهٗ |
| چنانچہ ان سب نے جھٹلایا اسے | تو (آ) پکڑا انہیں | عذاب | سائبان کے دن (کے) | یقیناً وہ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| كَانَ | عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿189﴾ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيَةً ① ط |
| تھا | بہت بڑے دن کا عذاب | بے شک | اس میں | یقیناً نشانی |

## ضروری وضاحت

① ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔② اَلْجِبِلَّةَ کا معنی خلائق ہے اسی لیے اسکے ساتھ اَوَّلِيْنَ جمع آیا ہے۔③ یہاں يْنَ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ اِنَّ کیساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔⑦ اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔⑧ وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" گر جاتا ہے۔

وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿190﴾ — اور نہیں تھے انکے اکثر ایمان لانے والے۔ ﴿190﴾

وَ اِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ — اور بے شک آپ کا رب یقیناً وہی

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿191﴾ وَاِنَّهٗ — نہایت غالب بہت رحم والا ہے۔ ﴿191﴾ اور بیشک وہ ع 10 16 14

لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿192﴾ — یقیناً نازل کیا ہوا ہے سب جہانوں کے رب کا۔ ﴿192﴾

نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿193﴾ عَلٰى قَلْبِكَ — اترا اس کو (لیکر) امانت دار فرشتہ۔ ﴿193﴾ آپکے دل پر

لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿194﴾ — تا کہ آپ ہو جائیں ڈرانے والوں میں سے۔ ﴿194﴾

بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿195﴾ وَاِنَّهٗ — واضح عربی زبان میں۔ ﴿195﴾ اور بیشک وہ (یعنی اس کا ذکر)

لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿196﴾ — یقیناً پہلے لوگوں کی کتابوں میں (بھی موجود) ہے۔ ﴿196﴾

اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً — اور کیا نہیں تھی (یہ) ان کے لیے ایک نشانی

اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿197﴾ — کہ جانتے ہیں اسے بنی اسرائیل کے علماء۔ ﴿197﴾

وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ﴿198﴾ — اور اگر ہم نازل کرتے اسے عجمیوں میں سے بعض پر۔ ﴿198﴾

فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ — پھر وہ پڑھتا اسے ان پر

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

وَ : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔
الرَّحِيْمُ : رحمت، رحم، مرحوم۔
لَتَنْزِيْلُ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔
الْعٰلَمِيْنَ : عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
قَلْبِكَ : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔
مِنَ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
الْمُنْذِرِيْنَ : بشارت وانذار، نذیر۔
بِلِسَانٍ : لسان، لسانی تعصب، لسانیات۔
مُّبِيْنٍ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
لَفِيْ : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔
الْاَوَّلِيْنَ : اوّل وآخر، اوّلین فرصت، اوّل پوزیشن۔
يَّعْلَمَهٗ : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔
بَنِيْٓ : ابنائے جامعہ، ابن الوقت، ابن عمر۔
الْاَعْجَمِيْنَ : عرب وعجم، عجمی حضرات۔
فَقَرَاَهٗ : قاری، قرات، مقابلہ حسن قرات۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | كَانَ | اَكْثَرُهُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ ① ﴿190﴾ | وَ | اِنَّ |
| اور | نہیں | تھے | ان کے اکثر | سب ایمان لانے والے | اور | بے شک |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّكَ | لَهُوَ الْعَزِيْزُ ②③ | الرَّحِيْمُ ③ ﴿191﴾ ع | وَ | اِنَّهٗ | لَتَنْزِيْلُ ④ |
| آپ کا رب | یقیناً وہی نہایت غالب | بہت رحم والا | اور | بیشک وہ | یقیناً نازل کیا ہوا |

10 ع 16 14

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿192﴾ ط | نَزَلَ | بِهِ | الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿193﴾ لا | عَلٰى قَلْبِكَ |
| سب جہانوں کا رب | اترا | اس کو (لے کر) | امانت دار فرشتہ | آپ کے دل پر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لِتَكُوْنَ | مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ① ﴿194﴾ لا | بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿195﴾ ط | وَ | اِنَّهٗ |
| تاکہ آپ ہو جائیں | ڈرانے والوں میں سے | واضح عربی زبان کے ساتھ | اور | بیشک وہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ④ ﴿196﴾ | اَوَ ⑤ | لَمْ | يَكُنْ | لَّهُمْ | اٰيَةً ⑥⑦ |
| یقیناً پہلے لوگوں کی کتابوں میں | اور کیا | نہیں | وہ تھا | ان کے لیے | ایک نشانی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَنْ ⑧ | يَّعْلَمَهٗ | عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿197﴾ ط | وَ | لَوْ |
| کہ | وہ جانتے ہیں اسے | بنی اسرائیل کے علماء | اور | اگر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| نَزَّلْنٰهُ | عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ﴿198﴾ لا | فَقَرَاَهٗ | عَلَيْهِمْ |
| ہم نے نازل کیا (ہوتا) اسے | بعض عجمیوں پر | پھر وہ پڑھتا اسے | ان پر |

## ضروری وضاحت

① اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔ ② ھُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔ ③ فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ④ لَ اسم، فعل اور حرف کے میں تاکید کی علامت ہے۔ ⑤ أَوَ یا أَفَ میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ ة واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اسلیے ترجمہ ایک کیا گیا ہے۔ ⑧ اَنْ کا ترجمہ کہ اور اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| مَا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿199﴾ | (تو بھی) نہ ہوتے یہ اس پر ایمان لانے والے۔ ﴿199﴾ |
| كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ | اسی طرح ہم نے چلایا اس (انکار) کو |
| فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿200﴾ | مجرموں کے دلوں میں۔ ﴿200﴾ |
| لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ | نہیں وہ ایمان لائیں گے اس پر |
| حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿201﴾ | یہاں تک کہ وہ دیکھ لیں دردناک عذاب کو۔ ﴿201﴾ |
| فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً | پس وہ آپڑے گا ان پر اچانک |
| وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿202﴾ | اس حال میں کہ وہ شعور نہیں رکھتے ہونگے۔ ﴿202﴾ |
| فَيَقُوْلُوْا هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ﴿203﴾ | تو وہ کہیں گے کیا ہم مہلت دیے جانے والے ہیں۔ ﴿203﴾ |
| اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿204﴾ | تو کیا ہمارے عذاب کو یہ جلدی طلب کر رہے ہیں۔ ﴿204﴾ |
| اَفَرَءَيْتَ | پس کیا آپ نے دیکھا (یعنی غور کیا) |
| اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ﴿205﴾ | اگر ہم فائدہ دیں انہیں برسوں۔ ﴿205﴾ |
| ثُمَّ جَآءَهُمْ | پھر آئے ان کے پاس |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| بِهٖ | : بالکل، بہرحال، بالواسطہ، بالمشافہ۔ | يَرَوُا | : رؤیت باری تعالیٰ، رؤیت ہلال۔ |
| مُؤْمِنِيْنَ | : ایمان، مؤمن، امن۔ | الْاَلِيْمَ | : عذابِ الیم، المناک، رنج والم۔ |
| كَذٰلِكَ | : کماحقہ، کالعدم۔ | وَّ | : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔ |
| سَلَكْنٰهُ | : مسلک، سلوک، مسالک۔ | يَشْعُرُوْنَ | : عقل وشعور، لاشعور، شعوری طور پر۔ |
| فِيْ | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ | فَيَقُوْلُوْا | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| قُلُوْبِ | : قلبی تعلق، امراض قلب، قلوب واذہان۔ | يَسْتَعْجِلُوْنَ | : عجلت، مہر معجّل۔ |
| لَا | : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ | مَّتَّعْنٰهُمْ | : متاع کارواں، مال ومتاع۔ |
| حَتّٰى | : حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔ | سِنِيْنَ | : سن پیدائش، سن بلوغت، سن وفات۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مَا | كَانُوْا | بِهٖ | مُؤْمِنِيْنَ ۟ط ① (199) | كَذٰلِكَ |
| نہ | ہوتے وہ سب | اس پر | سب ایمان لانے والے | اسی طرح |

| | | | |
|---|---|---|---|
| سَلَكْنٰهُ | فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ط ① (200) | لَا | يُؤْمِنُوْنَ ② |
| ہم نے چلایا اسے | جرم کرنے والوں کے دلوں میں | نہیں | وہ سب ایمان لائیں گے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | حَتّٰى | يَرَوُا | الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ لا (201) | فَيَاْتِيَهُمْ |
| اس پر | یہاں تک کہ | وہ سب دیکھ لیں | دردناک عذاب | پس وہ آپڑے گا ان پر |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بَغْتَةً ③ | وَّ ④ | هُمْ | لَا | يَشْعُرُوْنَ ② لا (202) |
| اچانک | اس حال میں کہ | وہ | نہیں | وہ سب شعور رکھتے ہونگے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فَيَقُوْلُوْا | هَلْ | نَحْنُ | مُنْظَرُوْنَ ⑤ ط (203) |
| تو وہ سب کہیں گے | کیا | ہم | سب مہلت دیے جانے والے |

| | | |
|---|---|---|
| اَفَبِعَذَابِنَا ⑥ | يَسْتَعْجِلُوْنَ (204) | اَفَرَءَيْتَ ⑥ |
| تو کیا ہمارے عذاب کو | وہ سب جلدی طلب کررہے ہیں | کیا پس آپ نے دیکھا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِنْ ⑦ | مَّتَّعْنٰهُمْ | سِنِيْنَ لا (205) | ثُمَّ ⑧ | جَآءَهُمْ |
| اگر | ہم فائدہ دیں انہیں | برسوں | پھر | آئے ان کے پاس |

### ضروری وضاحت

①اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔②لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔③ ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ وَ کا ترجمہ کبھی اور کبھی اس حال میں کہ اور کبھی قسم ہے کیا جاتا ہے۔⑤اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زبر میں کیا ہوا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥ اَ کے بعد اگر وَ یا فَ ہو تو اس میں بھلا کیا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦ اَنْ کا ترجمہ کہ اور اِنْ کا ترجمہ اگر ہوتا ہے۔⑧ ثُمَّ کا ترجمہ پھر اور ثَمَّ کا ترجمہ وہاں ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| مَّا كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿206﴾ | (وہ عذاب) جس کا وہ وعدہ دیئے جاتے تھے۔ ﴿206﴾ |
| مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ | (تو) نہیں کفایت کریں گی ان سے (وہ چیزیں) |
| مَّا كَانُوْا يُمَتَّعُوْنَ ﴿207﴾ | جن سے وہ فائدہ پہنچائے جاتے تھے۔ ﴿207﴾ |
| وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا | اور نہیں ہم نے ہلاک کی کوئی بستی مگر (یہ کہ) |
| لَهَا مُنْذِرُوْنَ ﴿208﴾ | اس کے لیے (بھیجے گئے) ڈرانے والے۔ ﴿208﴾ |
| ذِكْرٰى ۛ وَمَا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿209﴾ | یاددہانی (کے لیے) اور نہیں تھے ہم ظلم کرنے والے۔ ﴿209﴾ ع 9 |
| وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ﴿210﴾ | اور نہیں اُترے شیاطین اس (قرآن) کو (لے کر)۔ ﴿210﴾ |
| وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿211﴾ | اور نہ یہ لائق ہے ان کے لیے اور نہ وہ (یہ) کر سکتے ہیں ﴿211﴾ |
| اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿212﴾ | بیشک وہ (تو اسکے) سننے سے یقیناً دور رکھے گئے ہیں۔ ﴿212﴾ |
| فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ | تو آپ نہ پکاریں اللہ کے ساتھ |
| اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ | کسی دوسرے معبود کو ورنہ آپ ہو جائیں گے |
| مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿213﴾ | عذاب دیے جانے والوں میں سے۔ ﴿213﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | |
|---|---|
| يُوْعَدُوْنَ : وعدہ، وعید، مسیح موعود۔ | تَنَزَّلَتْ : نازل، نزول، انزال، منزل من اللہ۔ |
| اَغْنٰى : غنی، مستغنی، استغناء۔ | يَسْتَطِيْعُوْنَ : استطاعت، حسب استطاعت۔ |
| اَهْلَكْنَا : ہلاک، ہلاکت، مہلک بیماریاں۔ | السَّمْعِ : سمع و بصر، آلہ سماعت، محفل سماع۔ |
| مِنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | لَمَعْزُوْلُوْنَ : معزول۔ |
| قَرْيَةٍ : قریہ قریہ بستی بستی، ام القریٰ۔ | فَلَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ |
| اِلَّا : الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔ | تَدْعُ : دعا، دعوت، مدعو، الداعی الی الخیر۔ |
| مُنْذِرُوْنَ : بشارت و انذار، نذیر۔ | مَعَ : مع اہل و عیال، معیت۔ |
| ذِكْرٰى : ذکر، اذکار، تذکیر۔ | اٰخَرَ : اُخروی زندگی، آخری۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَّا | كَانُوْا | يُوْعَدُوْنَ ① لا (206) | مَآ | اَغْنٰى ② | عَنْهُمْ |
| جس کا | وہ سب تھے | وہ سب وعدہ دیئے جاتے | نہیں | کفایت کرے گا | ان سے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّا | كَانُوْا | يُمَتَّعُوْنَ ① ط (207) | وَ | مَآ | اَهْلَكْنَا | مِنْ قَرْيَةٍ ③④⑤ |
| جو | وہ سب تھے | وہ سب فائدہ پہنچائے جاتے | اور | نہیں | ہم نے ہلاک کی | کوئی بستی |

مع۹

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | لَهَا | مُنْذِرُوْنَ ⑥ (208) | ذِكْرٰى قف | وَ | مَا | كُنَّا |
| مگر | اس کے لیے | سب ڈرانے والے | یاد دہانی | اور | نہیں | ہیں ہم |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ظٰلِمِيْنَ (209) | وَ | مَا | تَنَزَّلَتْ ④⑦ | بِهِ | الشَّيٰطِيْنُ (210) |
| سب ظلم کرنے والے | اور | نہیں | اُترے | اس کو (لے کر) | شیاطین |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | يَنْۢبَغِيْ | لَهُمْ | وَ | مَا | يَسْتَطِيْعُوْنَ ط (211) |
| اور | نہ | وہ لائق ہے | ان کے لیے | اور | نہ | وہ سب استطاعت رکھتے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهُمْ | عَنِ السَّمْعِ | لَمَعْزُوْلُوْنَ ط (212) | فَلَا | تَدْعُ | مَعَ اللّٰهِ |
| بیشک وہ | سننے سے | یقیناً سب دور رکھے گئے ہوئے | تو نہ | تو پکار | اللہ کیساتھ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اِلٰهًا ⑤ | اٰخَرَ | فَتَكُوْنَ | مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ⑥ ج (213) |
| کوئی معبود | دوسرا | ورنہ آپ ہوجائیں گے | عذاب دیئے جانے والوں میں سے |

## ضروری وضاحت

①یـ پر پیش اور آخر سے پہلے زیر ہو تو ترجمہ کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا ہوتا ہے۔②مَا اَغْنٰی کا اصل ترجمہ نہیں کفایت کیا یہاں ضرورتاً ترجمہ نہیں کفایت کرے گا کیا گیا ہے۔③یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔④ۃ اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑤ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔⑥شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا، اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جانے والا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑦تـ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

| | |
|---|---|
| وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴿214﴾ | اور آپ ڈرائیں اپنے قریبی رشتہ داروں کو۔﴿214﴾ |
| وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ | اور آپ جھکا دیجئے اپنا بازو اس کے لیے جو |
| اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿215﴾ | پیروی کرے آپ کی مومنوں میں سے۔﴿215﴾ |
| فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ | پھر اگر وہ نافرمانی کریں آپ کی تو آپ کہہ دیں |
| اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿216﴾ | بلاشبہ میں بے تعلق ہوں اس سے جو تم کرتے ہو۔﴿216﴾ |
| وَتَوَكَّلْ | اور آپ بھروسہ کیجئے |
| عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿217﴾ | نہایت غالب، بہت رحم کرنیوالے پر۔﴿217﴾ |
| الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿218﴾ | جو دیکھتا ہے آپکو جب آپ کھڑے ہوتے ہیں (نماز کیلیے)۔﴿218﴾ |
| وَتَقَلُّبَكَ | اور آپ کے پھرنے (یعنی اٹھنے بیٹھنے) کو |
| فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿219﴾ اِنَّهٗ هُوَ | سجدہ کرنے والوں میں۔﴿219﴾ بلاشبہ وہی ہے |
| السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿220﴾ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ | خوب سننے والا خوب جاننے والا ﴿220﴾ کیا میں خبر دوں تمہیں |
| عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ الشَّيٰطِيْنُ ﴿221﴾ | کس پر نازل ہوتے ہیں شیاطین۔﴿221﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَنْذِرْ | : بشارت و انذار، نذیر۔ | يَرٰىكَ | : مرئی و غیر مرئی اشیا، رؤیت ہلال۔ |
| الْاَقْرَبِيْنَ | : قرب، قریب، مقرب، تقرب۔ | تَقُوْمُ | : اقامت، مقیم، اقامت گاہ، قائم مقام۔ |
| اتَّبَعَكَ | : اتباع، تابع، متبع سنت۔ | وَ | : لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔ |
| عَصَوْكَ | : معصیت، عاصی، غم عصیاں۔ | فِي | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ |
| فَقُلْ | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | السَّمِيْعُ | : سمع و بصر، آلۂ سماعت، محفل سماع۔ |
| تَعْمَلُوْنَ | : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔ | الْعَلِيْمُ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ |
| تَوَكَّلْ | : توکل، متوکل علی اللہ۔ | اُنَبِّئُكُمْ | : نبی، نبوت، انبیاء۔ |
| عَلٰى | : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | تَنَزَّلُ | : نازل، نزول، منزل من اللہ۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَنْذِرْ ① | عَشِيْرَتَكَ | الْاَقْرَبِيْنَ ﴿214﴾ لا | وَ | اخْفِضْ ① | جَنَاحَكَ |
| اور | آپ ڈرائیں | اپنے رشتہ دار | سب قریبی | اور | آپ جھکا دیں | اپنا بازو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لِمَنِ | اتَّبَعَكَ | مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿215﴾ ج | فَاِنْ | عَصَوْكَ ② |
| (اس) کیلئے جو | پیروی کرے آپ کی | مومنوں میں سے | پھر اگر | وہ سب نافرمانی کریں آپ کی |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَقُلْ | اِنِّیْ | بَرِیْٓءٌ | مِّمَّا ③ | تَعْمَلُوْنَ ﴿216﴾ ج |
| تو آپ کہہ دیں | بلاشبہ میں | بے تعلق | (اس) سے جو | تم سب کرتے ہو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَ | تَوَكَّلْ ④ | عَلَى الْعَزِيْزِ ⑤ | الرَّحِيْمِ ⑤ ﴿217﴾ لا | الَّذِیْ |
| اور | مکمل بھروسہ کیجیے | نہایت غالب پر | بہت رحم کرنے والا | جو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| يَرٰىكَ | حِيْنَ | تَقُوْمُ ﴿218﴾ لا | وَ | تَقَلُّبَكَ ④ |
| وہ دیکھتا ہے آپ کو | جب | آپ کھڑے ہوتے ہیں | اور | آپ کا پھرنا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| فِی السّٰجِدِيْنَ ﴿219﴾ | اِنَّهٗ | هُوَ السَّمِيْعُ ⑤⑥ | الْعَلِيْمُ ⑤ ﴿220﴾ |
| سجدہ کرنے والوں میں | بلاشبہ وہ | ہی خوب سننے والا | خوب جاننے والا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| هَلْ | اُنَبِّئُكُمْ | عَلٰى مَنْ | تَنَزَّلُ ④⑦ | الشَّيٰطِيْنُ ﴿221﴾ ط |
| کیا | میں خبر دوں تمہیں | کس پر | نازل ہوتے ہیں | شیاطین |

### ضروری وضاحت

① فعل کے شروع میں اُ اور آخر میں سکون ہو، تو اس میں حکم کا مفہوم ہوتا ہے۔ ② وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگانی ہو تو اسکا ا گر جاتا ہے۔ ③ مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔ ④ تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔ ⑤ فَعِیْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑥ ھُوَ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔ ⑦ تَنَزَّلُ اصل میں تَتَنَزَّلُ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے ایک تَ گر گئی ہے اور تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| تَنَزَّلُ عَلٰی كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿222﴾ | نازل ہوتے ہیں وہ ہر بہت جھوٹے گناہ گار پر۔ ﴿222﴾ |
| يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ | وہ لاڈالتے ہیں (اس کے کان میں) سنی ہوئی باتیں |
| وَاَكْثَرُهُمْ كٰذِبُوْنَ ﴿223﴾ | اور ان کے اکثر جھوٹے ہیں۔ ﴿223﴾ |
| وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿224﴾ | اور شاعرلوگ، ان کی پیروی کرتے ہیں گمراہ لوگ۔ ﴿224﴾ |
| اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ | کیا نہیں آپ نے دیکھا کہ بے شک وہ |
| فِیْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ ﴿225﴾ | (خیال کی) ہر وادی میں سر مارتے پھرتے ہیں۔ ﴿225﴾ |
| وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ ﴿226﴾ | اور بیشک وہ (وہ بات) کہتے ہیں جو (خود) نہیں کرتے۔ ﴿226﴾ |
| اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ | مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے عمل کیے نیک |
| وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا | اور انہوں نے یاد کیا اللہ کو کثرت سے |
| وَّانْتَصَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ؕ | اور انہوں نے بدلہ لیا اسکے بعد کہ وہ ظلم کیے گئے |
| وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا | اور عنقریب جان لیں گے (وہ لوگ) جنہوں نے ظلم کیا |
| اَیَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿227﴾ ع 11 36 15 | (کہ) کون سی لوٹنے کی جگہ وہ لوٹ کر جائیں گے۔ ﴿227﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| كُلِّ | کل نمبر، کل کائنات، کل جہان۔ | يَقُوْلُوْنَ | قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |
| يُّلْقُوْنَ | القاء۔ | مَا | ماحول، ماتحت، ماجرا، مافوق الفطرت۔ |
| اَكْثَرُهُمْ | کثرت، اکثر، کثیر۔ | لَا | لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔ |
| كٰذِبُوْنَ | کذب بیانی، کذاب، کاذب۔ | يَفْعَلُوْنَ | فعل، فاعل، مفعول، افعال۔ |
| يَتَّبِعُهُمْ | اتباع، تابع، متبع سنت۔ | اِلَّا | الا ماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔ |
| تَرَ | رؤیت باری تعالیٰ، رؤیت ہلال۔ | ذَكَرُوْا | ذکر، اذکار، تذکرہ، مذاکرہ۔ |
| فِیْ | فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ | ظُلِمُوْا | ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔ |
| وَادٍ | وادی، وادیٔ کشمیر۔ | مُنْقَلَبٍ | انقلاب، انقلابی اقدام۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَنَزَّلُ① | عَلٰى | كُلِّ | اَفَّاكٍ② | اَثِيْمٍ② لا (222) | يُّلْقُوْنَ | السَّمْعَ |
| وہ نازل ہوتے ہیں | پر | ہر | زبردست جھوٹا | بہت گناہ گار | وہ سب لا ڈالتے ہیں | سنی ہوئی باتیں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَكْثَرُهُمْ | كٰذِبُوْنَ ط (223) | وَ | الشُّعَرَآءُ | يَتَّبِعُهُمُ | الْغَاوٗنَ③ ط (224) |
| اور | ان کے اکثر | سب جھوٹے | اور | شاعر لوگ | وہ پیروی کرتا ہیں ان کی | سب گمراہ لوگ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَ | لَمْ | تَرَ④ | اَنَّهُمْ | فِيْ كُلِّ وَادٍ | يَّهِيْمُوْنَ لا (225) |
| کیا | نہیں | آپ نے دیکھا | بے شک وہ | ہر وادی میں | وہ سب سر مارتے پھرتے ہیں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَاَنَّهُمْ | يَقُوْلُوْنَ | مَالَا | يَفْعَلُوْنَ لا (226) | اِلَّا الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| اور بیشک وہ | وہ سب کہتے ہیں | جو نہیں | وہ سب کرتے | مگر جو | وہ سب ایمان لائے |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ⑤ | وَ | ذَكَرُوا | اللّٰهَ | كَثِيْرًا | وَّ |
| اور | ان سب نے عمل کیے | نیک | اور | ان سب نے یاد کیا | اللہ (کو) | کثرت سے | اور |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| انْتَصَرُوْا | مِنْۢ بَعْدِ⑥ مَا | ظُلِمُوْا⑦ ط | وَ | سَيَعْلَمُ |
| ان سب نے بدلہ لیا | (اس کے) بعد کہ | وہ سب ظلم کیے گئے | اور | عنقریب وہ جان لیں گے |

ع 11 36 15

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْٓا | اَيَّ | مُنْقَلَبٍ | يَّنْقَلِبُوْنَ ع (227) |
| جنہوں نے | سب نے ظلم کیا | کون سی | لوٹنے کی جگہ | وہ سب لوٹ کر جائیں گے |

## ضروری وضاحت

① تـ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہوتا ہے اور تَنَزَّلُ دراصل تَتَنَزَّلُ تھا پڑھنے میں آسانی کیلئے ایک تـ گرائی گئی ہے۔ ② اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ③ یہ اصل میں اَلْغَاوُوْنَ تھا ایک واؤ کو الٹا پیش سے ظاہر کیا گیا ہے۔ ④ تَرَ اصل میں تَرٰی تھا گرامر کے مطابق "ا" اور ی گر گئی ہے۔ ⑤ ات جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ⑥ لفظ بَعْدِ سے پہلے مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی اور اسکے بعد مَا کا ترجمہ کہ کیا جاتا ہے۔ ⑦ شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

اٰيَاتُهَا 93 — 27 سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ 48 — رُكُوْعَاتُهَا 7

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ | طٰسٓ ۚ یہ آیات ہیں قرآن |
| وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿1﴾ هُدًى وَّبُشْرٰى | اور واضح کتاب کی۔﴿1﴾ ہدایت اور خوشخبری ہے |
| لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ﴿2﴾ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ | ایمان والوں کے لیے۔﴿2﴾ جو قائم کرتے ہیں |
| الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ | نماز اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں۔ |
| وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿3﴾ | اور وہ آخرت پر وہ یقین رکھتے ہیں۔﴿3﴾ |
| اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ | بیشک وہ لوگ جو ایمان (یقین) نہیں رکھتے آخرت پر |
| زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ | ہم نے مزین کردیے ان کے لیے ان کے اعمال |
| فَهُمْ يَعْمَهُوْنَ ۗ﴿4﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ | پس وہ بھٹکتے پھرتے ہیں۔﴿4﴾ یہی وہ لوگ ہیں جو |
| لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ | (کہ) ان کے لیے برا عذاب ہے اور وہ آخرت میں |
| هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿5﴾ | وہی سب سے زیادہ خسارہ پانے والے ہیں۔﴿5﴾ |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اٰيٰتُ | : آیت، آیات، آیتیں۔ | الصَّلٰوةَ | : صوم وصلوٰۃ، مصلیٰ۔ |
| وَ | : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔ | بِالْاٰخِرَةِ | : آخرت، اخروی زندگی، یوم آخرت۔ |
| كِتَابٍ | : کتاب، کتب، مکتبہ، کتابیں۔ | يُوْقِنُوْنَ | : یقین، یقین محکم، یقین کامل۔ |
| مُّبِيْنٍ | : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔ | زَيَّنَّا | : مزین، تزئین وآرائش۔ |
| هُدًى | : ہدایت، ہادیٔ برحق، ہادیٔ کائنات۔ | اَعْمَالَهُمْ | : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔ |
| بُشْرٰى | : بشارت، مبشر، بشیر۔ | سُوْٓءُ | : علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوء ظن۔ |
| لِلْمُؤْمِنِيْنَ | : ایمان، مؤمن، امن۔ | فِي | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ |
| يُقِيْمُوْنَ | : اقامت، مقیم، اقامت گاہ، قائم مقام۔ | الْاَخْسَرُوْنَ | : خسارہ، خائب وخاسر۔ |

| ايَاتُهَا 93 | 27 سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ 48 | رُكُوْعَاتُهَا 7 |
|---|---|---|

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| طٰسٓ | تِلْكَ① | اٰيٰتُ② | الْقُرْاٰنِ | وَ | كِتَابٍ مُّبِيْنٍ ﴿1﴾ | هُدًى | وَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طٰسٓ | یہ | آیات | قرآن (کی) | اور | واضح کتاب | ہدایت | اور |

| بُشْرٰى② | لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿2﴾ | الَّذِيْنَ③ | يُقِيْمُوْنَ | الصَّلٰوةَ②④ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|
| خوشخبری | سب ایمان والوں کے لیے | (وہ) جو | وہ سب قائم کرتے ہیں | نماز | اور |

| يُؤْتُوْنَ | الزَّكٰوةَ②④ | وَ | هُمْ | بِالْاٰخِرَةِ② | هُمْ | يُوْقِنُوْنَ ﴿3﴾ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ سب ادا کرتے ہیں | زکوٰۃ | اور | وہ | آخرت پر | وہ | وہ سب یقین رکھتے ہیں |

| اِنَّ | الَّذِيْنَ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ⑤ | بِالْاٰخِرَةِ② | زَيَّنَّا | لَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | جو | نہیں | وہ سب ایمان رکھتے | آخرت پر | ہم نے مزین کردیے | ان کیلئے |

| اَعْمَالَهُمْ | فَهُمْ | يَعْمَهُوْنَ ﴿4﴾ | اُولٰٓئِكَ① | الَّذِيْنَ | لَهُمْ⑥ |
|---|---|---|---|---|---|
| ان کے اعمال | پس وہ | وہ سب بھٹکتے پھرتے ہیں | یہی لوگ | جو | ان کیلئے |

| سُوْٓءُ الْعَذَابِ | وَ | هُمْ | فِي الْاٰخِرَةِ② | هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ⑦⑧ ﴿5﴾ |
|---|---|---|---|---|
| برا عذاب | اور | وہ | آخرت میں | وہی سب بہت زیادہ خسارہ پانے والے |

ضروری وضاحت

①تِلْكَ اور اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے عموماً ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔② ة، ـى اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں الگ ترجمہ ممکن نہیں۔③ الَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے۔④فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔
⑤لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑥ لِ اگر هُمْ وغیرہ کیساتھ آئے تو وہ لَ ہوجاتا ہے۔⑦هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔⑧اسم کے شروع میں اَ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

| | |
|---|---|
| وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ | اور بلاشبہ آپ کو یقیناً دیا (سکھلایا) جاتا ہے قرآن |
| مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۝6 | بہت حکمت والے خوب علم والے کی طرف سے۔ ۝6 |
| اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ | جب کہا موسیٰ نے اپنے گھر والوں سے |
| اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا ؕ | بے شک میں نے دیکھی ہے آگ، |
| سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ | عنقریب میں لاؤں گا تمہارے پاس اس سے کوئی خبر |
| اَوْ اٰتِيْكُمْ | یا میں لاؤں گا تمہارے پاس |
| بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝7 | کوئی انگارہ سلگتا ہوا تا کہ تم تاپو۔ ۝7 |
| فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِيَ | پھر جب وہ آیا اس کے پاس آواز دی گئی اسے |
| اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ | کہ برکت دی گئی ہے (اسے) جو آگ میں ہے |
| وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ | اور جو اس کے ارد گرد ہے |
| وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝8 | اور پاک ہے اللہ (جو) تمام جہانوں کا رب ہے۔ ۝8 |
| يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ | اے موسیٰ بے شک یہ حقیقت ہے |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| لَتُلَقَّى | : القاء۔ | نُوْدِيَ | : نداء، منادی، ندائے ملت۔ |
| مِنْ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | بُوْرِكَ | : برکت، برکات، مبارک، تبرک۔ |
| حَكِيْمٍ | : حکیم، حکمت، حکما، حکیم الامت۔ | فِي | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ |
| عَلِيْمٍ | : علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ | وَ | : لیل ونہار، رحم وکرم، شان وشوکت۔ |
| قَالَ | : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ | حَوْلَهَا | : ماحول، محکمہ ماحولیات۔ |
| لِاَهْلِهٖ | : اہل وعیال، اہل خانہ، اہلیہ۔ | سُبْحٰنَ | : سبحان تیری قدرت، سبحان اللہ۔ |
| نَارًا | : یہ خاکی اپنی فطرت میں نوری ہے نہ ناری۔ | الْعٰلَمِيْنَ | : عالم اسلام، عالم عقبیٰ، عالم برزخ۔ |
| بِخَبَرٍ | : خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر۔ | يٰمُوْسٰى | : یارب، یاالٰہی، یااللہ۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنَّكَ لَتُلَقَّى ①② | الْقُرْاٰنَ | مِنْ لَّدُنْ | حَكِيْمٍ ③ | عَلِيْمٍ ③ ۝6 |
| اور | بلاشبہ آپ کو یقیناً دیا جاتا ہے | قرآن | کی طرف سے | بہت حکمت والا | خوب علم والا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِذْ | قَالَ | مُوْسٰى | لِاَهْلِهٖٓ | اِنِّيْٓ | اٰنَسْتُ |
| جب | کہا | موسیٰؑ (نے) | اپنے گھر والوں سے | بے شک میں | میں نے دیکھی ہے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| نَارًا ④ ط | سَاٰتِيْكُمْ | مِّنْهَا ⑤ | بِخَبَرٍ ⑥⑦ | اَوْ |
| آگ | عنقریب میں لاؤں گا تمہارے پاس | اس سے | کوئی خبر | یا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اٰتِيْكُمْ | بِشِهَابٍ ⑥⑦ | قَبَسٍ | لَّعَلَّكُمْ | تَصْطَلُوْنَ ۝7 |
| میں لاؤں گا تمہارے پاس | کوئی انگارہ | سلگتا ہوا | تاکہ تم | تم سب تاپو |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فَلَمَّا | جَآءَهَا | نُوْدِيَ ⑧ | اَنْ | بُوْرِكَ ⑧ |
| پھر جب | وہ آیا اس کے پاس | آواز دی گئی اسے | کہ | برکت دی گئی ہے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | فِي النَّارِ | وَ | مَنْ | حَوْلَهَا ⑤ ط | وَ |
| جو | آگ میں | اور | جو | اس کے ارد گرد | اور |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سُبْحٰنَ | اللّٰهِ | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ ۝8 | يٰمُوْسٰٓى | اِنَّهٗٓ |
| پاک | اللہ | رب | سب جہانوں (کا) | اے موسیٰؑ | بے شک یہ حقیقت ہے |

**ضروری وضاحت**

①علامت كَ اور تُ دونوں کا ملا کر ترجمہ آپ کو کیا گیا ہے۔② تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔③فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔④فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔⑤ هَا واحد مؤنث کی علامت ہے۔ ⑥ یہاں بِ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔⑦ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے۔⑧فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿9﴾ | (کہ) میں اللہ ہوں بہت غالب بہت حکمت والا۔ ﴿9﴾ |
| وَاَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا | اور ڈال دو اپنی لاٹھی، پھر جب اس نے دیکھا اسے |
| تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ | وہ حرکت کر رہی ہے گویا کہ وہ ایک سانپ ہے |
| وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّلَمْ يُعَقِّبْ ؕ | (تو) وہ لوٹا پیٹھ پھیر کر اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھا |
| يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۖ اِنِّيْ | (اللہ نے فرمایا) اے موسیٰ مت ڈرو بیشک میں |
| لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿10﴾ اِلَّا مَنْ | نہیں ڈرتے میرے پاس رسول۔ ﴿10﴾ مگر جس نے |
| ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًا بَعْدَ سُوْٓءٍ | ظلم کیا پھر بدل دیا (اسے) نیکی سے برائی کے بعد |
| فَاِنِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿11﴾ | تو بیشک میں بہت بخشنے والا بہت رحم کرنیوالا ہوں۔ ﴿11﴾ |
| وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ | اور داخل کر اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں |
| تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ ۖ | وہ نکلے گا سفید (چمکتا ہوا) کسی بیماری کے بغیر |
| فِيْ تِسْعِ اٰيٰتٍ | (ان دو معجزوں کے ساتھ جو) نو معجزوں میں سے ہیں |
| اِلٰى فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ ؕ | فرعون اور اسکی قوم کی طرف (جاؤ) |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

اَلْقِ : القاء۔
عَصَاكَ : عصائے موسیٰ علیہ السلام۔
رَاٰهَا : رؤیت ہلال، رؤیت باری تعالیٰ۔
مُدْبِرًا : ادبار زمانہ، دُبر۔
يُعَقِّبْ : عقبی دروزاہ، عقب۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
تَخَفْ : خوف، خائف، خوف وہراس۔
اَلْمُرْسَلُوْنَ : رسول، مرسل، ترسیل، رسالت۔

اِلَّا : الاماشاءاللہ، الاقلیل، الا یہ کہ۔
بَدَّلَ : تغیروتبدل، تبدیلی، متبادل۔
سُوْٓءٍ : علمائے سوء، اعمال سیئہ، سوءظن۔
غَفُوْرٌ : مغفرت، استغفار، استغفراللہ۔
اَدْخِلْ : داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔
يَدَكَ : ید بیضا، ید طولیٰ، رفع الیدین۔
تَخْرُجْ : خارج، خروج، اخراج، وزیر خارجہ۔
بَيْضَآءَ : ید بیضاء، ابیض، بیاض۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کیلئے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کیلئے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کیلئے

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنَا | اللّٰهُ | الۡعَزِيۡزُ ① | الۡحَكِيۡمُ ① ﴿9﴾ | وَ | اَلۡقِ | عَصَاكَ ② |
| میں | اللہ | بہت غالب | بہت حکمت والا | اور | تم ڈال دو | اپنی لاٹھی |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَمَّا | رَاٰهَا | تَهۡتَزُّ ③ | كَاَنَّهَا | جَآنٌّ | وَّلّٰى | مُدۡبِرًا |
| پھر جب | اس نے دیکھا اسے | وہ حرکت کررہی ہے | گویا کہ وہ | ایک سانپ | وہ لوٹا | پیٹھ پھیر کر |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَمۡ | يُعَقِّبۡ ④ | يٰمُوۡسٰى | لَا | تَخَفۡ ⑤ | اِنِّىۡ |
| اور | نہ | اس نے پیچھے مڑ کر دیکھا | اے موسیٰ | مت | تو ڈر | بے شک میں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا يَخَافُ ⑥ | لَدَىَّ | الۡمُرۡسَلُوۡنَ ﴿10﴾ | اِلَّا | مَنۡ | ظَلَمَ | ثُمَّ |
| نہیں وہ ڈرتا | میرے پاس | سب رسول | مگر | جس نے | ظلم کیا | پھر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَدَّلَ | حُسۡنًۢا | بَعۡدَ سُوۡٓءٍ | فَاِنِّىۡ | غَفُوۡرٌ ① | رَّحِيۡمٌ ① ﴿11﴾ |
| بدل دیا | نیکی (سے) | برائی کے بعد | تو بے شک میں | بہت بخشنے والا | بہت رحم کرنے والا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَدۡخِلۡ ⑦ | يَدَكَ ② | فِىۡ جَيۡبِكَ | تَخۡرُجۡ ③ | بَيۡضَآءَ ③ |
| اور | تو داخل کر | اپنا ہاتھ | اپنے گریبان میں | وہ نکلے گا | سفید |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مِنۡ غَيۡرِ سُوۡٓءٍ | فِىۡ تِسۡعِ اٰيٰتٍ ③ | اِلٰى فِرۡعَوۡنَ | وَ | قَوۡمِهٖ |
| بغیر کسی بیماری کے | نو معجزوں میں | فرعون کی طرف | اور | اس کی قوم |

## ضروری وضاحت

①اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ ہوتا ہے۔②اسم کے بعد كَ کا ترجمہ تیرا، تیری، تیرے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔③ ة، آء، ات مؤنث کی علامتیں ہیں، انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔④ لَمۡ کے بعد يَ کا ترجمہ عموماً اس نے کیا جاتا ہے۔⑤لَا کے بعد فعل کے آخر میں سکون ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔⑥لَا کے بعد فعل کے آخر میں پیش ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔⑦فعل کے شروع میں أ اور آخر میں سکون ہو تو اس فعل میں کام کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| إِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿12﴾ | بے شک وہ نافرمان لوگ ہیں۔ ﴿12﴾ |
| فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا | پھر جب آئیں انکے پاس ہماری نشانیاں (یعنی معجزات) |
| مُبْصِرَةً قَالُوْا | آنکھیں کھول دینے والی (تو) انہوں نے کہا |
| هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿13﴾ وَجَحَدُوْا | یہ (تو) واضح جادو ہے۔ ﴿13﴾ اور انہوں نے انکار کیا |
| بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ | انکا حالانکہ یقین کر چکے تھے انکا ان کے دل |
| ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ؕ فَانْظُرْ | ظلم اور تکبر کی وجہ سے (انکار کیا)، پس دیکھیے |
| كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿14﴾ | کیسا ہوا انجام فساد کرنے والوں کا۔ ﴿14﴾ ع 1 14 16 |
| وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ | اور بلاشبہ ہم نے دیا داوٗدؑ اور سلیمانؑ کو ایک علم |
| وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ | اور ان دونوں نے کہا سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے |
| الَّذِيْ فَضَّلَنَا | جس نے فضیلت دی ہمیں |
| عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿15﴾ | اپنے مومن بندوں میں سے اکثر پر۔ ﴿15﴾ |
| وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ | اور وارث بنے سلیمانؑ داوٗدؑ کے اور اس نے کہا |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

فٰسِقِيْنَ : فسق و فجور، فاسق فاجر۔
مُبْصِرَةً : بصر، بصارت، بصیرت۔
قَالُوْا : قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔
هٰذَا : حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔
سِحْرٌ : سحر، ساحر، سحر بیانی، مسحور کن آواز۔
مُّبِيْنٌ : بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔
وَ : لیل و نہار، رحم و کرم، شان و شوکت۔
اسْتَيْقَنَتْهَا : یقین، یقیناً، یقینی طور پر۔

اَنْفُسُهُمْ : نفس، نفسا نفسی، نظام تنفس۔
عَاقِبَةُ : عالم عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔
الْمُفْسِدِيْنَ : فساد، فسادی، مفسد، فاسد مادہ۔
فَضَّلَنَا : فضل، فضیلت، فاضل، افضل۔
عَلٰى : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔
مِّنْ : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔
عِبَادِهِ : عابد، عبادت، معبود۔
وَرِثَ : وارث، وراثت، ورثا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهُمْ | كَانُوْا | قَوْمًا ① | فٰسِقِيْنَ ﴿12﴾ | فَلَمَّا | جَآءَتْهُمْ ② |
| بے شک وہ | سب ہیں | لوگ | سب نافرمان | پھر جب | آئیں ان کے پاس |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اٰيٰتُنَا | مُبْصِرَةً ②③ | قَالُوْا | هٰذَا | سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿13﴾ | وَ |
| ہماری نشانیاں | آنکھیں کھول دینے والی | ان سب نے کہا | یہ | واضح جادو | اور |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جَحَدُوْا | بِهَا | وَ | اسْتَيْقَنَتْهَآ ② | اَنْفُسُهُمْ | ظُلْمًا |
| ان سب نے انکار کیا | ان کا | حالانکہ | یقین کرچکے تھے انکا | ان کے دل | ظلم |

ع 1/14/16

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | عُلُوًّا | فَانْظُرْ | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ ② | الْمُفْسِدِيْنَ ③ ﴿14﴾ |
| اور | تکبر | پس آپ دیکھیے | کیسا | ہوا | انجام | فساد کرنے والوں کا |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَقَدْ ④ | اٰتَيْنَا ⑤ | دَاوٗدَ | وَ | سُلَيْمٰنَ | عِلْمًا ⑥ | وَ |
| اور | بلاشبہ یقیناً | ہم نے دیا | داؤدؑ | اور | سلیمانؑ (کو) | ایک علم | اور |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قَالَا ⑦ | الْحَمْدُ | لِلّٰهِ | الَّذِيْ | فَضَّلَنَا ⑤ | عَلٰى كَثِيْرٍ |
| ان دونوں نے کہا | سب تعریف | اللہ ہی کے لیے | جس نے | فضیلت دی ہمیں | اکثر پر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿15﴾ | وَ | وَرِثَ | سُلَيْمٰنُ ⑧ | دَاوٗدَ | وَقَالَ |
| اپنے سب مومن بندوں میں سے | اور | وارث بنے | سلیمانؑ | داؤدؑ (کے) | اور اس نے کہا |

## ضروری وضاحت

① قَوْمًا لفظاً واحد ہے اور معنیً جمع ہے اسلیے اسکے بعد فٰسِقِيْنَ جمع آیا ہے۔ ② ة اور تْ مؤنث کی علامتیں ہیں انکا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔ ③ شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنیوالے کا مفہوم ہے۔ ④ لَ اور قَدْ دونوں تاکید کی علامتیں ہیں۔ ⑤ فعل کیساتھ نَا سے پہلے اگر سکون ہوتو ترجمہ ہم نے اور اگر نَا سے پہلے زبر ہوتو ترجمہ ہمیں کیا جاتا ہے۔ ⑥ ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔ ⑦ فعل کے آخر میں "ا" میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔ ⑧ فعل کے بعد پیش والا اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ | اے لوگو ہمیں سکھلائی گئی ہے پرندوں کی بولی |
| وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ | اور ہمیں دیا گیا ہے (حصہ ضرورت کی) ہر چیز سے |
| اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ﴿16﴾ | بے شک یہ یقیناً یہی واضح فضل ہے۔ ﴿16﴾ |
| وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ | اور اکٹھے کیے گئے سلیمانؑ کے لیے اس کے لشکر |
| مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ | (جو) جنوں سے اور انسانوں اور پرندوں (سے تھے) |
| فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿17﴾ | پھر وہ الگ الگ تقسیم کیے جاتے تھے۔ ﴿17﴾ |
| حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ | یہاں تک کہ جب وہ آئے چیونٹیوں کی وادی پر |
| قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ | کہا ایک چیونٹی نے اے چیونٹیو |
| ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ | تم داخل ہو جاؤ اپنے گھروں (بلوں) میں |
| لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ | (کہیں) ہرگز کچل نہ دیں تمہیں سلیمان اور اس کا لشکر |
| وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿18﴾ | اس حال میں کہ وہ شعور نہ رکھتے ہوں۔ ﴿18﴾ |
| فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا | تو وہ مسکرایا ہنستے ہوئے اس (چیونٹی) کی بات پر |

قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| النَّاسُ | عوام الناس۔ | الْاِنْسِ | جنّ وانس، انسان، انسانیت۔ |
| عُلِّمْنَا | علم، عالم، معلوم، تعلیم، معلومات۔ | حَتّٰۤى | حتی کہ، حتی الامکان، حتی الوسعت۔ |
| مَنْطِقَ | نطق، حیوان ناطق، ناطقہ بند کرنا۔ | ادْخُلُوْا | دخل، داخل، دخول، مدخل۔ |
| الطَّيْرِ | طائر، طیارہ، اے طائر لاہوتی۔ | مَسٰكِنَكُمْ | ساکن، سکون، مسکن، سکنہ۔ |
| مِنْ | منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ | يَشْعُرُوْنَ | عقل وشعور، لاشعور، شعوری طور پر۔ |
| هٰذَا | حامل رقعہ ہذا، لہٰذا، ہذا من فضل ربی۔ | فَتَبَسَّمَ | تبسم۔ |
| الْمُبِيْنُ | بیان، دلیل بین، مبینہ طور پر۔ | ضَاحِكًا | تضحیک، مضحکہ خیز۔ |
| حُشِرَ | حشر، محشر، حشر نشر۔ | قَوْلِهَا | قول، اقوال، مقولہ، اقوال زریں۔ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَاَيُّهَا ① | النَّاسُ | عُلِّمْنَا ② | مَنْطِقَ الطَّيْرِ | وَ | اُوْتِيْنَا ② |
| اے | لوگو | ہم سکھلائے گئے | پرندوں کی بولی | اور | ہم دیئے گئے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ط | اِنَّ | هٰذَا | لَهُوَ الْفَضْلُ ③ | الْمُبِيْنُ (16) | وَحُشِرَ ② |
| ہر چیز سے | بیشک | یہ | یقیناً یہی فضل | واضح | اور اکٹھے کیے گئے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لِسُلَيْمٰنَ | جُنُوْدُهٗ | مِنَ الْجِنِّ | وَ | الْاِنْسِ | وَالطَّيْرِ |
| سلیمانؑ کے لیے | اس کے لشکر | جنوں سے | اور | انسانوں | اور پرندوں |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَهُمْ | يُوْزَعُوْنَ ④ (17) | حَتّٰٓى | اِذَآ | اَتَوْا | عَلٰى وَادِ النَّمْلِ لا |
| پھر وہ | وہ سب الگ الگ تقسیم کیے جاتے تھے | حتی کہ | جب | وہ سب آئے | چیونٹیوں کی وادی پر |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قَالَتْ ⑤ | نَمْلَةٌ ⑤ | يّٰٓاَيُّهَا ① | النَّمْلُ | ادْخُلُوْا | مَسٰكِنَكُمْ ج |
| کہا | ایک چیونٹی (نے) | اے | چیونٹیو | تم سب داخل ہو جاؤ | اپنے گھروں (میں) |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَا يَحْطِمَنَّكُمْ ⑥ | سُلَيْمٰنُ ⑦ | وَ | جُنُوْدُهٗ لا | وَ | هُمْ |
| ہرگز کچل نہ دیں تمہیں | سلیمان | اور | اس کا لشکر | اس حال میں کہ | وہ سب |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| لَا | يَشْعُرُوْنَ ⑧ (18) | فَتَبَسَّمَ | ضَاحِكًا | مِّنْ قَوْلِهَا |
| نہ | وہ سب شعور رکھتے ہوں | تو وہ مسکرایا | ہنستے ہوئے | اس کی بات سے |

**ضروری وضاحت**

①یا اور اَیُّھَا دونوں کا ملا کر ترجمہ اے ہے اَیُّھَا کے بعد ہمیشہ اَلْ ہوتا ہے۔②فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔③ ھُوَ کے بعد اَلْ کا ترجمہ وہی ہوتا ہے ضرورتاً یہاں یہی کیا گیا ہے۔④یہ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔⑤ۃ اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔⑥نّ تاکید کی علامت ہے۔⑦فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔⑧لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ ہو تو اس میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

| | |
|---|---|
| وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْۤ | اور کہا اے میرے رب توفیق دے مجھے |
| اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْۤ | کہ میں شکر کروں تیری (اس) نعمت کا جو |
| اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ | تو نے انعام کی مجھ پر اور میرے والدین پر |
| وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ | اور یہ کہ میں عمل کروں نیک (کہ) تو پسند کرے اسے |
| وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ | اور داخل فرما مجھے اپنی رحمت سے |
| فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿19﴾ | اپنے نیک بندوں میں۔ ﴿19﴾ |
| وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ | اور اس نے جائزہ لیا پرندوں کا تو کہا |
| مَا لِيَ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ ۖؗ | کیا ہے مجھے (کہ) میں نہیں دیکھتا ہدہد کو |
| اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِيْنَ ﴿20﴾ | یا (واقعی) وہ غائب ہونے والوں میں سے ہے۔ ﴿20﴾ |
| لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيْدًا | ضرور بالضرور میں سزا دوں گا اسے سخت سزا |
| اَوْ لَاَاذْبَحَنَّهٗۤ اَوْ | یا ضرور بالضرور میں ذبح کر دوں گا اسے یا |
| لَيَاْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿21﴾ | وہ ضرور بالضرور لائے گا میرے پاس کوئی واضح دلیل۔ ﴿21﴾ |

## قرآنی الفاظ کے اردو میں استعمال کی وضاحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَشْكُرَ | : شکر، شاکر، اظہار تشکر، شکر گزار۔ | الطَّيْرَ | : طائر، طیارہ، اے طائر لاہوتی۔ |
| نِعْمَتَكَ | : نعمت، انعام، منعم حقیقی۔ | اَرَى | : رؤیت ہلال، رؤیت باری تعالیٰ۔ |
| عَلَيَّ | : علیحدہ، علی الاعلان، علی العموم۔ | مِنَ | : منجانب، من وعن، من حیث القوم۔ |
| اَعْمَلَ | : عمل، عامل، معمول، تعمیل، معمولات۔ | الْغَآئِبِيْنَ | : غائب۔ |
| تَرْضٰىهُ | : راضی، رضا، مرضی، رضائے الٰہی۔ | لَاُعَذِّبَنَّهٗ | : عذاب الٰہی۔ |
| اَدْخِلْنِيْ | : داخل، دخول، مداخلت، وزیر داخلہ۔ | شَدِيْدًا | : شدید، شدت، تشدد۔ |
| فِيْ | : فی الحال، فی الفور، فی الحقیقت۔ | لَاَاذْبَحَنَّهٗ | : ذبح خانہ، ذبیحہ، مذبوحہ۔ |
| عِبَادِكَ | : عابد، عبادت، معبود۔ | مُّبِيْنٍ | : بیان، بیّن دلیل، مبینہ طور پر۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | رَبِّ [1] | اَوْزِعْنِيْٓ [2] | اَنْ | اَشْكُرَ | نِعْمَتَكَ |
| اور | اس نے کہا | (اے میرے) رب | توفیق دے مجھے | کہ | میں شکر کروں | تیری نعمت |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّتِيْٓ | اَنْعَمْتَ | عَلَيَّ [3] | وَ | عَلٰى وَالِدَيَّ [4] | وَ | اَنْ |
| جو | تو نے انعام کی | مجھ پر | اور | میرے والدین پر | اور | یہ کہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَعْمَلَ | صَالِحًا | تَرْضٰىهُ | وَ | اَدْخِلْنِيْ [2] | بِرَحْمَتِكَ |
| میں عمل کروں | نیک | تو پسند کرے اسے | اور | تو داخل فرما مجھے | اپنی رحمت سے |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
